★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداداللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 29 شعبان المعظم 1446ھ، 28 فروری 2025ء، 16 پھاگن 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 126

ایوان صدر میں 13 وزرا، 11 وزرائے مملکت نے حلف اٹھالیا، 3 مشیر بھی شامل

وفاقی کابینہ میں نئے وزرا کو شامل کرلیا گیا، اراکین نے حلف اٹھالیا، حلف برداری کی تقریب ایوان صدر میں منعقد ہوئی، صدر مملکت آصف علی زرداری نے نئے اراکین سے حلف لیا

حنیف عباسی، معین وٹو، مصطفیٰ کمال، سردار یوسف، اورنگزیب کھچی، رانا مبشر، رضا حیات ہراج اور طارق فضل چوہدری، علی پرویز ملک، شزا فاطمہ، جنید انور، خالد مگسی ودیگر نے بطور وفاقی وزیر حلف اٹھالیا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک)وفاقی کابینہ میں شامل نئے اراکین نے حلف اٹھالیا۔ وفاقی کابینہ میں نئے وزرا کو شامل کرلیا گیا، اراکین نے حلف اٹھالیا۔ حلف برداری کی تقریب ایوان صدر میں منعقد ہوئی، صدر مملکت آصف علی زرداری نے نئے اراکین سے حلف لیا۔ تقریب میں حلف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)


اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری نئے وفاقی وزرا سے حلف لے رہے ہیں

پی پی سے اتحاد قائم رکھنا ان کی اور ہماری مجبوری ہے، رانا ثناء اللہ

حکومت کی ایک سال کی کارکردگی ہر لحاظ سے بہتر ہے، ہم ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں، جمہوریت ڈائیلاگ سے ہی آگے بڑھتی ہے

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی سے اتحاد قائم رکھنا ان کی اور ہماری مجبوری ہے، ہمارے اپنے ارکان کو بھی گلے شکوے رہتے ہیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی پی کو پتہ ہے کہ نہ ہمارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

ملکی معیشت درست سمت میں چل پڑی، کرنسی مستحکم اور مہنگائی کم ہوئی ہے، وزیر خزانہ

پاکستان استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے، آنے والے بجٹ سے پہلے مشاورت کیلئے خیبرپختونخوا اور دیگر صوبوں کے دورے کر رہے ہیں' محمد اورنگزیب، انٹرویو

خیبرپختونخوا کی معیشت کو بہتر بنانے کیلئے تجاویز زیرغور ہیں، آنے والے بجٹ سے پہلے مشاورت کیلئے خیبرپختونخوا اور دیگر صوبوں کے دورے کر رہے ہیں

پشاور(این این آئی)وفاقی وزیرخزانہ وسینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت درست سمت میں چل پڑی ہے، پی آئی اے کی نجکاری دوسری بار کی جا رہی ہے جبکہ کرپٹو کرنسی کیلئے کونسل بنانے پر مشاورت جاری ہے۔ ایک انٹرویو وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان استحکام کی جانب بڑھ رہا ہے، کرنسی مستحکم، مہنگائی کم اور فارن ایکسچینج ٹھیک ہو رہے ہیں، معیشت کو(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر10)

آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت حوالگی تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی ممکن ہوگی، سپریم کورٹ

جمرات کو سپریم کورٹ میں جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بنچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کی

راولپنڈی اور لاہور کی عدالتوں کے حکم ناموں کے الفاظ بالکل ایک جیسے ہیں، لگتا انسداد دہشتگردی عدالتوں کے ججز کی انگریزی کے کافی مسائل ہیں، فوجی عدالتوں بارے کیس میں ریمارکس

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ نے فوجی عدالتوں بارے کیس میں ریمارکس دیئے ہیں کہ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت حوالگی تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی ممکن ہوگی، راولپنڈی اور لاہور کی عدالتوں کے حکم ناموں کے الفاظ بالکل ایک جیسے ہیں، لگتا انسداد دہشتگردی عدالتوں کے ججز کی انگریزی کے کافی مسائل ہیں۔ جمرات کو سپریم کورٹ میں جسٹس امین الدین خان کی سربراہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر9)

پاکستان اور متحدہ عرب امارات میں اہم معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ میں پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، وزیراعظم کا آپریشن سوئفٹ ریٹارٹ کے چھ برس گزرنے کے موقع پر افواج پاکستان کی جرات و بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربانی کے جذبے پر خراج تحسین

پاکستان میں اپنے سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو کو وسعت دینے کے حوالے سے متحدہ عرب امارات کی گہری دلچسپی کی تعریف کی۔ ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان بینکنگ، کان کنی، ریلویز اور انفرااسٹرکچر کے شعبوں میں تعاون بڑھانے سے متعلق ایم او یوز اور معاہدوں پر دستخط ہوگئے۔ وزیراعظم سے ابوظہبی کے ولی عہد اور ابوظہبی ایگزیکٹو کونسل کے چیئرمین شیخ خالد بن محمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید النہیان ملاقات کر رہے ہیں

عظمیٰ بخاری کی پی ایف یو جے کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

عظمیٰ بخاری کی صدر افضل بٹ اور سیکرٹری جنرل ارشد انصاری کو مبارکباد

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے پی ایف یو جے کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی۔ انہوں نے صدر افضل بٹ اور سیکرٹری جنرل ارشد انصاری کو ان کی کامیابی پر خصوصی مبارکباد پیش کی۔ عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان میں کہا کہ پی ایف یو جے نے آزادی صحافت اور صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کی جدوجہد میں ہمیشہ مرکزی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

صحافیوں کو پلاٹس کی فراہمی پر تیزی سے کام ہو رہا ہے' عظمیٰ بخاری

وزیر اطلاعات پنجاب کی پی ایف یو جے کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے پی ایف یو جے کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے صدر افضل بٹ اور سیکرٹری جنرل ارشد انصاری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پی ایف یو جے کا آزادی صحافت اور صحافیوں کے جدوجہد میں مرکزی رول ہے، پنجاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات نہ کرانے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات نہ کرانے کا اقدام لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ جماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)



اسلام آباد: وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر 9 بڑے شہروں میں پلاسٹک لائسنس رجسٹریشن ڈیسک قائم

ملتان اور بہاولپور میں ڈیسک 4 اور 5 مارچ کو فنکشنل، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد 7 اور 11 مارچ، جھنگ، راولپنڈی میں 12 اور 15 مارچ سے سنٹر فنکشنل ہونگے

لاہور(سمیعہ فیاض)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف کی ہدایت پر صوبے کے نو بڑے شہروں میں پلاسٹک لائسنس رجسٹریشن ڈیسک قائم کر دیئے گئے۔ پنجاب کو زیرو پلاسٹک صوبہ بنانے کیلئے پلاسٹک مینوفیکچررز، ریسائیکلرز ٹریڈرز اور سیلرز کی آن لائن رجسٹریشن شروع(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

لاہور: گورنر پنجاب/چانسلر سردار سلیم حیدر خان گورنر ہاؤس لاہور میں پہلی وائس چانسلرز کانفرنس کے موقع پر پنجاب کی جامعات کے وائس چانسلرز کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک صدام حسین کھوکھر پنجاب رمضان بازار کے فوکل پرسن مقرر

لاہور (این این آئی) ملک صدام حسین کھوکھر کو پنجاب رمضان بازار کا فوکل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

تشہیر پر سرکاری خزانے کا استعمال: گورنر، وزیر اعلیٰ پنجاب سمیت دیگر کو قانونی مراسلہ ارسال

اسلام آباد(این این آئی) سیاستدانوں کی تشہیر پر سرکاری خزانے کا بیدریغ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

پرویز الہی کو احتساب عدالت سے بڑا ریلیف مل گیا

گجرات ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن اور کک بیکس ریفرنس پر سماعت ہوئی

لاہور(این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الہی کو احتساب عدالت لاہور سے بڑا ریلیف مل گیا۔ گجرات ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن اور کک بیکس ریفرنس پر احتساب عدالت نے پرویز الہی کو حاضری سے مستقل استثنا دے دیا۔ عدالت نے پرویز الہی کی جگہ حاضری کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر11)

لیبیا کشتی حادثے میں جاں بحق 6 پاکستانیوں کی میتیں وطن واپس پہنچ گئیں

وفاقی وزیر ہاؤسنگ ریاض حسین پیرزادہ نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر میتیں وصول کیں

اسلام آباد(این این آئی) لیبیا کشتی حادثے میں جاں بحق ہونے والے 6 پاکستانیوں کی میتیں وطن واپس پہنچ گئیں۔ وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

زرتاج گل وزیر کی اپنے اور عمران خان کیلئے عمرے کی ادائیگی

اپنے شوہر ہمایوں رضا خان اخوند و بیٹی کے ساتھ تصاویر شیئر کرتے ہوئے اللہ کا شکر ادا کیا

مکہ مکرمہ(این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کی رہنما، سابقہ وفاقی وزیر زرتاج گل وزیر نے عمرے کی سعادت حاصل کر لی۔ زرتاج گل نے اپنے انسٹا گرام اکاؤنٹ پر مسجد الحرام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر15)

اپوزیشن اتحاد کا حصہ نہیں بطور مندوب اجلاس میں شرکت کی، JUI

جے یو آئی نے بطور جماعت اپوزیشن جماعتوں کے اعلامیے پر دستخط نہیں کیے، ہم کسی کے بنائے ہوئے اتحاد میں شامل نہیں ہیں: ترجمان

ہم اپوزیشن اتحاد کا حصہ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے مندوب کے طور پر اجلاس میں شرکت کی ہے، ہمیں ذاتی حیثیت میں بلایا گیا تھا

اسلام آباد(این این آئی) جے یو آئی (ف) نے واضح کیا ہے کہ ہم اپوزیشن اتحاد کا حصہ نہیں، بطور مندوب اجلاس میں شرکت کی، اعلامیے پر ہم نے دستخط نہیں کیے۔ اپوزیشن قومی کانفرنس میں شرکت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ ہم اپوزیشن اتحاد کا حصہ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے مندوب کے طور پر اجلاس میں شرکت کی ہے، ہمیں ذاتی حیثیت میں بلایا گیا تھا۔ بعد ازاں جے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

بانی ملنا چاہتے تھے ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی، عمر ایوب

بانی پی ٹی آئی نے مجھ سمیت 6 پارٹی رہنماؤں جنید اکبر، صاحبزادہ حامد رضا، کنول شوزب، تیمور جھگڑا سے ملنا چاہتے تھے: اپوزیشن لیڈر

جیل ٹرائل کی سماعتوں کی لمبی تاریخیں ڈالی جارہی ہیں، چیف جسٹس سے ملاقات ہوئی تھی ان کے سامنے ساری صورت حال رکھی تھی

راولپنڈی (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ بانی ملنا چاہتے تھے، ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی۔ راولپنڈی میں اڈیالا جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے مجھ سمیت 6 پارٹی رہنماؤں جنید اکبر، صاحبزادہ حامد رضا، کنول شوزب، تیمور جھگڑا سے ملنا چاہتے تھے مگر ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ جیل ٹرائل کی سماعتوں کی لمبی تاریخیں ڈالی جا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں خوشحالی فیلوشپ کے لیٹر تقسیم کر رہے ہیں

وزارت تخفیف غربت وسماجی تحفظ کی جانب سے سال 2025 کے لیے زکوۃ کا نصاب جاری

لاہور (این این آئی) وفاقی وزارت تخفیف غربت وسماجی تحفظ نے سال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

خیبر پختونخوا حکومت کا امسال بھی رمضان اور عید پیکیج دینے کا اعلان

ہر مستحق خاندان کو 10 ہزار امداد، مستحق خاندانوں کو امدادی پیکیج فراہم کیا جائے گا' بیرسٹر سیف

پشاور(این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے رواں سال بھی رمضان اور عید پیکیج دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس حوالے سے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے امسال بھی رمضان اور عید پیکیج دینے کا فیصلہ کیا ہے، یہ پیکیج صوبے کے مستحق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

سعودی عرب کی شام کے علاقوں پر قابض اسرائیلی بمباری کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت خارجہ نے برادر عرب جمہوریہ شام کے متعدد علاقوں پر قابض اسرائیلی فوج کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

16 ممالک کے مزید 57 مسافر کراچی میں آف لوڈ

سعودی عرب، نائجیریا، صومالی لینڈ اور آذربائیجان کے ورک ویزوں کے مسافر بھی آف لوڈ کیے گئے

کراچی(این این آئی) برطانیہ، اٹلی اور سعودی عرب سمیت 16 ممالک کے مزید 57 مسافروں کو کراچی میں آف لوڈ کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ہوٹل بکنگ نہ ہونے اور اخراجات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

پاک جاپان انسداد دہشتگردی مشاورت کا چوتھا دور

دونوں ممالک نے استعداد کار بڑھانے اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی حل تلاش کرنے پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد(این این آئی) پاک جاپان انسداد دہشتگردی مشاورت کا چوتھا دور ٹوکیو میں منعقد ہوا جس میں پاکستانی وفد کی قیادت ایڈیشنل سیکریٹری اقوام متحدہ نبیل منیر نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

اب موٹروے پر تیز رفتاری پر جرمانے کے ساتھ گاڑی بھی بند ہوگی

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس نے تیز رفتاری کے خلاف خصوصی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

16ویں قومی اسمبلی کا پہلا پارلیمانی سال مکمل، 26ویں ترمیم سمیت 47 قوانین منظور

اسلام آباد(این این آئی) 144 دن پر مشتمل 16ویں قومی اسمبلی کا پہلا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

فیصل آباد: سیکرٹری صحت پنجاب عظمت سعید الائیڈ ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں، کمشنر فیصل آباد مریم خان بھی موجود ہیں

مفت علاج ہر مریض بچے کا حق، ریاست اپنا فرض نبھائے گی، خواجہ سلمان

بچوں کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں، آئندہ ایک سال میں دل میں سوراخ بچوں کی سرجری 3 سے بڑھا کر 6 ہزار کر دی جائیگی

پبلک سیکٹر ہسپتالوں میں کپیسٹی بلڈنگ کو بہتر کیا جا رہا ہے' وزیر صحت پنجاب کا فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت کی ایف آئی سی میں بچوں کی کارڈیک سرجری کرنے والے یو کے کے ڈاکٹرز سے ملاقات ہوئی۔ یو کے کے ڈاکٹرز ڈاکٹر سندیپ، ڈاکٹر عمر عزیز اور ڈاکٹر عمران سعید نے ایف آئی سی میں اب تک 7 بچوں کی کارڈیک سرجری مکمل کر لی ہے۔ اس موقع پر چیئرمین وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین کو ڈی جی پھاٹا سکندر ذیشان اپنی چھت اپنا گھر سکیم بارے بریفنگ دے رہے ہیں

نااہلی سے متعلق کیس، الیکشن کمیشن کی جمشید دستی کو جواب جمع کروانے کی ہدایت

جمشید دستی کیخلاف اثاثہ جات میں غلط بیانی پر نااہلی کی درخواستیں دائر کی گئی ہیں

اسلام آباد(این این آئی) الیکشن کمیشن میں پاکستان تحریک انصاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

حماس سمجھتی ہے لاشیں حوالے کر کے ہم پر احسان کر رہی ہے، ٹرمپ

تل ابیب (این این آئی) انیس جنوری کو غزہ کی پٹی میں نافذ ہونے والے جنگ بندی کے معاہدے کے پہلے مرحلے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق ایف آئی سی فیصل آباد میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

تمام مالیاتی ادارے زکوۃ کٹوتی کیلئے یکم رمضان کو بند رہیں گے

لاہور(این این آئی)اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ زکوۃ کی کٹوتی کے مقصد کے لیے تمام بینک اور مالیاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

imtiaz
PRESIDENT
CHIEF GUEST
لاہور: ویتنام کے سفیر آنہ توان کے دورہ لاہور کے موقع پر صدر میاں ابوذر شاہ خطاب کر رہے ہیں

تین اہم نیوز ایجنسیوں کی میڈیا کوریج پر وائٹ ہاؤس کے کنٹرول کی مذمت

واشنگٹن (این این آئی) ایسوسی ایٹڈ پریس، بلومبرگ نیوز اور رائٹرز نے وائٹ ہاؤس کے کچھ میڈیا اداروں کی امریکی صدر تک رسائی کو محدود کرنے کے فیصلے کی مذمت کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایسوسی ایٹڈ پریس اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

9 مئی مقدمات' چالان کی نقول جمع نہ ہونے پر تفتیشی افسران کی سرزنش

سماعت میں شیخ رشید احمد اور فیاض الحسن چوہان عدالت پیش ہوئے' دیگر ملزمان کی بڑی تعداد غیر حاضر

راولپنڈی (این این آئی) 9 مئی کے 13 مقدمات کے سلسلے میں چالان کی نقول جمع نہ ہونے پر عدالت نے تفتیشی افسران کی سرزنش کر دی۔ سانحہ 9 مئی کے 13 مقدمات کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی جس میں تمام کیسز میں نامزد 429 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

گورنر سندھ نے فیصل آباد کے نوجوان کو ملاقات کیلئے بلالیا

عثمان چنیوٹی نے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے ملاقات کی شدید خواہش کی تھی

کراچی(این این آئی) گورنر سندھ کے ''امید کی گھنٹی'' انیشیٹو کی گونج فیصل آباد تک پہنچ گئی، کامران خان ٹیسوری نے فیصل آباد کے نوجوان عثمان چنیوٹی کی پکار سن لی، ملاقات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر26)

کانفرنس کیلئے اپوزیشن جماعتوں کے قائدین گیٹ پھلانگ کر ہوٹل میں داخل

اندر داخل ہونے والوں نے ہوٹل کا بڑا گیٹ کھولا جس سے تمام لوگ اندر داخل ہو گئے

اسلام آباد(این این آئی) اپوزیشن اتحاد قومی کانفرنس کے لیے اپوزیشن جماعتوں کے قائدین گیٹ پھلانگ کر ہوٹل میں داخل ہو گئے۔ کانفرنس کے چند شرکاء واک تھرو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)

لاہور: وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین، چیئرمین جنید افضل ساہی کی زیرصدارت قائمہ کمیٹی برائے صنعت وتجارت کے اجلاس میں شریک ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

یو ای ٹی لاہور الیکٹریکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی تعمیر نو عمارت کا افتتاح کر دیا گیا

الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ کے ایلومینائی نے تعمیر نو کیلئے 66 ملین کی خطیر رقم عطیہ کی

لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی لاہور کے مین کیمپس میں موجود الیکٹریکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کی پرانی عمارت کی تزئین و آرائش کا عمل مکمل ہوگیا۔ ڈیپارٹمنٹ کے کلاس رومز، دفاتر اور لابیز کی تزئین و آرائش پر تمام اخراجات ڈیپارٹمنٹ کے ایلومینائز نے اٹھائے۔ یو ای ٹی ایلومینائز نے 66 ملین روپے کی خطیر رقم ڈیپارٹمنٹ کیلئے عطیہ کی۔ نئی تعمیر شدہ عمارت کی افتتاحی تقریب میں وائس چانسلر یو ای ٹی لاہور پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر سمیت، ڈینز، چیرمین اور فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔ ڈاکٹر شاہد منیر نے تعمیر نو کے بعد الیکٹریکل ڈیپارٹمنٹ کا افتتاح کر دیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے سابق طلباء کا ان کے فراخدلانہ عطیات پر شکریہ ادا کیا اور شعبہ الیکٹریکل انجینئرنگ کی اپ گریڈیشن کے لئے اپنے سابق طلباء کو جوڑنے پر چیئرمین الیکٹریکل انجینئرنگ پروفیسر ڈاکٹر اصغر ثاقب، ڈین پروفیسر ڈاکٹر محمد شعیب اور ڈاکٹر سلمان فخر کی کوششوں کو سراہا۔ انکا کہنا تھا کہ باقی ڈیپارٹمنٹس کو بھی چاہیے کہ ڈونیشن کلچر کو پروان چڑھائیں تاکہ طلباء کو بہترین انفراسٹرکچر، جدید آلات سے مزین لیبارٹریز اور سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

شہر میں چوری ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ستوکتلہ میں اویس سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون، باغبانپورہ میں وجاہت سے 1 لاکھ 20 روپے اور موبائل فون، گڑھی شاہو میں وسیم سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، شاہدرہ ٹاؤن میں عبدالغنی سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے موبائل فون، اکبری گیٹ میں شاہ زیب سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔

سانده پولیس نے ہیروئن کی بڑی ترسیل ناکام بنا کر منشیات فروش کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سانده پولیس نے ہیروئن کی بڑی ترسیل ناکام بنا کر منشیات فروش کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او سانده رضوان خان نے کاروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی منشیات فروش لنڈی کوتل خیبر ایجنسی سے لاہور ہیروئن دینے آنے والے ملزم اسرار اللہ خان کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کی 05 کلوگرام ہیروئن برآمد کر کے مقدمہ درج کر کے اسے مزید تفتیش کے لیے انوسٹیگیشن پولیس کے حوالے کر دیا۔

MOU
SIGNING CEREMONY
POWERING PESHAWAR ZALMI

ڈائریکٹر نیو ایچ کیبل المان جلیل اعظم سی ای او پشاور زلمی عباس لئیق ایم او یو کر رہے ہیں اس موقع پر عامر اعظم عدنان جلیل اعظم ایاز عامر اعظم اور علی عامر اعظم کا گروپ فوٹو

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت انسداد کرائم جائزہ اجلاس

آئی جی پنجاب نے ملتان اور ساہیوال ریجنز میں کرائم کنٹرول، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت انسداد کرائم جائزہ اجلاس سنٹرل پولیس آفس لاہور میں منعقد ہوا۔ آئی جی پنجاب نے ملتان اور ساہیوال ریجنز میں کرائم کنٹرول، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ پنجاب محمد کامران خان، آر پی او ملتان کیپٹن (ر) سہیل چوہدری، آر پی او ساہیوال محبوب رشید اور متعلقہ اضلاع کے ڈی پی اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ آئی جی پنجاب نے دونوں ریجنز میں تکمیل چالان اور اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کی شرح پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر عثمان انور نے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سنگین جرائم کے عادی مجرمان کو اشتہاری کیٹیگری میں شامل کر کے گرفتاری یقینی بنائیں۔ ایف آئی آرز کی رجسٹریشن، تفتیش، چالاننگ تک ٹائم لائن اور ایس او پیز پر مکمل درآمد بھی یقینی بنائیں۔ بلائنڈ مرڈر، ڈکیتی قتل و ریپ، اغوا برائے تاوان، خواتین اور بچوں کے اغوا کے کیسز پر فوکس کریں۔ خواتین سے زیادتی کے کیسز کی انویسٹی گیشن ایس ایس او آئی یو (SSOIU) کا ماہر افسر کرے۔ اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت گنہگار مجرمان کا ڈیٹا رجسٹر کر کے مسلسل مانیٹرنگ کریں۔ آر پی اوز ڈی پی اوز انویسٹی گیشن افسران کے ساتھ بیٹھکیں اور اشتہاریوں کی گرفتاری کی ٹاسک لسٹ تشکیل دے کر فالو اپ لیں۔ ورچوئل وویمن پولیس سٹیشنز، 1787 اور دیگر کمپلینٹ پورٹلز پر شکایات کے ازالے کی خود مانیٹرنگ کریں۔ نقب زنی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں پر ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز خود جائے وقوعہ پر پہنچیں، آئی جی پنجاب نے مزید کہا موٹر سائیکل عام شہری کی سواری ہے اور چوری شدہ موٹر سائیکلز کی ریکوری کی شرح بڑھانے کے اقدامات کریں۔ خواتین کو انصاف کی فراہمی کے لئے وزیر اعلی پنجاب کے فلیگ شپ پراجیکٹ ورچوئل وویمن پولیس سٹیشنز کی کارکردگی شاندار ہے۔ آر پی اوز، ڈی پی اوز دادرسی کے لئے 1787 کمپلینٹ سنٹر پر مدعیان اور سائلین سے خود رابطہ کریں۔

THANK YOU
SUPER CM

لاہور: صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زماں اے پی ایس شہداء سکول ماڈل ٹاؤن میں منعقدہ تقریب کے دوران سٹیم مقابلہ جات میں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلباء کو لیپ ٹاپس سے نواز رہے ہیں

پنجاب میں ریکارڈ تعلیمی اصلاحات کا پہلا سال مکمل، نئے سال کے لیے انرولمنٹ مہم کا آغاز

وزیر تعلیم اور چیف سیکرٹری کی اے پی ایس شہدا اسکول ماڈل ٹاؤن میں منعقد تقریب میں شرکت، سٹیم مقابلہ جات میں شاندار کارکردگی دکھانے والے طلبا کو لیپ ٹاپس سے نوازا

وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں تعلیمی انقلاب کی بنیاد رکھ دی، آنیوالے سالوں میں اس بنیاد کو مزید مضبوط کیا جائے گا۔ رانا سکندر حیات

شعبہ تعلیم کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہے ہیں، طلبا کو بہترین وسائل فراہم کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔ زاہد اختر زمان

لاہور (خبر نگار) پنجاب میں تعلیم کے شعبے میں تاریخی اصلاحات کے پہلے سال کے مکمل ہونے اور نئے تعلیمی سال کے لیے انرولمنٹ مہم کے آغاز کے موقع پر گورنمنٹ اے پی ایس شہدا ہائی سکول ماڈل ٹاؤن میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی نمائندگی کرتے ہوئے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات اور چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے دوران چیف سیکرٹری پنجاب اور وزیر تعلیم نے سٹیم مقابلہ جات میں شاندار کارکردگی دکھانے والے طلبا کو لیپ ٹاپس اور دیگر مقابلوں میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والے طلبا کو خصوصی انعامات سے نوازا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں گزشتہ ایک سال تعلیم کے شعبے میں بے مثال رہا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے سال تعلیمی انقلاب کی بنیاد رکھی گئی ہے اور آنے والے سالوں میں اس بنیاد کو مزید مضبوط کیا جائے گا۔ وزیر تعلیم نے مزید کہا کہ یہ ایک سال عزم، محنت اور کامیابی کی داستان ہے۔ مریم نواز نے حلف اٹھاتے ہی تعلیم کے شعبے کو ترجیح دی اور ان کی قیادت میں ریکارڈ تعلیمی اصلاحات کی گئیں۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے طلبا و اساتذہ سے کیے گئے تمام وعدے پورے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کے وعدے محض زبانی جمع خرچ نہیں بلکہ زمینی حقائق میں دیکھے جاسکتے ہیں۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ ہم سب مل کر تاریخ رقم کریں گے اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہر خواب کو تعبیر دیں گے۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم تعلیم کے شعبے کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہے ہیں اور اساتذہ و طلبا کو بہترین وسائل فراہم کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ تعلیمی سال میں 20 لاکھ بچوں کو انرول کرنے کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ انہوں نے اساتذہ کے لیے ہیلتھ انشورنس پالیسی متعارف کرانے اور ان کی اضافی ڈیوٹیاں ختم کرنے کا اعلان کیا۔ وزیر تعلیم نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل سفر پروگرام اور گوگل فار ایجوکیشن کے ذریعے ہزاروں نوجوانوں کو ہنر مند بنایا گیا ہے، جبکہ سکولوں میں جدید سمارٹ کلاس رومز قائم کیے گئے ہیں۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ سکول آؤٹ سورس کرنے کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آئے ہیں اور انرولمنٹ میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پنجاب میں پہلی بار ٹیک ایجوکیشن متعارف کرائی گئی ہے اور نئے تعلیمی سال سے میٹرک ٹیک کا آغاز کیا جائے گا۔ تقریب میں اراکین اسمبلی، تعلیم کے محکموں کے سیکرٹریز، اساتذہ اور طلبا کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

لاہور: ٹیپو بلاک نیو گارڈن ٹاؤن ظفر تبسم کیمپس چیریٹی فاؤنڈیشن کی نئی عمارت کا افتتاح بریگیڈیر حامد ولی شاہ واعظ ندیم، ایمن شاہ واعظ، صباحت یوسف و دیگر ربن کاٹ رہے ہیں

موٹروے پولیس نے تیز رفتاری کے خلاف خصوصی مہم شروع کر دی

لاہور (کرائم رپورٹر) موٹروے پولیس نے تیز رفتاری کے خلاف خصوصی مہم شروع کر دی۔ ترجمان کے مطابق موٹروے پر 150 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار پر نہ صرف جرمانہ ہوگا بلکہ ڈرائیور پر مقدمہ اور گاڑی بھی بند ہوگی۔ موٹروے ترجمان نے واضح کیا کہ موٹروے پر کار کی حد رفتار 120 کلومیٹر فی گھنٹہ جبکہ پبلک سروس گاڑیوں کی 110 کلومیٹر فی گھنٹہ مقرر ہے، تمام ڈرائیورز کو انتباہ جاری کر رہے ہیں۔

یاقمر بني هاشم

لاہور: قومی مرکز شاہ جمال مملکت عراق سے علماء کا ایک وفد انجمن حسینیہ خواجگان اور علماء کرام السید عزالدین الحکیم دام عزہ، مولانا افضل حیدری جامعہ المنتظر صدر انجمن حسینیہ شیخ کاظم علی کو غازی عباس کا علم کا ہدیہ پیش کر رہے ہیں

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایات سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ویٹرنری یونیورسٹی میں اکیسویں 2025 کے سالانہ کھیلوں کا انعقاد

سٹی کیمپس لاہور سمیت راوی کیمپس پتوکی، نارووال کیمپس اور جھنگ کیمپس سے طلبا و طالبات و اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی

21st UVAS
UVAS
UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES, LAHORE
21st
Annual Sports
Lahore Campus

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور میں ڈائریکٹوریٹ یو اس سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام اکیسویں سالانہ کھیلوں کا انعقاد ہوا جس میں سٹی کیمپس لاہور سمیت راوی کیمپس پتوکی، نارووال کیمپس اور جھنگ کیمپس سے طلبا و طالبات و اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سالانہ کھیلوں کا افتتاح سیکرٹری لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب مسٹر ثاقب علی عطیل نے وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) کے ہمراہ کیا جبکہ چیئرمین یو اس سپورٹس بورڈ پروفیسر ڈاکٹر محمد اعجاز اور ڈائریکٹر سپورٹس رانا امجد اقبال اُس موقع پر موجود تھے۔ بعد ازیں وائس چانسلر میری ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر مہمان خصوصی کے فرائض سرانجام دیے جبکہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے ڈائریکٹر جنرل لاہور ریجن مسٹر غلام نبی اور سابق پاکستانی ہاکی ٹیم کے کھلاڑی اولمپئن خواجہ جنید گیسٹ آف آنرز تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری لائیوسٹاک ثاقب علی عطیل نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی میں مختلف کھیلوں میں حصہ لینے والے طلبہ کا جزبہ دیکھ کر انتہائی خوشی محسوس ہو رہی ہے اور ایسی یادیں طلبہ کو ساری زندگی کبھی نہیں بھولیں گی کہ انہوں نے یونیورسٹی کے مقابلوں میں حصہ لیا تھا نیز شاندار سپورٹس ڈے کا انعقاد کروانے پر آرگنائزر کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ سپورٹس ڈے اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس نے کہا کہ ویٹرنری یونیورسٹی میں طلبہ کو کھیلوں کی اسٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات مہیا کی گئی ہیں جو کہ دوسری یونیورسٹیوں میں طلبہ کو میسر نہیں ہیں اور ان سہولیات سے مستفید ہو کر یونیورسٹی کے طلبہ قومی و بین الاقوامی سطح پر منعقد ہونے والے مقابلوں میں اپنی قابلیتوں کے جوہر دکھا کر یونیورسٹی اور پاکستان کا نام پوری دنیا میں روشن کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ جس ملک میں کھیلوں کے گراؤنڈ آباد ہوں وہاں ہسپتال ویران ہوتے ہیں اور نوجوان بھی برائیوں سے دور رہتے ہیں۔ اُنہوں نے سپورٹس ڈے کی فاتح ٹیموں کو مبارکباد پیش کی اور ویٹرنری یونیورسٹی کے دوسرے کیمپسز سے آنے والے طلبہ اور فیکلٹی ممبران کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اُنہوں نے ویٹرنری یونیورسٹی میں دور حاضر کی ریسلنگ اکیڈمی اور سپورٹ سینٹر قائم کرنے میں مالی معاونت مہیا کرنے پر ہائیر ایجوکیشن کمیشن کا شکریہ ادا بھی کیا۔ دن کی مناسبت سے آٹھ سو، دو سو اور سو میٹر کی ریس، ڈسکس تھرو، تھری لیگ ریس، نیزہ بازی، ریلے ریس، ٹرپل جمپ، لانگ جمپ، ہائی جمپ، رسہ کشی جبکہ مارشل آرٹ پریزنٹیشن جیسے مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر 6 جنرل ٹرافیاں بھی دی گئیں جو کہ تمام مقابلوں کی فاتحین قرار پائیں۔

شہر کے مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری

سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ بارش کے دوران ٹریفک وارڈنز ٹریفک کی روانی کو یقینی بنائے ہوئے ہیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ٹریفک پولیس شہریوں کی مدد کو تیار ہیں۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ بارش کے دوران ٹریفک وارڈنز ٹریفک کی روانی کو یقینی بنائے ہوئے ہیں سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کی ٹریفک وارڈنز اور شہریوں کو الیکٹرک تنصیبات، پولز وغیرہ سے دور رہنے کی ہدایت کی۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کی بارش کے دوران شہریوں کی مدد یقینی بنانے کی ہدایت کی تمام لفٹرز اور بریک ڈاؤنز نشیبی سڑکوں پر موجود ہیں تمام سرکل افسران اپنی پوزیشن مصروف اور نشیبی شاہراہوں پر رکھیں۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید کی بارش کے دوران شہریوں کو محتاط ہو کر ڈرائیونگ کرنے کی ہدایت کی۔ بارش کے دوران سپیڈ لمٹ اور گاڑیوں کے درمیانی فاصلے کا خصوصی خیال رکھیں۔ بارش کے دوران کینال روڈ انڈر پاسز پر موٹر سائیکلوں کو جمع نہیں ہونے دیا جائے گا تاکہ ٹریفک کی روانی برقرار رہے۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ تمام ڈی ایس پیز کو واسا انتظامیہ سے مسلسل رابطے میں رہنے کی ہدایات بھی کی۔

ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1275 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1275 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 637 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 839 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (75 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔

پولیس شہدا کے اہل خانہ کو گھروں کی تعمیر کیلئے مالی امداد کے چیک تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر سنٹرل پولیس آفس میں 2017ء سے قبل کے پولیس شہدا کے اہل خانہ کو گھروں کی تعمیر کیلئے مالی امداد کے چیک تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں پولیس شہدا کے اہلخانہ کو مزید 85 لاکھ روپے دیئے گئے۔ 15 شہداء کے اہل خانہ کو 05 لاکھ روپے فی کس جبکہ ایک شہید کی فیملی کو 10 لاکھ روپے چیک کی صورت میں ادا کئے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ 2017ء سے قبل کے 701 پولیس شہداء کے اہلخانہ کو پلاٹس فراہم کیے جاچکے ہیں۔ پنجاب پولیس نے شہدا کے اہلخانہ کو اپنے وسائل سے پلاٹس پر گھروں کی تعمیر کیلئے 05 کروڑ 75 لاکھ روپے فراہم کئے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ شہید انسپکٹرز شاہد عباس اور صفدر علی کے اہلخانہ کو مالی امداد کے چیک دیئے گئے۔ اسی طرح شہدائے ایس آئیز محمد علی اور شب قدر کے اہل خانہ کو چیک دیئے گئے۔ شہید کانسٹیبلز محمد ارشد، جلیل احمد، رحمان الٰہی اور افتخار احمد کے اہل خانہ بھی چیک حاصل کرنے والوں میں شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب نے شہدائے پولیس کی لازوال قربانیوں پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پولیس شہداء ہمارا فخر ہیں اور انکی فیملیز کی مشکلات کا ازالہ اولین ترجیح ہے۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ شہدا کے بچوں کو اعلی تعلیم کیلئے فارن سکالرشپس اور بہترین تعلیم کیلئے نامور تعلیمی اداروں سے معاہدے کیے۔

7 سال سے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم سعودی عرب سے گرفتار

ملزم کو سعودی عرب سے گرفتار کر کے اسلام آباد ایئرپورٹ منتقل کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) 7 سال سے قتل کے مقدمے میں مطلوب خطرناک اشتہاری ملزم سعودی عرب سے گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 7 سال سے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم سعودی عرب سے گرفتار کیا، گرفتار ملزم کی شناخت بسم اللہ کے نام سے ہوئی۔ بیان کے مطابق ملزم کو سعودی عرب سے گرفتار کر کے اسلام آباد ایئرپورٹ منتقل کر دیا گیا، گرفتار ملزم کے پی پولیس کو مطلوب تھا۔ ایف آئی اے نے بتایا کہ ملزم کے خلاف سال 2018ء میں قتل، اقدام قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج تھا، ملزم کے خلاف تھانہ کھل، لوہر دیر میں مقدمہ درج تھا، ملزم قتل کر کے بیرون ملک فرار ہوگیا تھا، ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے ملزم کی گرفتاری کے لئے ریڈ نوٹس جاری کیا تھا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کو بعد ازاں ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد نے کے پی پولیس حکام کے حوالے کر دیا، ملزمان کی حوالگی انٹرپول اسلام آباد کی انٹرپول ریاض کے ساتھ قریبی رابطہ کاری کی وجہ سے ممکن ہوئی، جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ این سی بی انٹرپول 24/7 پوری دنیا کے ساتھ رابطے میں ہے، ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

ریلویز پولیس ٹریننگ اسکول والٹن میں بھرتی کے لیے فزیکل امتحان میں شامل ہونے والے جعلساز کو اصل امیدوار سمیت گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ریلویز پولیس ٹریننگ اسکول والٹن میں بھرتی کے لیے فزیکل امتحان میں شامل ہونے والے جعلساز کو اصل امیدوار سمیت گرفتار کرلیا۔ ترجمان ریلویز پولیس کے مطابق ملزم خضر اصل امیدوار احسن اقبال کی جگہ کانسٹیبل کے فزیکل امتحان، دوڑ× میں شریک ہونے کے لیے ٹیسٹ سینٹر پہنچا، دوڑ مکمل ہونے کے بعد ڈی آئی جی آپریشنز عبدالرب چوہدری کی نگرانی میں کمیٹی نے جانچ پڑتال کی تو امیدوار جعلی نکلا۔ جعلی امیدوار خضر کے پاس اصل امیدوار کی رول نمبر سلپ اور شناختی کارڈ موجود تھا جو اس کے ظاہری حلیے سے مختلف نکلا۔ سپروائزری کمیٹی کے اجمل، مطلوب، خضر اور زاہد نے اصل امیدوار احسن کو بھی موقع پر طلب کر کے گرفتار کر لیا۔

ڈی جی ملٹری لینڈ۔ اینڈ کنٹونمنٹ کے حکم پر والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کا تجاوزات کے خلاف آپریشن

تنگ گلیوں میں غیر قانونی تجاوزات کا صفائیاں عوام کا ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ سمیت سی ای او والٹن کنٹونمنٹ بورڈ سبطین رضا کو اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مبارک باد پیش کی

لاہور (سٹی رپورٹر) ڈی جی ملٹری لینڈ۔ اینڈ کنٹونمنٹ کے حکم پر والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کا تجاوزات کے خلاف آپریشن 21 روز میں داخل جبکہ تنگ گلیوں میں غیر قانونی تجاوزات کا صفائیاں عوام کا ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ سمیت سی ای او والٹن کنٹونمنٹ بورڈ سبطین رضا کو اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مبارک باد پیش کی تفصیلات کے مطابق ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ کے حکم پر 21 روز علاقہ میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری گزشتہ روز سی ای او سبطین رضا کی ٹیم۔ کرنل فرخ مصطفی۔ آصف شاہ سمیت عملہ کنٹونمنٹ بورڈ اور پولیس کی بھاری نفری کے ساتھ آپریشن کیا گیا۔ جس میں کورے سٹاپ۔ بھتہ چوک۔ غازی روڈ۔ اور چلڈرن گاؤں کی گلیوں میں کئی عرصہ سے قائم غیر قانونی تجاوزات کو صاف کر دیا کسی بھی قسم کے ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لئے پنجاب پولیس بھی موجود رہی۔ والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے اندرون تنگ گلیوں کو صاف کرنے پر عوام نے ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ۔ سمیت سی ای او والٹن کنٹونمنٹ بورڈ سبطین رضا کو خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر شہریوں کا کہنا تھا کہ غیر قانونی تجاوزات اور تنگ گلیوں کی وجہ سے خواتین اور اسکول کالج جانے والی بچیوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا۔ سبطین رضا کا کہنا ہے کہ چند روز میں مکمل علاقہ میں آپریشن کیا جائے گا۔

27-Feb-2025 12:2

27-Feb-2025 12:24:09

چین پاکستان میں بجلی کی قیمتوں کو کم کرنے کے لیے جدید، کم قیمت و طاقتور سولر سسٹم فراہم کر رہا ہے: ترجمان ٹرینا سولر

پاکستان کا زمینی مہنگے ایندھن پر انحصار کو کم کرنے کے لیے ٹرینا سولر ماحول دوست سستی بجلی فراہم کرنے کا سبب بن رہا ہے

Trinasolar
Media Briefing
FALETTI'S HOTEL LAHORE

لاہور (خبر نگار) چین پاکستان میں بجلی کی قیمتوں کو کم کرنے کے لیے جدید، کم قیمت اور طاقت ور سولر سسٹم فراہم کر رہا ہے، پاکستان کو زمینی مہنگے ایندھن پر انحصار کو کم کرنے کے لیے ٹرینا سولر ماحول دوست سستی بجلی فراہم کرنے کا سبب بن رہا ہے، مقامی ہوٹل میں ٹرینا سولر کے ترجمان ایڈسن زو (Edion Zhou) نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں گرد آلود dust کی وجہ سے سولر کی کارکردگی انتہائی متاثر ہوتی ہے جس سے بجلی بنانے کی مقدار کم ہو جاتی ہے لہذا اس مشکل پر قابو پانے کے لیے ٹرینا سولر نے ورٹیکس این مونو فیشیل گلاس اور اینٹی ڈسٹ ماڈیولز استعمال کیے ہیں جس سے پاکستان جیسے ماحول میں بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں غیر معمولی اضافہ سے گھریلو اور صنعتی پیداوار میں انرجی پیدا کرنے کے گراف میں غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، ہائی پاور سولر ماڈیولز کی وجہ سے گھروں اور انڈسٹری کی وہ چھتیں جہاں جگہ اور ہیٹ کم ہونے کے باوجود بجلی پیدا کرنے کا معیار اور طاقت کم نہیں ہوتی، یہی وجہ ہے کہ پاکستان بھر میں خصوصی طور پر انڈسٹری اور گھروں میں اسکی ڈیمانڈ میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے، انہوں نے بتایا کہ پاکستان بھر سمیت مختلف مقامات پر ٹرینا سولر کے پراجیکٹ کامیابی سے کام کر کے ملک کی ترقی کا باعث بن رہے ہیں، انہوں نے کہا پاکستان میں بڑھتی ہوئی انرجی کی قیمتوں کو کم کرنے کے لیے لاہور میں دنیا کی پہلی جدید ترین سولر نمائش کا انعقاد کیا جائے گا جس سے پاکستان میں جدید اور مزید سستے ترین سولر سسٹم کو متعارف کروانے میں مدد ملے گی۔

ایچ ایم ڈی نے پاکستان میں اپنے فیچر فونز اور اسمارٹ فونز متعارف کروادیے

ایچ ایم ڈی نے اپنی شاندار پروڈکٹس کی ایک بڑی رینج پاکستان میں متعارف کروادی ہے

لاہور (کامرس رپورٹر) دنیا میں اپنے جدید اور صارف دوست ڈیزائننگ کے لیے مشہور یورپی اسمارٹ فون مینوفیکچرر ہیومن موبائل ڈیوائسز (HMD) نے پاکستان میں باضابطہ طور پر قدم رکھ دیا ہے۔ ایچ ایم ڈی نے اپنی شاندار پروڈکٹس کی ایک بڑی رینج پاکستان میں متعارف کروادی ہے، جس میں ایچ ایم ڈی میوزک 150، ایچ ایم ڈی میوزک 130، ایچ ایم ڈی key، ایچ ایم ڈی آرک، اور ایچ ایم ڈی اور 2 شامل ہیں۔ ایچ ایم ڈی، جو نوکیا فونز کی پیرنٹ کمپنی اور ایف سی بارسلونا کے آفیشل موبائل پارٹنر بھی ہیں، اسمارٹ فونز اور فیچر فونز کی ایک مضبوط لائن اپ پیش کر رہے ہیں، جو مختلف صارفین کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بنائے گئے ہیں۔ ایچ ایم ڈی کے فیچر فونز بھی کلاسک ڈیزائن اور بنیادی خصوصیات کے ساتھ دستیاب ہیں، جو ان صارفین کے لیے بہترین ہیں جو سادگی اور پائیداری کو ترجیح دیتے ہیں۔ ایچ ایم ڈی پاکستان کے جنرل مینیجر، عارف شفیق نے لانچ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم پاکستان میں ایچ ایم ڈی کے فونز متعارف کروانے پر بے حد پر جوش ہیں۔ ہماری ڈیوائسز جدت، معیار اور صارف دوست ڈیزائن کا بہترین امتزاج پیش کرتی ہیں۔ ہم پاکستان میں مقامی ڈسٹری بیوشن اور مینوفیکچرنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے پر عزم ہیں، جو اس ملک پر ہمارے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ ہمارے لیے صرف کاروبار بڑھانے کا موقع نہیں بلکہ مقامی معیشت میں مثبت کردار ادا کرنے کی کوشش بھی ہے۔ پاکستان میں اپنی ڈیوائسز تیار کر کے ہم صرف روزگار کے مواقع پیدا نہیں کر رہے، بلکہ مقامی ٹیلنٹ کی بھی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ X:X ایچ ایم ڈی میوزک 150، ایچ ایم ڈی میوزک 130، ایچ ایم ڈی key، ایچ ایم ڈی آرک، اور ایچ ایم ڈی اور 2 پاکستان میں 25 مارچ سے فروخت کے لیے دستیاب ہوں گے۔

مشائخ و سادات پیر بخاری کے سالانہ عرس کی تقریبات اختتام پذیر

آخری نشست میں علامہ پیر سیّد ریاض حسین شاہ، ڈاکٹر سیّد طاہر رضا بخاری، پیر سیّد فیض الحسن شاہ بخاری سمیت اکابر علمی و دینی شخصیات کی شرکت

لاہور (صابر غوری) مشائخ و سادات نارنگ شریف کے سالانہ عرس کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مفسر قرآن، علامہ پیر سیّد ریاض حسین شاہ اور ڈاکٹر سیّد طاہر رضا بخاری نے کہا کہ ملکی استحکام کے لیے صوفیاء کے نظام فکر و عمل کی ترویج ضروری ہے۔ ملّی یکجہتی، قومی بقا اور پاکستان کے تحفظ کے لیے خانقاہوں کو فعال کرنا ہوگا۔ انتہا پسندی کے تدارک کے لیے دین کی محبت آمیز فکر کا ابلاغ کیا جائے۔ عقیدہ کی صیانت کے بغیر فوز و فلاح کا راستہ ممکن نہیں۔ آستانہ پیر بخاری نارنگ شریف میں منعقدہ نقشبندی سلسلے کی اکابر شخصیات صدر المشائخ حضرت پیر سیّد امیر محمد شاہ بخاریؒ و سیّد الافاضل حضرت پیر سیّد محمد فاضل شاہ بخاریؒ کے سالانہ عرس کی تقریبات کا اختتام رسمِ چادر پوشی و خصوصی دُعا سے ہوا، جس میں ملک کے طول و عرض سے عقیدتمندوں کی کثیر تعداد نے حاضری کی سعادت حاصل کی۔ عرس کی اختتامی تقریب میں صاحبزادہ پیر سیّد فیض الحسن شاہ بخاری، صاحبزادہ سیّد محمد علی حیدر بخاری، الحاج ڈاکٹر سرور حسین نقشبندی اور دیگر شخصیات نے سادات و مشائخ نارنگ شریف کی خدمات جلیلہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ برصغیر میں بخاری سادات نے اخوت، محبت، بھائی چارے اور رواداری کے جس نظام کو مربوط و موثر بنایا۔ اس سے دینِ اسلام کو تقویت اور تاثیر میسر آئی۔ مقررین نے کہا کہ صوفیاء نے شرفِ آدمیت اور تکریم انسانیت کے اسلامی فلسفے کو دنیا کے سامنے عملی طور پر پیش کیا اور وہ خطے میں سب سے بڑے سماجی انقلاب کے امین ثابت ہوئے۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر الائیڈ ہسپتال کی بہتری کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں

سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے سروس ڈیلیوری کا جائزہ لینے کیلئے الائیڈ ہسپتال کا دورہ کیا

ALLIED HOSPITAL-1 FAISALABAD

فیصل آباد(افشاں بتول)وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر الائیڈ ہسپتال کی بہتری کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے سروس ڈیلیوری کا جائزہ لینے کیلئے الائیڈ ہسپتال کا دورہ کیا۔کمشنر مریم خان، وائس چانسلر الائیڈ ہسپتال میڈیکل یونیورسٹی ڈاکٹر ظفر علی بھی ہمراہ تھے۔سیکرٹری ہیلتھ پنجاب عظمت محمود نے ہسپتال انتظامیہ کو ڈاکٹرز کے ڈیوٹی روسٹرز ایل ای ڈیز تمام وارڈز میں لگانے اور رش کنٹرول کرنے کیلئے داخلی راستوں پر مؤثر حکمت عملی اپنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے سرجیکل ایمرجنسی شعبہ بیرونی مریضاں،کینسر وارڈ سمیت مختلف شعبہ جات میں طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔وارڈز میں جا کر مریضوں سے ملاقات کی،مریضوں سے ادویات کی دستیابی،ڈاکٹرز کے رویہ بارے استفسار کیا۔فارمیسی میں ادویات کے سٹاک کی بھی جانچ پڑتال کی،اس موقع پر ایم ایس نے انہیں بریفنگ دی۔سیکرٹری ہیلتھ نے ایم ایس آفس میں کمشنر کے ہمراہ ہسپتال میں طبی سہولیات بارے میٹنگ بھی کی اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ صحت کا شعبہ حکومت پنجاب کی خصوصی توجہ کا مرکز ہے۔سروس ڈیلیوری میں غفلت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔

ڈویژن وارڈنز اسلام میر وحدید احمد بٹ نے چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کی عیادت کی

تنظیم شہری دفاع کے میرے تمام رضا کاران کی دعاؤں کا شکریہ۔طاہر مجید کپور

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور کامیاب سرجری کے بعد سیالکوٹ پہنچنے کے بعد کپور پرائیویٹ انٹرنیشنل انڈسٹریز اپنے آفس آئے۔ڈویژنل وارڈن I محمد اسلام میر اور ڈویژنل وارڈن II حدید احمد بٹ نے چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کپور سابقہ صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کی انکے آفس میں عیادت کی انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کیساتھ نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ملاقات کے دوران کمانڈر محمد اسلام میر نے تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے ایگزیکٹوز و تمام والنٹیئرز کی جانب سے انکی صحت و تندرستی کیساتھ درازی عمر کیلئے خصوصی دعاؤں بارے آگاہ کیا۔چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کا کہنا تھا کہ مجھے میری تنظیم شہری دفاع کے ایک ایک رضا کار پر فخر ہے اور مشکور ہوں میرے تمام احباب کا جن کی دعائیں میرے شامل حال ہیں۔

پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ کا سرکل پیپلز کالونی اور ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ میں کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان حائل فاصلوں کو کم کرکے نہ صرف انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہے بلکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بھی بنانا ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری سے) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے سرکل پیپلز کالونی اور ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور شہریوں کے مسائل سنے اور کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان حائل فاصلوں کو کم کرکے نہ صرف انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہے بلکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بھی بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ شہری پولیس کی آنکھ اور کان کا کردار ادا کریں اور منشیات فروشی، ناجائز اسلحہ و دیگر جرائم کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے پولیس کا ساتھ دیں۔آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے شہریوں کے مسائل سنے اور انکے حل کے لیے فوری احکامات جاری کیے۔آر پی او نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان حائل فاصلوں کو کم کر کے نہ صرف انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہے بلکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بھی بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر شہری کو حق حاصل ہے کہ اپنی شکایت درج کروانے کے لئے جس وقت چاہے ہمارے دفاتر میں آسکے،عوام الناس کے لیے ہمارے دفاتر کے دروازے دن،رات کھلے ہیں۔گوجرانوالہ شہر امن پسند لوگوں کا شہر ہے جہاں پر تمام مکاتب فکر کے لوگ آپس میں رواداری اور پیار محبت سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔

رمضان المبارک کی آمد سے پہلے ہی ناجائز منافع خوری عروج پر پہنچ گئی

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) رمضان المبارک کی آمد سے پہلے ہی ناجائز منافع خوری عروج پر پہنچ گئی ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ غائب گیمبر قادرآباد کی عوام ناجائز منافہ خوروں کے رحم وکرم پر وزیراعلی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے رمضان المبارک کی امد سے قبل ہی گیمبر قادرآباد نورشاہ یوسف والا بجگڑی پل اور اس کے گرد ونواح میں ناجائز منافع خوری عروج پر سبزیاں فروٹ اور کھجور کی قیمتوں کو پر لگ گئے عوام کی قوت خرید سے باہر۔ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ اپنے اپنے دفاتر تک محدود ناجائز منافہ خوروں کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں گیمبر قادرآباد کی عوام ناجائز منافہ خوروں کے رحم و کرم پر۔گیمبر قادرآباد کی عوام کا وزیراعلی پنجاب مریم نواز چیف سیکرٹری پنجاب کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادرآباد اور اس کے گرد و نواح میں بے لگام ناجائز منافہ خوروں کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

شہابپورہ سمیت مختلف علاقوں میں بوسیدہ پائپ تبدیل کر دئیے۔ملک اعجاز حسین

شہریوں کی شکایات کی فوری دادرسی جاری ہے۔چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) مختلف مقامات سے محلوں سے گزرنے والے سرکاری پینے کے پانی کے پائپ پیکج کی شکایات تھیں جس پر فوری عملدر آمد کرتے ہوئے سرکاری نلکے جو نالیوں میں لیک تھے اور پینے کے پانی کے بوسیدہ پائپ لیکیج سے سیوریج کے پانی سے مل کر صاف پانی گندا اور بدبودار ہو رہا تھا فورمین وقاص بٹ کو بھجوا کر سرکاری نلکوں کو ٹھیک کروا دیا گیا ہے۔ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ ملک اعجاز حسین نے تجاوزات کیخلاف جاری انکروچمنٹ آپریشن کی نگرانی کرتے ہوئے میڈیا کیساتھ کیا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ کے وسطی بازار انکروچمنٹ آپریشن کے بعد کشادہ ہو چکے ہیں اور ٹریفک ریگولیشن مسائل بھی کافی حد تک بہتر ہوئے ہیں انچارج انکروچمنٹ سیل مستنصر بلوخان نے کہا کہ عملہ انکروچمنٹ انشاء اللہ دوبارہ انکروچمنٹ نہیں ہونے دیگا۔

مسز اسماء عبدالقدوس کھوکھر اور ڈاکٹر عبدالقدوس کھوکھر انفلوائینشل لیڈر ایوارڈز کے لیے نامزد

ان ایوارڈز کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر رونیل بیانی ایز ڈویلپمنٹ اور مینیجمنٹ میں PhD کی ڈگری رکھتے ہیں

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) معروف ماہر تعلیم پرنسپل پروفیسر مسز اسماء عبدالقدوس کھوکھر اور پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی سنٹرل کونسل کے رکن ڈاکٹر عبدالقدوس کھوکھر 28 فروری کو منیلا فلپائن میں دیے جانے والے ایشیا کے انفلوائینشل لیڈر ایوارڈز 2025 کے لیے نامزد، تفصیلات کے مطابق، پرنسپل پروفیسر مسز اسماء عبدالقدوس کھوکھر کو اس ایوارڈ کے لیے ان کی تعلیمی، علمی اور ادبی خدمات پر جبکہ ڈاکٹر عبدالقدوس کھوکھر کو اس ایوارڈ کے لیے ان کی فروغ امن اور صحت کے شعبے میں خدمات پر نامزد کیا گیا ہے،ان ایوارڈز کے چیف آرگنائزر ڈاکٹر رونیل بیانی ایز ڈویلپمنٹ اور مینیجمنٹ میں PhD کی ڈگری رکھتے ہیں اور فلپائن میں ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں ایک icon کے طور پر پہچانے جاتے ہیں، ڈاکٹر رونیل بیانی ایز فلپائن کے ایک نامور سوشل ایکٹیوسٹ ہیں اور اقلیتوں خصوصاً مسلمانوں کی ترقی کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں، ایوارڈ کے لئے نامزد ہونے پر مصطفی آباد کی سیاسی، سماجی و مذہبی شخصیات کی طرف سے مبارکباد پیش کی گئی

مصطفی آباد: فلپائن کے ڈاکٹر رونیل بیانی ایز ڈاکٹر عبدالقدوس کھوکھر کے ساتھ تشریف فرما ہیں

مصطفی آباد: پیر مفتی
محمد عبداللہ قادری کا 26 واں
سالانہ عرس اختتام پذیر

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پیر مفتی محمد عبداللہ قادری کا 26 واں سالانہ عرس اختتام پذیر، پاکستان اور دنیا بھر سے عقیدت مند، زائرین، جید علماء اکرام و مشائخ عظام شریک ہوئے، پاکستان کے نامور خطباء اور ثناء خوانوں نے حاضری لگوائی تاریخ ساز عرس مبارک کی تقریب کی صدارت مبلغ یورپ و سجادہ نشین حضور قبلہ محدث قصوری پیر مفتی اختر علی قادری نے کی، عرس مبارک کی بابرکت اور روحانی تقریب میں ایم پی اے حاجی محمد نعیم صفدر انصاری سمیت دیگر سیاسی، سماجی اور شہری شخصیات اور سینکڑوں عقیدت مندوں نے شرکت کی اس موقع پر مزار پر انوار محدث قصوری، پیر مفتی محمد عبداللہ قادری پر زائرین کیلئے لنگر کا بہترین اور وافر انتظام تھا، خطیب پاکستان علامہ ملازم حسین ڈوگر، خطیب پاکستان علامہ جمال الدین بغدادی، مبلغ یورپ و خطیب ذیشان معروف مذہبی سکالر پیر انصر القادری آف برطانیہ نے خصوصی خطاب کیا، محدث قصوری کے سجادہ نشین پیر محمد اختر علی قادری نے کہا کہ والد گرامی پیر مفتی محمد عبداللہ قادری کا مشن پوری آب وتاب سے جاری رکھونگا، بطور سجادہ نشین اور حضرت کے عقیدت مندوں کی بے لوث محبت کو کبھی فراموش نہیں کر سکتا

تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری رہے گا ڈپٹی کمشنر ریونیو سیالکوٹ

10 ماہ کے دوران جاری مہم کے دوران قبضہ مافیا سے 44 کروڑ 30 لاکھ روپے مالیت کی 16 کنال 1 مرلہ قیمتی اراضی واگزار کروائی جا چکی ہے

سیالکوٹ (عامر جاوید سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑا نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے اور گزشتہ 10 ماہ کے دوران جاری مہم کے دوران قبضہ مافیا سے 44 کروڑ 30 لاکھ روپے مالیت کی 16 کنال 1 مرلہ قیمتی اراضی واگزار کروائی جا چکی ہے جبکہ 1395 مستقل تجاوزات کو مسمار کیا جا چکا ہے اور 90 لاکھ 23 ہزار روپے جرمانے کرنے کے علاوہ 761 پراپرٹیز کو سربمہر کیا گیا اور 11 تجاوز کنندگان کے خلاف مقدمات درج کئے گئے۔یہ بات انہوں نے آج میونسپل کارپوریشن اور ضلعی پولیس کی جانب سے حاجی پورہ روڈ پر مستقل و عارضی تجاوزات ہٹانے کے موقع پر بتائی۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اقبال سنگھیڑا نے کہا کہ خادم علی روڈ اور چرچ روڈ کے بعد حاجی پورہ پر آپریشن کلین اپ جاری ہے اور یہ کاروائیاں بلا امتیاز تجاوزات کنندگان کے خلاف ہیں۔انہوں نے کہا کہ دکاندار اپنے حدود میں رہیں بصورت دیگر کارروائی کیلئے تیار رہیں۔انہوں نے کہا کہ تجاوزات ہٹانے سے روڈ کشادہ ہو رہے ہیں اور ٹریفک کا بہاؤ بھی بہتر ہو رہا ہے۔روزنامہ قوت کے ایک سوال کے جواب میں محمد اقبال سنگھیڑہ نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف کاروائیاں دن بدن تیز ہو رہی ہیں اور اس کا دائرہ کار وسیع ہو رہا ہے اور اس کے خاتمے پر شہریوں کا خیر مقدم اور آپ کی جانب سے بھرپور کوریج اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ عوام الناس تجاوزات کا خاتمہ چاہتے ہیں تا کہ شہر کی ٹریفک کو بحال رکھا جا سکے اور شہری سکھ کا سانس لیں۔انسپکٹر تہہ بازاری مستنصر خان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر محفوظ ڈرائیونگ کے کلچر کو فروغ دینے کیلئے ٹریفک آگاہی مہم

ٹریفک ایجوکیشن ٹیم مختلف تعلیمی اداروں میں روزانہ کی بنیاد پر طلباء وطالبات میں ٹریفک شعور کی بیداری کے لئے لیکچرز دینے میں مصروف عمل ہیں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کی ہدایت پر محفوظ ڈرائیونگ کے کلچر کو فروغ دینے کیلئے ٹریفک آگاہی مہم جاری ہے۔محفوظ ڈرائیونگ کے کلچر کو فروغ دینے کیلئے ٹریفک ایجوکیشن ٹیم مختلف تعلیمی اداروں میں روزانہ کی بنیاد پر طلباء وطالبات میں ٹریفک شعور کی بیداری کے لئے لیکچرز دینے میں مصروف عمل ہیں۔شہر کی اہم شاہراہوں پر شہریوں میں آگاہی پمفلٹس تقسیم کئے جا رہے ہیں، نیز گاڑیوں کے پیچھے ریفلیکٹنگ سٹیکرز بھی چسپاں کئے جا رہے ہیں۔سی ٹی او گوجرانوالہ عائشہ بٹ کا کہنا تھا کہ روڈ سیفٹی ایک سماجی ذمہ داری ہے اور معاشرے کے ہر فرد کو اس میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا حادثات کی روک تھام کیلئے ٹریفک پولیس کی ایجوکیشن ٹیم پوری محنت اور خلوص کیساتھ شہر کے مختلف مقامات پر روڈ یوزرز کو آگاہی تربیت دینے کیساتھ ساتھ ان میں آگاہی پمفلٹس تقسیم کر رہی ہے ریفلیکٹنگ سٹیکرز روزانہ کی بنیاد پر گاڑیوں کے پیچھے لگائے جائینگے۔ٹریفک پولیس تمام تر ممکن وسائل میں شہریوں میں ٹریفک شعور کی بیداری کے لئے اقدامات عمل میں لا رہی ہے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ

ادویات کے اسٹاک، صفائی ستھرائی سمیت دیگر امور کا بھی جائزہ لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لینے کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ڈی سی نے ڈاکٹرز و عملے کی حاضری، علاج معالجے کی فراہمی، ادویات کے اسٹاک، صفائی ستھرائی سمیت دیگر امور کا بھی جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے ایمرجنسی وارڈ میں مریضوں کی عیادت کی، ادویات وسہولیات کی فراہمی بارے دریافت کیا، مریضوں اور ان کے لواحقین کا طبی سہولیات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ہسپتال انتظامیہ کو طبی سہولیات کی فراہمی میں مزید بہتری لانے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تمام سرکاری ہسپتالوں کا عملہ مریضوں اور انکے لواحقین سے خوش اخلاقی سے پیش آئے، شکایت پر سخت ایکشن ہوگا۔

گورنمنٹ گرلز گریجویٹ کالج برائے خواتین میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

تقریب میں مہمان خصوصی سابق ایم این اے رانا محمد اسحاق خاں اور رانا احسن اسحاق خاں سمیت کی شرکت

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) گورنمنٹ گرلز گریجویٹ کالج برائے خواتین میں تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا جس میں مہمان خصوصی سابق ایم این اے رانا محمد اسحاق خاں اور رانا احسن اسحاق خاں سمیت محکمہ ایجوکیشن کے آفیسران ڈائریکٹر ایجوکیشن لاہور ڈویژن احسن مختار، ڈپٹی سیکرٹری فنانس احمد رضا وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز قصور ملک اصغر علی، معززین علاقہ اور سینکڑوں طالبات نے شرکت کی، طالبات اور کالج انتظامیہ کی جانب سے کالج میں تشریف لانے والے مہمانان گرامی کا پرتپاک استقبال کیا گیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا اور ہدیہ نعت رسول مقبول بھی پیش کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی ایم این اے رانا اسحاق خاں اور رانا احسن اسحاق خاں نے پوزیشن ہولڈرز طالبات میں انعامات تقسیم کئے بعدازاں پرنسپل مسز شبانہ شیراز نے تقریبی شرکاء کو چند اہم مسائل سے آگاہ کیا اس موقع پر رانا اسحاق خاں نے سینکڑوں طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنی بیٹیوں کو سفری مشکلات سے بچانے کیلئے فی الفور ایک عدد نیو بس فراہم کرتا ہوں، کالج کے اندر موجود خستہ حال سڑک کو تعمیر کروانے کیلئے محکمہ ہائی وے کے ایس ڈی او کو موقع پر بلا کر سڑک تعمیر کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ملک پاکستان کی تقدیر بدلنے والی ان طالبات کیلئے فوری میٹھے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انوار کو کہہ دیا ہے کالج میں ٹیچرز کی جو آسامیاں خالی ہیں انہیں فل کرنے کیلئے بھی متعلقہ افسران کو احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں الغرض کہ کالج انتظامیہ کی جانب سے پیش کیے جانے والے تمام مطالبات کو منظور کر کے عمل درآمد بھی شروع کروا دیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس حلقہ کی تمام بچیاں میری بیٹیاں ہیں اپنی ان بیٹیوں کی تعلیم اور بہتر مستقبل کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔

ریجن پولیس اور نیشنل گروپ آف سکولز گوجرانوالہ کے درمیان ایم او یو سائن

پولیس شہداء کے بچوں کو نیشنل سکولز میں مفت جبکہ حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کو 50 فیصد ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ریجن پولیس گوجرانوالہ کی جانب سے ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ اور چیئرمین نیشنل گروپ آف سکولز سے محمد اختر رشید نے دستخط کیے۔ریجن پولیس اور نیشنل گروپ آف سکولز گوجرانوالہ کے درمیان ایم او یو آر پی او آفس میں سائن کیا گیا۔ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے کہا ہے کہ پولیس ملازمین کے بچوں کو اعلی تعلیمی اداروں میں بہترین تعلیم کے مواقع فراہم کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں ریجن پولیس گوجرانوالہ اور نیشنل گروپ آف سکولز گوجرانوالہ کے ساتھ ہونے والا ایم او یو ریجن کے تمام پولیس ملازمین کیلئے خصوصی سہولت کا باعث بنے گا۔آر پی او نے کہا کہ اس ایم او یو کے تحت پولیس شہداء کے بچوں کو نیشنل گروپ آف سکولز میں بالکل فری ایجوکیشن دی جائے گی جبکہ حاضر سروس، غازی، دوران سروس وفات پا جانے والے اور ریٹائرڈ ملازمین کے بچوں کو ایڈمیشن، ٹیوشن فیس اور دیگر اخراجات میں 50 فیصد ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا۔ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے کہا کہ تمام ریجن میں پولیس ملازمین کو ایم او یو بارے مطلع کرنے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں۔آر پی او نے پولیس ملازمین کے بچوں کیلئے معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کرنے پر نیشنل گروپ آف سکولز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ملازمین کیلئے نیشنل گروپ آف سکولز کا یہ اقدام قابل تحسین ہے۔

ناجائز تجاوزات مافیا کے خلاف کاروائیاں جاری

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) صوبے بھر میں پنجاب حکومت کے ویژن کے مطابق ناجائز تجاوزات مافیا کے خلاف کاروائیاں جاری لیکن بدقسمتی سے گیمبر محکمہ انہار قبضہ مافیا کے آگے بے بس اور قبضہ مافیہ کے خلاف کاروائی کرنے سے گریزاں وزیراعلی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور محکمہ انہار ساہیوال نے وزیراعلی پنجاب کے احکامات ہوا میں آڑا دیے قادرآباد یوسف والا میں قبضہ مافیہ نے محکمہ انہار کی قیمتی زمین پر قبضہ کر کے پختہ ناجائز تجاوزات قائم کر دی محکمہ انہار ساہیوال کے نااہل افسران نے اس حوالے سے اپنی آنکھیں بند کر کے سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنا شروع کر دی محکمہ انہار ساہیوال کے افسران کی اس بے حسی پر قادرآباد یوسف والا کی عوام میں شدید تشویش کی لہر قادرآباد یوسف والہ کی عوام کا وزیراعلی پنجاب مریم نواز صوبائی آبرزویشن پاشی سیکرٹری آپ پاشی اور کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ انہار کی قیمتی زمین پر قبضہ مافیہ اور ناجائز تجاوزات مافیا کے خلاف کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور قیمتی زمین قبضہ مافیہ سے چھڑوائی جائے

پتوکی گھر میں آگ لگنے سے 1 بچی جاں بحق، دوسری شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی گھر میں آگ لگنے سے 1 بچی جاں بحق، دوسری شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل۔تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی کے علاقہ بلوکی میں سرائے مغل روڈ پر سجاد کے گھر میں چھپر کو آگ لگ گئی۔آگ نے گھر کے اندر 2 معذور بچیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا جس کے نتیجے میں سات سالہ عائشہ بچی موقع پر جاں بحق ہوگئی اور دوسری 3 سالہ سونیا بچی آگ میں جھلس کر بری طرح زخمی ہو گئی ریسکیو حکام کے مطابق دو معذور بچیاں گھر کے کچن میں چارپائی پر تھیں نامعلوم وجہ سے کچن کے (چھپر) میں آگ لگی اور بچیاں جھلس گئیں ریسکیو ٹیم نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے زخمی بچی کو آر ایچ سی پھولنگر منتقل کر دیا۔

اشیائے ضروریہ کی مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنایا جائے

مہنگے داموں اشیائے ضروریہ فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے گی

حافظ آباد (نمائندہ قوت محمد نوید ڈوگر سے) ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے کہا ہے کہ اشیائے ضروریہ کی مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنایا جائے، تاجر تنظیمیں اور دوکاندار مقرر کردہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ فروخت کریں، مہنگے داموں اشیائے ضروریہ فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں تاجر تنظیموں کے نمائندوں سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے ماہ صیام کے دوران عام آدمی کو معاشی ریلیف فراہم کرنے کیلئے اشیائے خورد ونوش کی نئی قیمتوں کے اجراء کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔تفصیلات کے مطابق چنا سفید (موٹا) فی کلو گرام 345 روپے چنا سفید (باریک) فی کلو گرام 245 روپے چنا سیاہ (موٹا) فی کلو گرام 255 روپے چنا سیاہ (باریک) فی کلو گرام 250 روپے دال چنا (موٹی) فی کلو گرام 275 روپے دال چنا (باریک) فی کلو گرام 268 روپے دال مونگ (کوری بغیر پالش) فی کلو گرام 370 روپے دال ماش (دھلی ہوئی) فی کلو گرام 385 روپے دال مسور (موٹی) فی کلو گرام 260 روپے بیسن فی کلو گرام 280 روپے چاول باسمتی (سپر کرنل نیا) فی کلو گرام 250 روپے چاول باسمتی (سپر کرنل پرانا) فی کلو گرام 260 روپے سرخ مرچ (پسی ہوئی) فی کلو گرام کمپنی ریٹ کے مطابق دودھ کھلا فی لیٹر 150 روپے دہی فی کلو گرام 170 روپے گوشت چھوٹا فی کلو گرام 1500 روپے گوشت بڑا فی کلو گرام 700 روپے روٹی تندوری 100 گرام 14 روپے تندوری نان سادہ 120 گرام 20 روپے انڈے چکن گوشت برائلر، پھل و سبزیاں روزانہ مارکیٹ کمیٹی ریٹ کے مطابق گھی فی کلو گرام آئل فی لیٹر حکومتی پالیسی کے مطابق، آٹا تھیلا 20 کلو گرام، 10 کلو گرام حکومتی پالیسی کے مطابق مہیا کیے جائیں گے ڈپٹی کمشنر ماریہ طارق نے کہا کہ دکاندار نئے نرخنامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کوئی بھی دکاندار مقررہ نرخ سے زائد وصول نہیں کرے گا۔

کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ ایسوسی ایشن میاں چنوں کے اہم اجلاس

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ ایسوسی ایشن میاں چنوں کے اہم اجلاس میں سال 26-2025 کے لئے عہدیداران کا متفقہ طور پر انتخاب کرلیا گیا، چوہدری ممتاز احمد کمبوہ صدر، چوہدری نفیس اشرف چیئرمین، قاسم افتخار جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے تفصیلات کے مطابق کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ ایسوسی ایشن میاں چنوں کے عہدیداران سال 26-2025 کے چناؤ کے لئے اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں متفقہ طور پر چوہدری ممتاز احمد کمبوہ کو صدر، چوہدری نفیس اشرف کو چیئرمین منتخب کرلیا گیا، نائب صدر کے لئے چوہدری اشفاق احمد، ذین سراج، چوہدری ذوالفقار اور بلال احمد منتخب ہوگئے، قاسم افتخار چودھری کو جنرل سیکرٹری اور عبدالجبار چوہدری کو انفارمیشن سیکرٹری منتخب کرلیا گیا، چیئرمین مجلس عاملہ چوہدری مدثر اور وائس چیئرمین مجلس عاملہ عمران چوہدری منتخب ہوئے

دنیا بھر کی طرح سرگودھا میں بھی انٹرنیشنل این جی اوز ڈے منایا گیا

تقریب ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کونسل اف این جی اوز کے زیر اہتمام سرگودھا پریس کلب میں منعقد کی گئی

موجودہ دور میں این جی اوز کو نئی چیلنجز کا سامنا ہے، جبکہ فنڈنگ میں کمی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی اہم مسائل ہیں

اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آف این جی اوز عبدالمنان چوہدری نے قرارداد پیش کی کہ ڈویژنل ڈائریکٹر میڈم شاکرہ نورین کو فوری طور پر تبدیل کیا جائے

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) دنیا بھر کی طرح سرگودھا میں بھی انٹرنیشنل این جی اوز ڈے منایا گیا، جس کا مقصد عالمی سطح پر غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) کی خدمات اور کاوشوں کو اجاگر کرنا تھا۔تقریب ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کونسل اف این جی اوز کے زیر اہتمام سرگودھا پریس کلب میں منعقد کی گئی جس میں صدر پریس کلب سرگودھا عبدالحنان چوہدری انچارج صنعت زار سوشل ویلفیئر افیسر محمد یار گوندل جنرل سیکرٹری پریس کلب شیخ محمد رضوان نے خصوصی طور پر شرکت کی اس موقع پر صدر پریس کلب سرگودھا عبدالحنان چودری انچارج صنعت زار محمد یار گوندل چیئرمین ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کونسل اف این جی اوز عبدالمنان چودری ڈاکٹر تنویر سلہری بابا شفیق ڈوگر ادریس چوہان اور دیگر مقررین کا کہنا تھا کہ "غیر سرکاری تنظیمیں ہماری معاشرتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں جو پاکستان میں پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔خصوصاً غربت، صحت، تعلیم، ماحولیاتی تحفظ اور انسانی حقوق کے شعبوں میں ان کا کردار ناقابل فراموش ہے۔" یہی این جی اوز پاکستان کے دور دراز علاقوں میں صحت اور تعلیم کے شعبوں میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔پاکستان بھر میں تقریباً 10,000 سے زائد رجسٹرڈ این جی اوز فعال ہیں جو مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔مقررین کا کہنا تھا موجودہ دور میں این جی اوز کو نئی چیلنجز کا سامنا ہے، جبکہ فنڈنگ میں کمی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی اہم مسائل ہیں۔انٹرنیشنل این جی اوز ڈے 2025 کا مرکزی موضوع "پائیدار مستقبل کے لیے شراکت داری" ہے، جس میں زور دیا گیا ہے کہ حکومتوں، نجی شعبے کو سول سوسائٹی کو مل کر کام کرنا چاہیے تاکہ عالمی چیلنجز سے نمٹا جاسکے۔پاکستان میں غیر سرکاری تنظیمیں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، اور خواتین کے حقوق کے لیے سرگرم سرگرم عمل ہیں۔انٹرنیشنل این جی اوز ڈے کے موقع پر، این جی اوز کے نمائندوں نے حکومت سے رجسٹریشن اور آپریشنل آسانیوں کا مطالبہ کیا، تاکہ وہ اپنی خدمات کو مزید بہتر طریقے سے ادا کرسکے اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹیشن کونسل اف این جی اوز عبدالمنان چودری نے قرارداد پیش کی کہ ڈویژنل ڈائریکٹر میڈم شاکرہ نورین کو فوری طور پر سرگودھا سے تبدیل کیا جائے گزشتہ تین سال سے ان کا این جی اوز کے ساتھ نامناسب رویہ کے ساتھ کسی بھی قسم کا تعاون نہ کرنا افس سے مسلسل غیر حاضری مالی معاملات میں کرپشن اور دیگر وجوہات کی بنا پر ان کو سرگودھا ڈویژن سے تبدیل کیا جائے۔جس پر سرگودھا کی 40 سے زائد این جی اوز نے قرارداد تائید کی۔انہوں نے مزید کہا کہ سرگودھا کی این جی اوز نے ہمیشہ سوشل ویلفیئر ادارے کو اپنا گھر سمجھا ہے لیکن شاکرہ نورین محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران اور این جی اوز کے درمیان اختلافات پیدا کرنے کی کوشش کی تقریب کے اختتام پر دکھی انسانیت کے لیے اعلی خدمات پیش کرنے والی این جی اوز میں شیلڈ اور سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کیے گئے۔

تاجر برادری کے حقوق کے تحفظ کیلئے ان کا بھرپور ساتھ دیں گے: ملک حامد محمود

چیمبرز آف کامرس اور مرکزی انجمن تاجران نے صنعت کاروں وتاجروں کے حقوق کے تحفظ کی خاطر ہمیشہ کلیدی کردار ادا کیا ہے: چیئرمین چیمبر آف کامرس

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے چیئرمین منظور الحق ملک اور مرکزی انجمن تاجران کے سینئر نائب صدر ملک حامد محمود سے مرکزی انجمن تاجران و چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے میڈیا کوآرڈینیٹر عامر خان نے ملاقات کی اور ان سے شیخوپورہ کی تاجر برادری کو درپیش مشکلات کے تدارک کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا ملاقات میں منظور الحق ملک اور ملک حامد محمود نے بھرپور یقین دھانی کروائی کہ وہ تاجر برادری کے حقوق کے تحفظ کیلئے ان کا بھرپور ساتھ دیں گے اور انکے درپیش مسائل کے حل کی خاطر ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا، ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عامر خان نے کہا کہ چیمبرز آف کامرس اور مرکزی انجمن تاجران نے صنعت کاروں وتاجروں کے حقوق کے تحفظ کی خاطر ہمیشہ کلیدی کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اس کاز کی انجام دہی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی تجاوزات کے خاتمہ کے آپریشن و دیگر امور کے حوالے سے تاجروں کے تحفظات و خدشات کے خاتمہ کیلئے بھی ضلعی انتظامیہ اور تاجروں میں پل کا کردار ادا کیا جائے گا۔

نیلم میٹرنٹی ہوم میں خاتون کی ہلاکت پولیس اور محکمہ صحت کی رپورٹس میں تضاد، تحقیقات کا مطالبہ

واقعے کے بعد پولیس اور محکمہ صحت کی رپورٹس میں نمایاں تضاد سامنے آیا ہے، جس نے معاملے کو مزید مشکوک بنا دیا ہے



فیصل آباد (بیورو رپورٹ) نیلم میٹرنٹی ہوم آفریدی چوک میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں دوران آپریشن ایک خاتون کی طبیعت بگڑ گئی اور وہ جانبر نہ ہوسکی۔اس واقعے کے بعد پولیس اور محکمہ صحت کی رپورٹس میں نمایاں تضاد سامنے آیا ہے، جس نے معاملے کو مزید مشکوک بنا دیا ہے۔تفصیلات کے مطابق ملت ٹاؤن پولیس کو ہیلپ لائن 15 پر اطلاع ملی کہ نیلم میٹرنٹی ہوم میں ایک خاتون آپریشن کے دوران شدید پیچیدگیوں کا شکار ہوگئی، جسے فوری طور پر الائیڈ اسپتال منتقل کیا گیا، مگر وہ زندگی کی بازی ہار گئی۔پولیس کی ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ آپریشن ایک غیر مستند اور غیر تربیت یافتہ لیڈی ڈاکٹر نے کیا، جو کسی بھی مستند طبی ادارے سے تربیت یافتہ نہیں تھی۔دوسری جانب، ڈی ڈی ایچ او صدر ڈاکٹر زونیرا انور کی جانب سے درج کرائے گئے استغاثہ میں حیران کن طور پر خاتون کی ہلاکت کو مکمل نظرانداز کر دیا گیا اور محض عطائیت کا مقدمہ درج کروا کر معاملے کو محدود کرنے کی کوشش کی گئی۔اس طرز عمل سے شبہ پیدا ہوتا ہے کہ کہیں کلینک کو کسی خاص دباؤ کے تحت ریلیف تو فراہم نہیں کیا جا رہا؟ اگر ایسا ہے تو اس میں ممکنہ طور پر کسی سرکاری اہلکار کی ملی بھگت بھی ہو سکتی ہے۔یہ افسوسناک واقعہ محکمہ صحت کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان بن چکا ہے کہ کیسے غیر قانونی طور پر عطائی ڈاکٹرز انسانی جانوں سے کھیل رہے ہیں اور ان کے خلاف مؤثر کارروائی کیوں نہیں کی جا رہی؟ عوامی حلقے حکومت پنجاب خصوصاً سیکرٹری صحت سے اپیل کر رہے ہیں کہ اس معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کروا کر ذمہ داران کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔اگر کوئی سرکاری اہلکار بھی اس میں ملوث پایا جائے، تو اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔



تھانہ ملت ٹاؤن
ضلع فیصل آباد

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

جرمنی کے انتخابات: نسل پرست اور انتہا پسند ووٹروں میں اضافہ

جرمنی میں فریڈرک مرز کی قیادت میں قدامت پسند پارٹی نے انتخابات میں برتری حاصل کر لی ہے۔ لیکن انتخابات کی سب سے بڑی خبر یہ ہے کہ 12 سال پہلے قائم ہونے والی دائیں بازو کی انتہا پسند پارٹی اے ایف ڈی ملک کی دوسری بڑی پارٹی بن کر ابھری ہے۔ اسے بیس فیصد سے زائد ووٹ ملے ہیں اور 630 رکنی ایوان میں اسے 152 نشستیں ملی ہیں۔ پارٹی کی قیادت کا دعوی ہے کہ اگلے انتخاب میں وہ حکومت سازی کے قابل ہوں گے۔ پورے یورپ میں دائیں بازو کی جماعتوں کا عروج و مقبولیت اہم سیاسی و سماجی مسئلہ کے طور پر سامنے آیا ہے۔ امیگریشن اور خراب معاشی حالات کی وجہ سے یہ پارٹیاں مسلسل ووٹروں کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو رہی ہیں۔ جرمنی اپنے نازی ماضی کی وجہ سے عام طور سے نسل پرستانہ رجحانات رکھنے والی سیاست کے بارے میں بہت حساس رہا ہے لیکن اے ایف ڈی کی کامیابی سے اب یہ محسوس ہونے لگا ہے کہ شاید جرمنی کے عوام ماضی کو بھلا کر اپنا حال بہتر کرنے کے لیے انتہا پسند نظریات کی حامل پارٹیوں کو ایک موقع دینا چاہتے ہیں۔ اے ایف ڈی کی کامیابی اس تبدیل ہوتے رجحان کی نشاندہی کرتی ہے۔ اگرچہ اے ایف ڈی کو فوری طور سے اقتدار میں حصہ ملنے کا امکان نہیں ہے کیوں کہ انتخابات میں 28 فیصد ووٹوں کے ساتھ 208 سیٹیں جیتنے والے کرسچن ڈیموکریٹک پارٹی کے اتحاد نے اے ایف ڈی کے ساتھ کسی قسم کا سیاسی اتحاد نہ کرنے کے اصول پر چلنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تاہم یورپ میں رونما ہونے والی سیاسی تبدیلیوں کے تناظر میں دیکھا جائے تو انتہا پسند نظریات کو مسترد کرنے کا یہ طریقہ فرسودہ اور ناقابل عمل ہے۔ جن ملکوں میں انتہا پسند عناصر فیصلہ کن اکثریت حاصل کر کے پارلیمنٹ میں پہنچتے ہیں، وہاں نام نہاد مین اسٹریم پارٹیاں بھی ان کے ساتھ سیاسی اتحاد بنانے میں کوئی مضائقہ محسوس نہیں کرتیں۔ اس وقت 7 یورپی ملکوں میں یہ صورت حال موجود ہے۔ کروشیا، زیک ری پبلک، فن لینڈ، ہنگری، اٹلی، نیدر لینڈز اور سلوویکیا میں انتہا پسند پارٹیوں کے نمائندے حکومتوں کا حصہ ہیں کیوں کہ ان کے تعاون کے بغیر حکومت سازی کا کام مکمل نہیں ہوسکتا۔ ماہرین کا خیال ہے کہ وقت کے ساتھ باقی ملکوں میں بھی دائیں بازو کے انتہا پسند عناصر کو ایسی ہی سیاسی طاقت حاصل ہوسکتی ہے۔ بعض مبصرین کے نزدیک ایک دہائی میں یورپ کا سیاسی نقشہ بالکل مختلف ہوگا اور دائیں بازو کی انتہا پسند پارٹیاں طاقت ور اور سیاسی امور پر اثر انداز ہونے کے قابل ہوں گی۔ جرمنی میں حیرت انگیز انتخابی کامیابی حاصل کرنے والی اے ایف ڈی پارٹی اس کی ایک عمدہ مثال ہے۔ اس پارٹی کا مین فوکس اگرچہ امیگریشن پر ہے اور اسی کی بنیاد پر یہ عوامی توجہ حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے لیکن اس کے ایجنڈے میں تارکین وطن مخالفت کے علاوہ معاشی انحطاط کو سیاسی نعرے کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ اے ایف ڈی جرمنی کو یورپی کرنسی یورو کے معاہدے سے نکالنا چاہتی ہے اور ماحولیاتی اقدامات کی حامی نہیں ہے۔

اس کا کہنا ہے کہ ماحول دوست انرجی کے منصوبوں پر سرمایہ کاری کی بجائے کوئلے کا استعمال کیا جائے اور معیشت کو ترقی دی جائے۔ یہ پارٹی یوکرین کی فوجی امداد بند کرنے کے علاوہ روس کے خلاف تمام پابندیاں ہٹانے کا مطالبہ کرتی ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے بااعتماد ساتھی اور دنیا کے امیر ترین شخص ایلون مسک نے کھل کر اے ایف ڈی کی حمایت کی تھی اور انتخابات سے قبل اس کے اجتماعات سے خطاب کرنے کے علاوہ سوشل میڈیا کمپین کا حصہ بھی بنے تھے۔ اسی طرح امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس جب میونخ سکیورٹی کانفرنس میں شرکت کے لیے ہفتہ عشرہ قبل جرمنی آئے تھے تو انہوں نے اپنی تقریر میں یورپی لیڈروں پر شدید نکتہ چینی کے علاوہ اے ایف ڈی کی حمایت کا یوں اعلان کیا کہ وہ اس پارٹی کی لیڈر ایلیس وائیدل سے ملے لیکن انہوں نے جرمنی کے چانسلر اولاف شولز سے ملاقات نہیں کی تھی۔ اس طرح امریکی حکومت نے جرمنی میں انتخابات سے چند روز پہلے واضح کر دیا تھا کہ وہ یورپ میں کن عناصر کو فیصلہ کرنے والی پوزیشن میں دیکھنا چاہتی ہے۔ یورپی ماہرین کے لیے جرمنی میں انتہائی دائیں بازو کی جماعت کی حیرت انگیز کامیابی اگرچہ غیر متوقع تو نہیں ہے لیکن یہ حیران کن ضرور ہے کیوں کہ جرمنی اپنے ہولوکاسٹ ماضی کی وجہ سے نسل پرستی اور انتہا پسندی کے معاملات میں خاصا حساس رہا ہے۔ وہاں صرف سیاسی پارٹیاں ہی نہیں بلکہ عام لوگ بھی ماضی کے مظالم کی وجہ سے شرمندگی محسوس کرتے تھے۔

میچ محنت اور تدبیر سے جیتا جاتا ہے تسبیحات کے سہارے نہیں

تحریر: عبدالستار) میاں چنوں (

ہماری کرکٹ ٹیم المعروف ایم ٹی جے الیون نے سابقہ روایت کو اس چیمپئنز ٹرافی میں بھی برقرار رکھا، جیت اور محنت یا ٹیم اسپرٹ سے کوسوں دور رہے، ہاں البتہ گراونڈ سے باہر تسبیحات کا ورد ضرور جاری رہا لیکن قدرت کا نظام انڈیا کی ٹیم کے حق میں رہا۔

خیر ہمارا تو ایمان بھی ہے نا کہ وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے، اس کی منشا کے بغیر تو پتہ بھی حرکت نہیں کرتا یہ تو پھر بھی میچ تھا، ممکن ہے مولانا طارق جمیل یہ توجیہہ پیش کریں کہ قادر مطلق ہم سے ناراض تھا۔

ہمیں ہماری ٹیم میں تبلیغی جذبہ تو خوب دکھتا ہے اچھی بات ہے لیکن سپورٹس مین شپ کی جھلک دکھائی نہیں دیتی، فائٹنگ اسپرٹ، باہمی منصوبہ بندی اور موقع کی مناسبت سے حکمت عملی تبدیل کرنے ایسے اہم فیکٹرز مفقود دکھائی دیتے ہیں۔

گیم میں ہار جیت تو ہوتی ہے لیکن اس قدر خائف، دباو اور سست روی کیوں؟

ایک ایک اسکور یا گول قیمتی ہوتا ہے لیکن ہماری ٹیم کا تو مورال اس قدر بلند تھا کہ چوکے چھکے کے چکروں میں ایک اسکور بنانے میں ہتک محسوس کر رہے تھے اور اسی ست روی کا خمیازہ آخر میں بھگتنا پڑا۔ تبلیغ کریں یا مبلغ بنیں ہمیں اس سے کیا سروکار لیکن کم از کم وہ فریضہ تو دیانتداری سے سرانجام دیں جس کی آپ کو تنخواہیں ملتی ہیں، پروفیشنل اونیسٹی کا بھرم رکھنے سے تو مذہب آپ کو منع نہیں کرتا نا ! دنیا بھر میں لوگ مختلف مذاہب پریکٹس کرتے ہیں، ہر شخص کا اپنا یقین یا سائن ہوتا ہے اور ایسا کرنے میں کوئی حرج بھی نہیں ہے لیکن یہ ایک انتہائی ذاتی سا معاملہ ہوتا ہے، دونوں کے درمیان توازن کو برقرار رکھنا بھی ایک انسانی تقاضا ہے۔

دعا و مناجات بھی اسی وقت کارگر ثابت ہوتی ہیں جب تدبیر و ریاضت کا گراف بلند ہو، قدرت بھی کمزور کا ساتھ نہیں دیتی، جہد وجہد اور کامیابی کے حصول کے لیے سرتوڑ کوششیں کرنے والوں کا ساتھ دیتی ہے۔

چلیں خیر جو ہوا سو ہوا، کاتب تقدیر کو یہی منظور تھا، اب ہماری ٹیم جماعت میں چالیس روز یا سال لگانے کے لیے بالکل آزاد ہے، میچ تو نہیں جیت پائے چلیں آخرت ہی اچھی ہو جائے۔ خیر ہمارا تو ایمان بھی ہے نا کہ وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے، اس کی منشا کے بغیر تو پتہ بھی حرکت نہیں کرتا یہ تو پھر بھی میچ تھا، ممکن ہے مولانا طارق جمیل یہ توجیہہ پیش کریں کہ قادر مطلق ہم سے ناراض تھا۔

ہمیں ہماری ٹیم میں تبلیغی جذبہ تو خوب دکھتا ہے اچھی بات ہے لیکن سپورٹس مین شپ کی جھلک دکھائی نہیں دیتی، فائٹنگ اسپرٹ، باہمی منصوبہ بندی اور موقع کی مناسبت سے حکمت عملی تبدیل کرنے ایسے اہم فیکٹرز مفقود دکھائی دیتے ہیں۔ ایک ایک اسکور یا گول قیمتی ہوتا ہے لیکن ہماری ٹیم کا تو مورال اس قدر بلند تھا کہ چوکے چھکے کے چکروں میں ایک اسکور بنانے میں ہتک محسوس کر رہے تھے اور اسی ست روی کا خمیازہ آخر میں بھگتنا پڑا۔ ایک ایک اسکور یا گول قیمتی ہوتا ہے لیکن ہماری ٹیم کا تو مورال اس قدر بلند تھا کہ چوکے چھکے کے چکروں میں ایک اسکور بنانے میں ہتک محسوس کر رہے تھے اور اسی ست روی کا خمیازہ آخر میں بھگتنا پڑا۔ ویسے بھی دنیا فانی ہے، دنیا تو دنیا داروں کے لیے ہے، ہمیں اس مردار دنیا سے کیا لینا دینا بھائی؟

نماز بندگی کا حسین اظہار

تحریر: علیم رف آرائیں

نماز اللہ تعالی کی وہ عظیم عبادت ہے جو بندے کو اپنے رب سے جوڑتی ہے۔ یہ وہ پل ہے جو ہمیں دنیا کی فکروں، پریشانیوں اور مصیبتوں سے نکال کر رحمت کے سائے میں لے آتا ہے نماز محض چند مخصوص حرکات و سکنات کا نام نہیں بلکہ یہ ایک مکمل نظام زندگی ہے جو دل کی پاکیزگی روح کی بالیدگی اور عمل کی درستگی کا درس دیتا ہے قرآنِ مجید میں بار بار نماز قائم کرنے کا حکم دیا گیا ہے: "بے شک، نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے۔) "سور العنکبوت: (45 یہ عبادت ہمیں تقوی، صبر، عاجزی اور شکرگزاری کا درس دیتی ہے۔ جب ایک بندہ دن میں پانچ مرتبہ اللہ کے حضور جھکتا ہے تو اس کے دل سے غرور و تکبر مٹ جاتا ہے اور عاجزی وانکساری اس کی طبیعت میں رچ بس جاتی ہے نماز کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے

کہ یہ دل کو سکون اور روح کو طہارت عطا کرتی ہے۔ دنیا کی تھکن اور مشکلات کو دور کرنے کا سب سے بہترین ذریعہ یہی ہے کہ ہم اللہ کے سامنے سجدے میں گر جائیں اور اس سے اپنے دل کا حال بیان کریں) حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے: "قیامت کے دن سب سے پہلا سوال نماز کے بارے میں ہوگا

اگر یہ درست ہوئی تو باقی اعمال بھی درست ہوں گے اور اگر یہ خراب ہوئی تو باقی اعمال بھی خراب ہوں گے۔) "ترمذی (



یہی وجہ ہے کہ جو لوگ نماز کو اپنی زندگی کا لازمی جزو بنا لیتے ہیں ان کی زندگی میں برکت آتی ہے

ان کے دل میں نور زبان میں سچائی اور عمل میں پاکیزگی آجاتی ہےہمیں چاہیے کہ ہم نماز کو بوجھ نہیں بلکہ اپنے رب سے ملاقات کا ایک حسین لمحہ سمجھیں اس عبادت میں جو سکون اور برکت ہے، وہ دنیا کی کسی چیز میں نہیں یہی وہ عمل ہے جو ہمیں دنیا اور آخرت میں کامیابی کی طرف لے جاتا ہے اللہ ہمیں نماز قائم کرنے اور اس کے نور سے اپنی زندگی کو روشن کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین

بھٹو کی مقبولیت کے اسباب ڈاکٹر مہدی حسن کی یادداشتیں

تحریر: محمود الحسن

کافی مصروفیات تھی اس لیے کالم لکھ نہیں سکا اب ملک پاکستان کو جس طرح سے تباہ کیا جا رہا ہے یا ہو رہا ہے اسے دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے بات یہ ہے کہ پاکستان کے موجودہ سیاسی اور معاشی حالات ایک دوسرے سے گہرے طور پر جڑے ہوئے ہیں۔ سیاسی عدم استحکام، بیرونی قرضوں کا بوجھ، مہنگائی، اور صنعتی و زرعی شعبوں کی زبوں حالی نے ملک کو ایک ایسے اقتصادی دہانے پر کھڑا کر دیا ہے جہاں سے واپسی کے لیے فوری اور جامع اقدامات کی ضرورت ہے۔ گذشتہ دہائیوں کے معاشی اتار چڑھا کو سامنے رکھیں تو یہ واضح ہوتا ہے کہ موجودہ بحران محض "حادثاتی " نہیں، بلکہ ساختی کمزوریوں، غلط پالیسیوں، اور سیاسی ترجیحات کے تصادم کا نتیجہ ہے۔

گذشتہ دہائیوں کے معاشی اتار چڑھا کو سامنے رکھیں تو یہ واضح ہوتا ہے کہ موجودہ بحران محض "حادثاتی " نہیں، بلکہ ساختی کمزوریوں، غلط پالیسیوں، اور سیاسی ترجیحات کے تصادم کا نتیجہ ہے۔

حکمِ اذان
شاکر ملک
yaseen.shakar@gmail.com

اس وقت پاکستان کی معیشت کا سب سے بڑا چیلنج مہنگائی ہے، جس کی شرح فیصد سے تجاوز کر چکی ہے۔ روٹی، تیل، بجلی، اور گیس کی قیمتیں عوام کے لیے ناقابل برداشت ہیں۔ روپے کی قدر میں تاریخی کمی)ڈالر کے مقابلے میں روپے تک (نے درآمدات کو مہنگا کر دیا ہے، جس سے صنعتوں پر قرضوں کا بوجھ بڑھا ہے۔ بیرونی قرضوں کا حجم ارب ڈالر سے زیادہ ہو چکا ہے، جبکہ زرمبادلہ کے ذخائر بمشکل ایک ماہ کی درآمدات کو پورا کرنے کے قابل ہیں۔ بے روزگاری میں اضافہ، خاص طور پر نوجوانوں میں مایوسی کو ہوا دے رہا ہے۔ گذشتہ معیشت سے موازنہ کریں تو پتہ چلتا ہے کہ کی دہائی کے "ترقی کے دور"، کی دہائی میں افغان جنگ کے دوران امریکی امداد، یا۔ کے دور میں فیصد کی اقتصادی نمو کو دیکھیں تو واضح ہوتا ہے کہ پاکستان کی معیشت بیرونی محرکات)امداد، قرضے، یا جنگی معاشیات (پر زیادہ انحصار کرتی رہی ہے۔ مثال کے طور پر، مشرف دور میں ارب ڈالر کے قرضے معاف ہونے اور اکے بعد کی امداد نے معیشت کو سہارا دیا، مگر اس دور میں بھی ٹیکس نظام کی اصلاح، برآمدات میں اضافہ، یا اداروں کی مضبوطی جیسے اقدامات نظرانداز ہوئے۔ آج یہی ساختی کمزوریاں ہمارے سامنے ہیں اوبنیادی مسائل کا یہ چن ایک بنتے ہیں۔ سیاسی عدم استحکام حکومتوں کے بار بار بدلنے، احتساب کے نام پر انتقامی کارروائیوں، اور جماعتی اختلافات نے معاشی پالیسیوں کو یکسوئی سے محروم رکھا ہے۔ ٹیکس نظام کی ناکامی آبادی کا صرف فیصد ٹیکس دیتا ہے۔ زمینوں کی غیر رسمی معیشت، جاگیردارانہ نظام، اور کرپشن نے ریونیو کو کمزور کیا ہے۔ ۔ توانائی کا بحران گیس اور بجلی کی قلت، سرکاری اداروں کے نقصانات، اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات کی عدم توجہی نے صنعتوں کو دیوالیہ کر دیا۔ ۔ آئی ایم ایف کے ساتھ جکڑ بندی ہر تین سے پانچ سال بعد آئی ایم ایف کے پروگراموں نے عوامی فلاح کی پالیسیوں کو مشروط کر دیا، جس سے سماجی عدم مساوات بڑھی۔ راہِ نکلنے کے لیے تجاویز۔ سیاسی یکجہتی تمام سیاسی جماعتوں کو معاشی چیلنجز پر "قومی مفاہمت " کرنی چاہیے۔ دفاع اور معیشت جیسے شعبوں میں پالیسیاں سیاسی مفادات سے بالاتر ہونی چاہئیں۔ ۔ ٹیکس نظام کی اصلاح زمینداری، سٹاک ایکسچینج، اور ریئل اسٹیٹ جیسے شعبوں کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے۔ الیکٹرانک نظام سے شفافیت بڑھائی جائے۔ ۔ برآمدات میں تنوع ٹیکسٹائل تک محدود برآمدات کو ٹیکنالوجی، زراعت، اور خدمات کے شعبوں تک وسیع کیا جائے۔ چین کے ساتھ سی پیک کو صرف انفراسٹرکچر تک محدود نہ رکھا جائے۔ ۔ توانائی کے شعبے کی اصلاح تھرمل پاور کے بجائے شمسی اور ہوا سے چلنے والے منصوبوں پر توجہ دی جائے۔ سرکاری اداروں کو پرائیویٹائز کرنے کے بجائے انہیں خودکفیل بنایا جائے۔ ۔ تعلیم اور ہنرمندی پر سرمایہ کاری نوجوانوں کو ٹیکنالوجی اور جدید زراعت کی تربیت دے کر بیروزگاری کم کی جاسکتی ہے۔ پاکستان کی معیشت کو "بحران " سے نکلنے کے لیے سیاسی قیادت کو قومی مفاد کو ذاتی مفادات پر ترجیح دینا ہوگی۔ ہمیں اپنی تاریخ سے سبق سیکھتے ہوئے ساختی اصلاحات پر توجہ دینی ہوگی۔ اگر آج بھی ہوش کے ناخن نہ لیے گئے تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم "معجزے " کے انتظار کے بجائے محنت، ایمانداری، اور یکسوئی سے کام کریں۔

حافظ قران سے وکیل تک: محنت اور عزم کی داستان

وہ عدالت کے کورم میں کھڑا تھا۔ اس کی آواز میں اتھل پتھل کر دینے والا سکون تھا، جیسے قرآن کی آیات کی تلاوت کرتے وقت ہوتا ہے۔ مقدمے کے ثبوتوں کی لڑیوں کو جوڑتے ہوئے اس کے ہاتھ میں نہ تو مسواک تھی نہ قرآنِ پاک، بلکہ دفاعی دستاویزات تھیں۔ لیکن اس کی نگاہوں میں وہی گہرائی تھی جو کبھی حافظ قرآن ہونے کے امتحان میں نظر آتی تھی۔ یہ تھا وہ لمحہ جب 'ایڈوکیٹ حافظ مظہر سبحانی 'اپنی زندگی کے دو کرداروں کے درمیان کھڑا تھا ایک وہ جو خطروں سے لپٹے ہوئے سچ کی تلاش میں تھا، اور دوسرا وہ جو کلامِ الہی کے سائے میں سچائی کی تعلیم پا چکا تھا. 5.12.1989 کو وہ دن تھا جب چوہدری محمد دین نمبردار کہ ہاں ایک خوبصورت نوجوان بیٹا پیدا ہوا تھا کسی کو کیا پتہ تھا کہ اج کا یہ معصوم خوبصورت پھول جو کل کو قران کے نور سے سجے گا اور انصاف کی شمع سے دنیا کو روشن بھی کرے گا، گھر ایا ہے وہ جو دو کتابوں کا وارث ہوگا ایک کتاب الہی کا حافظ دوسری کتاب قانون کا محافظ ! تحصیل نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاں مجو چک میں زمیندار گھرانے سے تعلق رکھنے والے چوہدری محمد دین نمبردار کے گھر پیدا ہونے والا یہ ننھا فرشتہ اپنی ابتدائی تعلیم اس وقت اپنے گاں مجو چک سے ہی حاصل کرتا ہے، سن 1999 کی بات ہے جب مجو چک میں ایک جلسہ منعقد ہوتا اور اس جلسے کو شروع کرنے کے لیے جب تلاوت قران پاک کے لیے کسی کو کہا گیا تو وہاں پر کوئی بھی شخص ایسا موجود نہ تھا جو تلاوت قران مجید کرتا یہ بات اس وقت کے نمبردار چوہدری محمد دین پر بڑی ناگوار گزری انہوں نے دل ہی دل میں مسمم ارادہ بنا لیا کہ انشا اللہ اگلے سال میرا اپنا بیٹا حافظ قران بنے گا اور قران کے نور کو اپنے دل میں اتارے گا اور تلاوت قران پاک کرے گا، اللہ کی خوشنودی پانے اور اس نیک ارادے کی تکمیل کے لیے چوہدری محمد دین نمبردار صاحب نے اپنے بیٹے کو پرائمری ناظرہ قران) شیخوپورہ (میں داخل کروا دیا جہاں سے حافظ مظہر سبحانی نے قران پاک کی

راجہ فرید حیدر
جرنلسٹ...
نمائندہ روزنامہ
نوائے انصاف

تعلیم حاصل کرنا شروع کر دی، پر شاید قسمت کو کچھ اور ہی منظور تھا چوہدری محمد دین نمبردار اپنے بیٹے کو حافظ قران بننے کا یہ عظیم خواب اپنی انکھوں سے شرمندہ تعبیر ہوتے ہوئے نہ دیکھ سکے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ حافظ مظہر سبحانی ابھی اٹھ سال کے ہی تھے کہ ان کے والد اس دنیا کو چھوڑ کر چلے گئے اور چھوٹی سی ہی عمر میں یتیمی جیسا دردناک بوجھ ان کے کندھوں پر اپڑا، پر حافظ مظہر سبحانی نے اس وقت یہ ٹھان لیا تھا کہ وہ اپنے والد کا خواب پورا کریں گے اور قران کے نور کو اپنے سینے میں اتار کر رہیں گے، دن رات کی انتھک محنت سے وقت گزرتا گیا کئی کئی راتیں اپنے عظیم باپ کو یاد کرتے کرتے انکھوں میں سمندر کی لہریں لیے روتے ہوئے گزر جاتی پر ایک منظم ارادہ اپنے دل ہی دل میں پختہ کیا کہ وہ اپنے باپ کا خواب کو ضرور شرمندہ تعبیر کریں گے۔ وقت کا پیا چلتا رہا اور 2007 میں ایک اور صدمے سے حافظ مظہر زبانی کو گزرنا پڑا وہ تھا ان کا بڑا بھائی جو کہ شارٹ سرکٹ کی حادثاتی موت میں اپنے خالق حقیقی کو جاملا، پہلے باپ اور اب بھائی کی جدائی نے اندر ہی اندر سے حافظ مظہر سبحانی پر جو پہاڑ گرا اس غم اور درد کی کیفیت کو الفاظ میں بیان کرنا میرے لیے ناممکن ہے، پر وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالی کی ذات 70 ماں سے زیادہ پیار کرنے والی ذات ہے حافظ مظہر سبحانی کے بڑے بھائی چوہدری عبدالعزیز نمبردار نے چھوٹے بھائی مظہر سبحانی کی کفالت باپ بن کر کی اور حافظ مظہر سبحانی کی تعلیم مکمل کروائی اور بڑے بھائی کے ساتھ باپ بن کر بھی دست شفقت کا ہاتھ ان کے سر پر رکھا، بالاخر 2008 کو وہ دن اہی گیا جب حافظ مظہر سبحانی نے اپنی انتھک محنت اور ماں کی دعاں کہ سائے تلے بڑے بھائیوں کی سپورٹ سے قران پاک کی تعلیم مکمل کی اور قران کے نور کو اپنے سینے میں ہمیشہ کے لیے محفوظ کیا، ایک بیٹے کے لیے اس سے زیادہ خوشی کا لمحہ اور دن کیا ہو سکتا ہے جب اپنے مرحوم باپ کے خواب کو ان کی وفات کے اٹھ سال بعد شرمندہ تعبیر کیا، قران پاک کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد حافظ مظہر سبحانی رکنے والے نہیں تھے دل ہی دل میں ارادہ کیا کہ وہ دین اسلام کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اللہ کے قانون اور عدل وانصاف کہ فراہمی کے لیے قانون کی ڈگری بھی حاصل کریں گے اور اپنے گاں والوں کے لیے بھی ایک مثال بنیں گے۔

اپنے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لیے ضیا اسلام تتلے عالی سے 2010 میں میٹرک کی ڈگری حاصل کی۔ میٹرک کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد حافظ مظہر سبحانی نے 2012 میں گورنمنٹ ڈگری کالج گوجرانوالہ سے)ائی کام (کی ڈگری حاصل کی، اور اس کے بعد پنجاب یونیورسٹی لاہور سے 2014 میں گریجوایشن کی تعلیم حاصل کی، گریجویشن کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد 2016 میں ایم اے عربی کی ڈگری پنجاب یونیورسٹی سے حاصل کی اور اس کے ساتھ 2016 میں ہی علاقہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی طرف سے ی)بی ایڈ (کی ڈگری بھی حاصل کی، دن رات کی سخت محنت اور لگن سے ڈگریاں حاصل کرتے گئے

ٹرمپ اور غزہ کے منصوبے

متبادل عرب منصوبے اور ٹرمپ کے غزہ منصوبے میں صرف ایک فرق ہے۔ ٹرمپ غزہ پر قبضہ کرنے کی انتہاپسندانہ بات ضرور کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی غزہ کے شہریوں کو ہمسایہ ممالک میں اچھے گھر اور زندگی فراہم کرنے کا وعدہ بھی کرتے ہیں۔ اس کے برعکس عرب منصوبہ میں غزہ کے شہریوں کو علاقہ بدر کرنے کی بات نہیں کی گئی بلکہ یہ کہا گیا ہے کہ وہاں کے باشندوں کو نکالے بغیر غزہ کی تعمیر نو کی جاسکتی ہے۔ لیکن اس منصوبہ کی جو بھی تفصیلات سامنے آئی ہیں، اس میں شہریوں کو گھر فراہم کرنے اور آباد کرنے کا کوئی پہلو پیش نہیں کیا گیا۔ بلکہ غزہ کو ویسا ہی کمرشل علاقہ اور ریئل اسٹیٹ کے طور پر ترقی دینے کی بات کی گئی ہے جس کی بات ٹرمپ واضح اور دوٹوک الفاظ میں کر رہے ہیں۔ ابھی یہ بھی واضح نہیں ہے کہ عربوں کے کثیر سرمائے سے آباد کیے جانے والے غزہ میں املاک کی تقسیم سرمایہ کاری کی شرح کے مطابق ہوگی یا اس کا فیصلہ امریکی حکومت پر چھوڑ دیا جائے گا کہ وہ انصاف سے جسے جو چاہے عنایت کر دے۔ یہ بات البتہ واضح ہے کہ عرب منصوبہ پر عمل درآمد کی صورت میں غزہ کے شہریوں کو پناہ گزین کیمپوں ہی میں جگہ ملے گی اور تعمیراتی منصوبوں میں حصہ داری کی بجائے انہیں



مزدوری کا موقع دیا جائے گا۔ ٹرمپ غزہ جبری نقل مکانی سے خالی کرا کے اسے ایک اعلی ریئل اسٹیٹ میں تبدیل کرنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ جبکہ اب عرب لیڈر انہیں یہ سمجھانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ان باشندوں پر زبردستی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تعمیراتی منصوبوں پر عمل درآمد کے دوران ایک جگہ سے دوسری جگہ دھکیلے جانے کی صعوبتوں سے تنگ آ کر نسل در نسل مصائب کا سامنا کرنے والے فلسطینی خود ہی معاشی امکانات کے لیے دوسرے ملکوں کا رخ کرنے لگیں گے۔ امیر عرب ممالک ایسے موقع پر نجی کمپنیوں کے ذریعے ان مجبور لوگوں کو اپنے ملکوں میں کام کی پیش کش بھی کر سکتے ہیں۔ یوں یہ شہری خود ہی غزہ چھوڑنے اور آزادی کی جدوجہد سے توبہ کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ دیکھا جاسکتا ہے کہ اس دوران ٹرمپ کے غزہ پلان کو عرب ملکوں نے مسترد ضرور کیا تھا لیکن کہیں سے دو ریاستی حل کے مسلمہ اصول پر زور نہیں دیا گیا جس کے تحت اسرائیل کے ساتھ فلسطین کی ریاست بھی قائم ہوگی۔ کسی عرب دارالحکومت نے یہ سوال بھی نہیں اٹھایا کہ جس ملک یعنی اسرائیل نے ڈیڑھ سال کی وحشیانہ جنگ جوئی میں اس علاقے کو جان بوجھ کر تباہ کیا ہے، مستقبل میں اس کی بحالی، تعمیر و ترقی میں اس کا حصہ کیا ہوگا؟ عرب ممالک بس امریکہ سے دوستی و مہربانی کے خواہاں ہیں اور اس کے عوض کوئی بھی خدمت انجام دینے پر آمادہ ہیں۔ اب یہ خدمت غزہ کے لیے عرب پلان کے طور پر سامنے آنے والی ہے۔ خبروں کے مطابق اس منصوبہ کو چند دنوں میں حتمی شکل دینے کے بعد 4 مارچ کو قاہرہ میں منعقد ہونے والے عرب لیگ کے اجلاس میں پیش کر کے اس پر عرب اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس کے بعد اسرائیل اور امریکہ کی خوشنودی سے اس منصوبے پر عمل درآمد کا آغاز ہوگا۔

منصوبہ کے مطابق غزہ کے معاملات میں حماس کا کوئی کردار نہیں ہوگا۔ اسے اپنے ہتھیار تلف کر کے علاقہ چھوڑنا پڑے گا۔ تاہم یہ واضح نہیں ہے کہ عرب ممالک یہ مقصد کیسے حاصل کریں گے۔ یعنی حماس سے بات کیے بغیر اور غزہ کے مستقبل کے حوالے سے وہاں کے حکمران گروہ کو ساتھ ملائے بغیر کیسے اسے معاملات سے دست بردار ہونے پر مجبور کیا جائے گا۔ 7 اکتوبر 2023 کو اسرائیل کے خلاف دہشتگردی کی کارروائی

عرب ملکیت کا منصوبہ

گزشتہ روز 7 اہم عرب ممالک کے لیڈروں نے سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی دعوت پر ریاض میں ملاقات کی ہے جس میں غزہ کے مستقبل کے حوالے سے مختلف تجاویز یا منصوبوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے بعد ٹرمپ کی تجویز کا کوئی متبادل تو سامنے نہیں آیا لیکن میڈیا رپورٹس اور مبصرین نے جو خطوط واضح کیے ہیں، ان سے یہی لگتا ہے کہ عرب ممالک امریکی صدر سے کہہ رہے ہیں کہ آپ غزہ کو ہمارے حوالے کر دیں۔ عرب ممالک جس منصوبہ پر اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، اس میں غزہ کے شہریوں کو معاملات سے بے دخل کرنے کا اصول سرفہرست ہے۔ اس تجویز کے مطابق فلسطینیوں کے ماہرین پر مشتمل ایک گروپ مستقل جنگ بندی کے بعد غزہ میں انتظامی امور اور تعمیر نو کے معاملات کی نگرانی کرے گا جبکہ عرب ممالک غزہ کو دوبارہ آباد کرنے کے لیے آئندہ پانچ سال کے عرصہ میں مالی وسائل فراہم کریں گے۔ اقوام متحدہ اور دیگر عالمی اداروں کا خیال ہے کہ غزہ کی تعمیر نو کے منصوبہ پر 50 ارب ڈالر سے زائد صرف ہوں گے۔ یہ اخراجات صرف عرب ممالک ہی برداشت کر سکتے ہیں۔ سعودی عرب کی سربراہی میں عرب لیڈر اپنی اس مالی صلاحیت ہی کی بنیاد پر امریکی صدر ٹرمپ کو اس بات پر آمادہ کرنے کے لیے پرامید ہیں کہ وہ امریکی مداخلت پر اصرار کرنے کی بجائے، یہ معاملہ عرب ممالک کے حوالے کر دیں۔ وہ بھی وہی مقصد حاصل کریں گے جو ٹرمپ غزہ پر قبضہ کر کے اور وہاں کے شہریوں کو اس خطے سے نکال کر حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس دوران ایک طرف سعودی عرب غزہ کے بارے میں ٹرمپ کے بیانات پر شدید رد عمل ظاہر کرتا رہا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی گزشتہ چند روز میں ریاض اور واشنگٹن کے درمیان نئی قربتیں دیکھی گئی ہیں۔ ریاض میں امریکی وفد نے روسی وفد سے ملاقات کی ہے اور یوکرین میں جنگ کے خاتمہ کے لیے سرگرمی کا آغاز کیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ پہلے ہی واضح کر چکے ہیں کہ وہ جلد ہی روسی صدر ولادیمیر پوتن سے ریاض میں ملیں گے۔ ان سرگرمیوں کی وجہ سے عالمی سفارت کاری میں

میرے بول
سہیل کوثر
sohailkoser@gmail.com

سعودی عرب کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہوئی ہے اور سعودی میڈیا اسے نمایاں کرنے کی بھرپور کوشش بھی کر رہا ہے۔ اس موقع پر کسی سعودی لیڈر یا میڈیا مبصرین کو غزہ کے بارے میں ڈونلڈ ٹرمپ کے انسانیت سوز اور اشتعال انگیز بیانات یاد نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ جمعرات کو سعودی عرب کی سربراہی میں میامی کے مقام پر ایک سرمایہ کاری کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس کانفرنس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ مہمان خصوصی تھے۔ گویا سعودی عرب اور امریکہ کی حکومتیں عالمی سفارت کاری اور مالی تعاون میں فروغ کے منصوبوں پر مل کر کام کرنے کا واضح اعلان کر رہے ہیں اور خوش دلی سے ایک دوسرے کا ہاتھ تھام رہے ہیں۔ یہ رویہ کسی ایسے ملک کا نہیں ہوسکتا جو ایک طرف امریکہ کے غزہ منصوبہ پر دکھی اور پریشان ہو لیکن دوسری طرف امریکہ کے عالمی ایجنڈے اور قومی سرمایہ کاری منصوبہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے پر آمادہ ہو۔

جمعہ کو ریاض میں ہونے والی سربراہی ملاقات میں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، اردن کے شاہ عبداللہ دوئم، مصر کے صدر عبدالفتح السیسی، قطر کے امیر شیخ تمیم بن حماد الثانی، متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زیاد النہیان، کویت کے امیر شیخ میشال الاحمد الصباح اور بحرین کے ولی عہد سلمان بن حماد الخلیفہ شامل تھے۔ اس ملاقات میں غزہ سے حماس کے نمائندے تو دور کی بات ہے، مغربی کنارے پر انتظام سنبھالنے والی فلسطینی اتھارٹی کو مدعو کرنے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کی گئی۔ گویا واشنگٹن کے وائٹ ہاوس میں اسرائیلی وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کے ساتھ مل کر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جو منصوبہ فلسطینیوں یا عربوں کی رائے لیے بغیر طے کیا اور اس کا اعلان کیا تھا، عرب لیڈروں نے بھی اسی طریقے پر عمل کیا ہے۔ اس ملاقات کا کوئی اعلامیہ سامنے آئے بغیر بھی یہ واضح ہے کہ عرب لیڈروں نے امریکہ کے صدر کو دو نکاتی پیغام دینے کی کوشش کی ہے:

:1 جو کام آپ کرنا چاہتے ہیں اسے ہمارے حوالے کر دیں۔ ہم عرب کا لیبل لگا کر اس کام کو زیادہ خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکتے ہیں۔ اس لیے آپ بلاوجہ کیوں اس مشکل میں گرفتار ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی دیکھ لیں کہ ان سارے مصارف کو عرب ممالک نے ہی برداشت کرنا ہے، اس لیے غزہ پر حکومت کرنے یا ملکیت پر ان کا حق فائق ہے۔ باقی جب غزہ کی تعمیر نو شروع ہوگی تو منافع میں حصہ کے طور پر امریکی کمپنیوں کو بھی تعمیراتی ٹھیکے دیے جائیں گے تا کہ ہر کسی کو اس کا حق پہنچ سکے۔ :2 حماس بلکہ فلسطینیوں کا اس پورے منصوبہ میں کوئی لینا دینا نہیں ہوگا۔ غزہ میں کوئی ایسی حکومت قائم کی جائے گی جو باقی عرب ممالک کی طرح شخصی حکمرانی کے اصول پر کام کرے گی۔ اگر یہ تجاویز سب مان لیتے ہیں تو ابھی تو پانچ دس سال تعمیر اور آبادکاری کے کام میں صرف ہوجائیں گے جس دوران نام نہاد ٹیکنوکریٹ حکومت کے تحت عبوری نظام نافذ رہے گا۔

پانچ دس سال بعد اگر غزہ کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے لیے انتخابات کی نوبت آ گئی تو اس وقت تک غزہ کے فلسطینیوں کے زخم مندمل ہو چکے ہوں گے۔ وہ نام نہاد خوشحالی کے مزے چکھ رہے ہوں گے اور ایک نسل تبدیل ہو چکی ہوگی۔ اس لیے نہ کسی کو حماس یاد رہے گی اور نہ ہی احتجاج کا طریقہ۔

متبادل عرب منصوبے اور ٹرمپ کے غزہ منصوبے میں صرف ایک فرق ہے۔ ٹرمپ غزہ پر قبضہ کرنے کی انتہاپسندانہ بات ضرور کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ہی غزہ کے شہریوں کو ہمسایہ ممالک میں اچھے گھر اور زندگی فراہم کرنے کا وعدہ بھی کرتے ہیں۔ اس کے برعکس عرب منصوبہ میں غزہ کے شہریوں کو علاقہ بدر کرنے کی بات نہیں کی گئی بلکہ یہ کہا گیا ہے کہ وہاں کے باشندوں کو نکالے بغیر غزہ کی تعمیر نو کی جاسکتی ہے۔ لیکن اس منصوبہ کی جو بھی تفصیلات سامنے آئی ہیں

زنجیروں کو کاٹنے

کالے قانون کی زنجیروں کو کاٹنے کی صلاحیت جرنلسٹ خوب جانتا ہے اور وقت کے فرعونوں کو ہم نے کیسے زیر کرنا ہے یہ بھی ہم خوب جانتے ہیں اسلام اباد سے ایک بڑی اواز رانا عظیم کی ائی اور پورے پاکستان کے صحافیوں نے لبیک کہتے ہوئے پیکا ایکٹ کے خلاف احتجاجی مظاہرے کیے جہاں پورے پاکستان میں مظاہرے ہو رہے تھے وہیں پر گجرانوالہ شیر صحافت قائد صحافت نڈر قیادت بے لوث لیڈر توصیف احمد کشمیری کی اواز پر گجرانوالہ کی صحافت لبیک کہتی ہوئی پریس کلب گجرانوالہ پہنچ گئی اور پیکا ایکٹ کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا شیر صحافت ملک توصیف احمد کشمیری کی طرف تمام نگاہیں مرکوز تھیں کہ اج ہمارا لیڈر ہمیں انے والے وقت میں کیا حکم دیتا ہے اور ہم قائد تیرا ایک اشارہ حاضر حاضر لہو ہمارا کہتے ہوئے ان کے پیچھے لبیک کہیں گے ملک توصیف احمد کاشمیری کی شیر کی طرح گجرانوالہ پریس کلب میں امد ان کے ایک طرف صحافت کے میدان کا ستارہ سردار ظہیر رضا خان اور لیس ناز اور ایک طرف رفیق مغل بندہ ناچیز اور دیگر موسٹ سینئر صحافیوں کا ایک ہجوم تھا چاروں اطراف پھیلے ہوئے صحافی صرف شیر صحافت توصیف احمد کشمیری کی اواز سننا چاہ رہے تھے اور اچانک سیکرٹری جنرل سردار ظہیر رضا خان نے اٹھ کر محفل کا اغاز اللہ کے بابرکت نام اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نام سے کروایا اور وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے فوری طور پر رفیق مغل کو کہا کہ مختصر خطاب میں پیکا ایکٹ کے متعلقہ اپ اپنا بیان ریکارڈ کروائیں رفیق مغل چونکہ ایک خوبصورت چہرہ ہے صحافت کے میدان میں اور خوبصورت الفاظ کا چنا کرتے ہوئے انہوں نے کہا پیکا ایکٹ کے اس کالے قانون کو ہم نہ مانتے ہیں نہ مانیں گے حکومت نے یہ ایک ہو چھے ہتھکنڈے کا استعمال کیا ہے اور ایسے ہتھکنڈوں سے ہم ڈرنے والے نہیں ہیں اور صحافیوں کی اواز سے حال گونج اٹھا زندہ ہے صحافت زندہ ہے پیکا ایکٹ نامنظور نامنظور اسی کے ساتھ سردار ظہیر رضا خان نے دوسرے ساتھی ادریس ناز کو کہا کہ اپ اپنا بیان ریکارڈ کروائیں ادریس ناز نے کہا کہ وقت کے فرعون کا یہ جال ہم کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے اور اگر ہماری زبانیں کٹ بھی گئیں پھر بھی ہم اپنی قلم کو ہوا میں لہراتے ہوئے ان کو بتائیں گے کہ صحافی زندہ ہے تقریریں جوش پکڑ رہی تھیں محکموں کے لوگ بھی وقت پر پہنچ گئے تھے کہ صحافی کیا کرنے والے ہیں پولیس کی گاڑیاں بھی پریس کلب کے باہر اکر کھڑی ہوگئی تھی اور یہ وقت کے فرعونوں کا ڈر بتا رہا تھا کہ صحافت کی اواز کو کوئی دبا نہیں سکتا پھر سردار ظہیر رضا خان نے سید شبیر حسین شاہ کو کہا کہ اپ اپنا بیان ریکارڈ کرائیں سید شبیر حسین نے کہا کہ مختصر کہوں گا کہ اب بھی باز اجاو وقت ہے پیچھے ہٹ جا اگر یہ حسینی قافلہ اگے بڑھ گیا تو کسی یزیدیت کو ہم نہیں مانیں گے اور قلم کے تقدس کو پامال نہیں ہونے دیں گے سردار ظہیر رضا خان کی اواز پر بندہ ناچیز کو اٹھنا پڑا اور پیکا ایکٹ کے خلاف میری اواز بس یہی تھی موجودہ حکومت فرعونیت کو ہوا دے رہی ہے لیکن ہر فرعون کے دور میں ایک موسی پیدا ہوا ہے اور پھر فرعونیت تباہ ہوئی ہے لیکن ہمارے قائد کا ایک اشارہ اور حاضر حاضر لہو ہمارا یہ ایوان میں بیٹھ کر اپنے اپ کو تسلیاں دینے والے سن لیں صحافت نہ بکنے والی ہے نہ جھکنے والی ہے یہ قلم کا تقدس کبھی بھی ہم ختم نہیں ہونے دیں گے ہم اپنے حقوق کی جنگ لڑیں گے اور ازادی صحافت کی جنگ کی فتح انشااللہ بہت جلد ہوگی رانا عظیم کی ایک

GUJ
PFUJ
زندہ ضمیر
03007373200

اواز ہمارے لیے ہمیں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہے اور نڈر بے لوث صحافی شیر ببر شیر گجرانوالہ ملک توصیف احمد کاشمیری یہ ذہن میں اپنی بات رکھ لیں کہ ہر ور کر توصیف احمد کاشمیری ہے اور یہ لوگ جیلوں سے ڈرنے والے نہیں تمہاری گولیوں میں اتنا دم نہیں کہ صحافت کو چیر ڈالیں اس لیے بہتر یہی ہے کہ اپنا فیصلہ واپس لے لو اور صحافت کے میدان میں صرف صحافت کو کھیلنے دو اور صحافت ہمیشہ کی طرح ظالم سے ٹکراتی ائی ہے انشااللہ ٹکراتی رہے گی اور یہ تمہارا کالا قانون عنقریب انشااللہ ختم ہو جائے گا اور صحافت ازادی کے ساتھ اپنا کام کرے گی شیر ببر قیادت توصیف احمد کشمیری میدان میں پہلے کود کر پھر اپنے سپاہیوں کو اواز دیتی ہے پہلے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے کے لیے حاضر ہو کر پھر اپنے سپاہیوں کو کہتے ہیں کہ رانا عظیم ہمارے وہ قائد ہیں جن کی عظمت کی خاطر ہم اپنی جان بھی حاضر کر سکتے ہیں میری بات ختم ہونے پر سردار ظہیر رضا خان نے کہا ہم باتوں کی جنگ نہیں لڑتے ہم نے کوئی چوڑیاں نہیں پہن رکھی ہم جرنلسٹ نہ ڈرلوگ ہیں ہم ٹکرانا جانتے ہیں ہم اپنی صحافت کو بچانے کے لیے سیسہ پلائی دیوار بننا جانتے ہیں سن لو وقت کے ظالم حکمرانوں تمہارے ظلم کا جواب ہم صبر سے دیں گے اور اپنے حق کی خاطر تم کو جنگ لڑتے ہوئے ہم دکھائی دیں گے اور اس حق کی جنگ میں انشااللہ فتح ہماری ہی ہوگی اور پھر اچانک انتظار کی گھڑیاں ختم کرنے کے لیے سیکرٹری جنرل نے ایک بڑا اعلان کیا ایک بڑی قیادت کو بلانے کا فیصلہ کیا جس کا نام سننے کے لیے گجرانوالہ پریس کلب کے تمام صحافی بے تاب تھے اور اس قیادت کی اواز سننے کے لیے بے قرار تھے اور جب نڈر قیادت بے لوث قیادت فخر گجرانوالہ شیر گجرانوالہ ملک توصیف احمد کاشمیری کو پکارا گیا تو انہوں نے کہا مہربانی فرما کر میرے لیے تعریفی جملے مت بولا کریں میں اپ کا بھائی ہوں اپ جیسا ہوں اس لیے میرے لیے القاب کم لگایا کریں لیکن شیر صحافت کی اواز اس وقت دب گئی جب نعروں کی گونج میں یہ کہا گیا ملک توصیف کشمیری تیرا ایک اشارہ حاضر حاضر لہو ہمارا ملک توصیف کاشمیری تم قدم بڑھا ہم تمہارے ساتھ ہیں اور دیگر نعروں سے حال گونجتا رہا اور ملک توصیف کشمیری اپنے خوبصورت چہرے پر ہلکی سی مسکان لیے ہوئے صحافیوں کو اس بارے میں کچھ نہ کہہ سکے اور لاجواب کھڑے رہے اور پھر اپنی گفتگو کا اغاز کر دیا کہا کہ ہم قائد قافلہ رانا عظیم کی اواز پر اسلام اباد 12 فروری جب پہنچے

قوت
SPORTS
PAKISTAN

لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال 14 ویں ساتھ ایشین گیمز کی تیاریوں کے حوالے سے ساتھ ایشیا اولمپک کونسل ممالک کے وفد کو نیشنل ہاکی اسٹیڈیم کے دورے کے موقع پر سووینئر پیش کر رہے ہیں

بھارت کی 'بی ٹیم' بھی پاکستان کو سخت چیلنج دے سکتی ہے، سنیل گواسکر

پاکستان کے پاس باصلاحیت کھلاڑی ہیں لیکن وہ مضبوط بیک اپ بنانے میں کامیاب نہیں ہوسکے، انٹرویو

PAKISTAN
INDIA

دبئی (زیڈ این این) سابق بھارتی کرکٹر سنیل گواسکر کا کہنا ہے کہ بھارت کی بی ٹیم بھی پاکستان کو سخت چیلنج دے سکتی ہے۔ سابق بھارتی لیجنڈ سنیل گواسکر نے چیمپئنز ٹرافی 2025 میں مایوس کن کارکردگی کے بعد پاکستانی ٹیم کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے جہاں دفاعی چیمپئن ٹائٹل برقرار رکھنے میں ناکام رہے اور گروپ مرحلے سے باہر ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا موجودہ اسکواڈ اتنا مضبوط نہیں ہے کہ وہ بھارت کی بی ٹیم کا مقابلہ کرسکے۔ سابق بھارتی کرکٹر نے کہا کہ میرے خیال میں بھارت کی بی ٹیم بھی پاکستان کو سخت چیلنج دے گی، پاکستان کی موجودہ ٹیم کو انہیں ہرانا بہت مشکل ہوگا۔ سنیل گواسکر نے کہا کہ پاکستانی بلے بازوں نے اسٹرائیک روٹیٹ کرنے کے بجائے گیندیں روکنا شروع کردیں، بھارتی اسپنرز نے اپنے اوورز تیزی سے مکمل کیے اور یہ حیران کن تھا کہ پاکستانی بیٹرز نے کوئی کارکردگی نہیں دکھائی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پاس باصلاحیت کھلاڑی ہیں لیکن وہ مضبوط بیک اپ بنانے میں کامیاب نہیں ہوسکے، یہ حیران کن ہے کہ پاکستان انضمام الحق جیسے بیٹرز پیدا نہیں کرسکا۔ سابق بھارتی کرکٹر کے مطابق بھارتی ٹیم کو آئی پی ایل سے فائدہ ہوا ہے جہاں کھلاڑی تجربہ حاصل کررہے ہیں، کھلاڑیوں کو رنجی ٹرافی کھیل کر انٹرنیشنل ٹیم میں منتخب کیا جاتا ہے۔ سنیل گواسکر کا کہنا تھا کہ پاکستان کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ ان کا بینچ اسٹرینتھ اتنا مضبوط کیوں نہیں جتنا پہلے ہوا کرتا تھا۔ کہ پاکستان کے پاس باصلاحیت کھلاڑی ہیں لیکن وہ مضبوط بیک اپ بنانے میں کامیاب نہیں ہوسکے، یہ حیران کن ہے کہ پاکستان انضمام الحق جیسے بیٹرز پیدا نہیں کرسکا۔ سابق بھارتی کرکٹر کے مطابق بھارتی ٹیم کو آئی پی ایل سے فائدہ ہوا ہے جہاں کھلاڑی تجربہ حاصل کررہے ہیں

gettyimages
Credit: Pat Scala

اسپرنگ ویل، آسٹریلیا: Sportsbet Same Race Multi Handicap جیتنے کے بعد ماؤنٹنگ یارڈ میں واپس آرہے ہیں

وسیم اکرم کا نام طلاق یافتہ افراد کی فہرست میں دیکھ کر شنیرا برہم

انہوں نے اس کے ساتھ ہی خبروں کو شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق پر بھی زور دیا

لاہور (زیڈ این این) دُنیا بھر میں سوئنگ کے سلطان کے لقب سے مشہور قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم کی اہلیہ شنیرا اکرم نے اپنے شوہر کا نام طلاق یافتہ افراد کی فہرست دیکھ کر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک سوشل میڈیا پیج نے مختلف ممالک کی کرکٹ ٹیم سے تعلق رکھنے والے 12 کھلاڑیوں کی فہرست جاری کرتے ہوئے ان کی طلاق ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ اس فہرست میں پاکستانی سابق کپتان فاسٹ بالر وسیم اکرم اور بھارتی کھلاڑی انیل کمبلے کے نام بھی شامل ہیں جنہیں کوئی طلاق نہیں ہوئی ہے۔ سوشل میڈیا کی مذکورہ پوسٹ نے سماجی کارکن اور کرکٹ لیجنڈ وسیم اکرم کی اہلیہ کی توجہ فوراً حاصل کرلی۔ شنیرا اکرم نے جھوٹی خبریں پھیلانے پر سوشل میڈیا پیج کو آڑے ہاتھوں لے لیا اور پوسٹ کو ری شیئر کرتے ہوئے ان پر برس پڑیں۔ انہوں نے جھوٹ پر مبنی پوسٹ کو ری شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ بلاشبہ آپ لوگ ہر چیز سیاق و سباق سے ہٹ کر لکھتے ہیں، صرف یہی نہیں آپ لوگ درست اور قابلِ اعتماد معلومات سے بھی محروم ہیں۔ انہوں نے اس کے ساتھ ہی خبروں کو شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق پر بھی زور دیا ہے۔ واضح رہے کہ وسیم اکرم نے شنیرا سے قبل ہما مفتی سے 12 اکتوبر 1993ء کو پسند کی شادی کی تھی۔ انہوں نے اس کے ساتھ ہی خبروں کو شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق پر بھی زور دیا

چیمپئنز ٹرافی: گروپ بی پوائنٹس ٹیبل کی صورتحال عجیب ہوگئی؛ افغانستان، آسٹریلیا، انگلینڈ سب سیمی فائنل کیلئے پرامید، سب کی جدوجہد جاری

لاہور (زیڈ این این) آسٹریلیا اور جنوبی افریقا کے درمیان آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا ساتواں میچ بارش کے باعث منسوخ ہوگیا جس کے بعد دونوں ٹیموں کو ایک، ایک پوائنٹس ملا۔ گروپ اے سے پہلے ہی بھارت اور نیوزی لینڈ کی ٹیمیں سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرچکی ہیں لیکن گروپ بی کی چاروں ٹیمیں اب بھی سیمی فائنل میں رسائی کے لیے میچز کھیلیں گی۔ جنوبی افریقا اور آسٹریلیا کے دو میچز کے بعد اب تین، تین پوائنٹس ہیں اور جنوبی افریقا پوائنٹس ٹیبل پر بہترین رن ریٹ کی وجہ سے پہلے نمبر پر موجود ہے، آسٹریلیا کا دوسرا جبکہ انگلینڈ اور افغانستان بالترتیب تیسرے اور چوتھے نمبر پر موجود ہیں۔ جنوبی افریقی ٹیم سیمی فائنل میں جگہ بنانے کے لیے سب سے موزوں ٹیم ہے ان کا رن ریٹ پلس 2.140 ہے، اگر پروٹیز ہفتے کو اپنے آخری گروپ میچ میں انگلینڈ کیخلاف کامیابی حاصل کرتے ہیں تو یہ ان کے لیے سیمی فائنل میں پہنچنے کے لیے کافی ہوگا۔ اگر جنوبی افریقا انگلینڈ سے ہار جاتی ہے تب بھی وہ فائنل فور میں جگہ بنا سکتی ہے لیکن انگلینڈ کو باقی میچوں میں سے ایک میچ ہارنا ہوگا۔ گروپ بی میں آسٹریلیا دوسرے نمبر پر موجود ہے، گروپ مرحلے میں آخری میچ میں کامیابی آسٹریلیا کو سیمی فائنل میں لے جائے گی۔

ہربھجن سنگھ ہندی کرکٹ کمنٹری کو 'بکواس' کہنے پر سیخ پا ہوگئے؛ ایک بھارتی مداح کا کرکٹر کی جانب سے شیئر کی گئی ایک تصویر پر عجیب و غریب ردعمل

نئی دہلی (زیڈ این این) بھارت کے سابق کرکٹر ہربھجن سنگھ ہندی کرکٹ کمنٹری کو 'بکواس' کہنے پر سیخ پا ہوگئے اور مداح کو فوراً ہی کھری کھری سنادی۔ ہندی کرکٹ کمنٹری کو دنیا کی 'سب سے زیادہ بکواس اور بری چیزوں' میں سے ایک کہنے پر سابق بھارتی کرکٹر ہربھجن سنگھ نے سوشل میڈیا پر بھارتی مداح کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ مداح کی پوسٹ پر کمنٹ کرتے ہوئے ہربھجن نے اسے ڈانٹ پلائی اور غصے کا اظہار کیا۔ معاملہ اس وقت شروع ہوا جب ایک بھارتی مداح نے کرکٹر کی جانب سے شیئر کی گئی ایک تصویر پر اپنا عجیب و غریب ردعمل ظاہر کیا۔ بھارت کی پاکستان کے خلاف جیت کے بعد ہربھجن سنگھ نے جو تصویر شیئر کی تھی اس میں وہ دبئی کے ایک ہوٹل کے باہر پوز دیتے دکھائی دے رہے تھے اور کیپشن میں انھوں نے لکھا تھا 'جیت کا جشن'۔ اس تصویر پر مداح نے تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ 'ہندی کمنٹری اس خوبصورت کھیل سیارے پر سب سے زیادہ کربناک چیزوں میں شمار کی جاسکتی ہے'۔ اس تبصرے کے بعد ہربھجن سنگھ سے رہا نہیں گیا اور انھوں نے مداح پر جوابی حملہ کیا اور اسے اپنی زبان کی تعریف نہ کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا۔ ہربھجن سنگھ نے لکھا کہ 'واہ انگریز کی اولاد، آپ کو شرم آتی ہے، آپ کو اپنی زبان بولنے اور سننے میں فخر محسوس کرنا چاہیے'۔ اس

چیمپئنز ٹرافی کا نواں میچ پاکستان اور بنگلہ دیش کی ٹیموں کے درمیان (آج) کھیلا جائیگا

دونوں ٹیمیں سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر ہوچکی ہیں، اپنا آخری گروپ میچ کھیلیں گی

اسلام آباد (زیڈ این این) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا نواں ایڈیشن پاکستان میں شروع ہوچکا ہے جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں آج (جمعرات کو) مزید ایک میچ کا فیصلہ ہوگا جس میں گروپ اے سے پاکستان اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم، راولپنڈی میں مد مقابل ہوں گی۔ پاکستان کی ٹیم کو مایہ ناز وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان لیڈ کریں گے جبکہ بنگلہ دیش کی ٹیم مایہ ناز بلے باز نجم الحسین شانتو کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں 8 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزما ہیں جن میں میزبان دفاعی چیمپئن پاکستان، بنگلہ دیش، افغانستان، بھارت، نیوزی لینڈ، انگلینڈ، آسٹریلیا اور جنوبی افریقا شامل ہیں۔ پاکستان کی ٹیم آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں ٹائٹل کے دفاع کے لئے کوشاں تھی جو ٹائٹل کی دوڑ سے باہر ہوگئی ہے۔ بنگلہ دیش کی ٹیم بھی سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر ہوچکی ہے۔

آئی آئی ٹی بابا پاکستان کی جیت کی غلط پیش گوئی کے بعد شدید تنقید کی زد میں آگئے

6
11
19
gettyimages
Credit: DeFodi Images

لکسمبرگ: Eile205 پر گیند کے لیے لڑائی کر رہی ہے

؛ بھارتی میں لوگ جشن منا رہے ہیں اور کافی خوش ہیں تاہم ماضی میں درست پیشگوئی کرنیوالا زد میں آگیا

نئی دہلی (زیڈ این این) بھارت کے آئی آئی ٹی بابا ابھے سنگھ کو پاکستان کیخلاف بھارت کے ہارنے کی غلط پیش گوئی کرنے پر سوشل میڈیا پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کے خلاف آسان جیت کے بعد بھارتی میں لوگ جشن منا رہے ہیں اور کافی خوش ہیں تاہم ایسے میں ایک شخصیت جس کا نام سوشل میڈیا پر ٹرینڈ کرنے لگا وہ تھا ابھے سنگھ، جو ایرو اسپیس انجینئر سے سادھو بن کر آئی آئی ٹی بابا کے نام سے مشہور ہوئے ہیں۔ پاک بھارت میچ سے قبل بھارت میں درست پیش گوئیوں کے لیے مشہور آئی آئی ٹی بابا نے میچ کے حوالے سے پیش گوئی کرکے زبردست بحث چھیڑ دی تھی، ان کے دعوے نے مداحوں کو حیران کردیا تھا۔ مہا کمبھ میلے کے دوران آئی آئی ٹی بابا نے کہا تھا کہ ''میں تم کو پہلے سے بول رہا ہوں، کہ اس بار انڈیا نہیں جیتے گا'' ان کا یہ بیان سوشل میڈیا پر وائرل ہوا تھا جس سے حامیوں میں غصہ اور صدمے کی لہر دوڑ گئی تھی۔ بھارتی شائقین بابا کی بھارت کی شکست کی پیش گوئی سے ناراض ہیں تھے اور اب پاکستان کی شرمناک شکست کے بعد لوگ ان کا مذاق اڑا رہے ہیں۔؛ بھارتی میں لوگ جشن منا رہے ہیں اور کافی خوش ہیں تاہم ماضی میں درست پیشگوئی کرنیوالا زد میں آگیا۔ آئی آئی ٹی بابا پاکستان کی جیت کی غلط پیش گوئی کے بعد شدید تنقید کی زد میں آگئے

gettyimages
Credit: Michael Willson/AFL Photos

گیلونگ: گیلونگ کیٹس اور ایسنڈن بمباروں کے درمیان 2025 AFL AAMI کمیونٹی سیریز کے میچ کے دوران بمباروں کے اسحاق کاؤ گیند کو کک کر رہے ہیں۔

gettyimages
Credit: Carlos Alvarez
2020508473

میڈرڈ، اسپین :: اسپین کے بادشاہ فیلیپ VI اور اسپین کی ملکہ لیٹیزیا نمائش 'دی ٹائرنی آف کرونوس' کا دورہ کر رہے ہیں

لبنان، حزب اللہ کا نئی لبنانی حکومت کو اعتماد کا ووٹ دینے کا اعلان

نئی حکومت تحفظ و بچاؤ کے لیے نئے دروازے کھولنے کے لیے آگے بڑھے گی، پارلیمانی بلاک

بیروت (این این آئی) لبنان کی عسکری شناخت رکھنے والی سب سے بڑی سیاسی جماعت حزب اللہ کے پارلیمانی بلاک نے اعلان کیا ہے کہ وہ نئی حکومت کو اعتماد کا ووٹ دینے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بیان ایک ایسے موقع پر سامنے آیا جب پارلیمان میں اعتماد کے ووٹ کی تیاری ہے اور لبنانی حکومت اسلحہ پر ریاستی اجارہ داری اور ملک کو علاقے میں غیر جانبدار رکھنے کا عزم کیے ہوئے ہے۔ حزب اللہ کے پارلیمانی لیڈر محمد رعد نے کہا کہ ہم نے حکومت کو یہ یقین دلایا کہ ہمارے اعتماد کا ووٹ ان کے لیے ہوگا اور ساتھ ہی یہ امید ظاہر کی ہے کہ نئی حکومت تحفظ و بچاؤ کے لیے نئے دروازے کھولنے کے لیے آگے بڑھے گی۔ ہم اس بات کو بہت اہمیت دیتے ہیں کہ قومی خودمختاری کے تحفظ کے لیے ایک دوسرے سے تعاون کریں۔ ملکی استحکام کا حصول ممکن بنایا جائے اور اصلاحات کے ذریعے ملک کو آگے بڑھایا جائے۔ حزب اللہ لبنان کی سب سے بڑی اور عسکری قیادت رہ چکی ہے۔ تاہم حالیہ اسرائیلی جنگ کے دوران حزب اللہ کو بہت بھاری نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے جو اس کے لیے بہت بڑے دھچکے کا باعث بنا ہے۔ اسرائیلی بمباری کے دوران حزب اللہ سربراہ سمیت کئی اہم کمانڈر ہلاک ہوگئے۔ حزب اللہ کا ہیڈکوارٹر تباہ ہوگیا جبکہ بہت ساری تباہی بیروت میں دیکھنے میں آئی۔ جس کے بعد لاکھوں لوگوں نے نقل مکانی کی۔ نئے وزیراعظم نواف سلام نے اس موقع پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ریاستی خودمختاری اور علاقائی وحدت کے لیے حکومت اپنی افواج کے ساتھ خود ہی ذمہ داریاں نبھائے گی۔ انہوں نے اس امر کا بھی اظہار کیا کہ فوج کو لبنان کے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ سرحدوں پر تعینات کیا جائے گا اور ان کا کہنا تھا کہ اس امر کی ضرورت ہے کہ صدر جوزف عون کے اس سلسلے میں منصوبے کو آگے بڑھایا جائے اور ریاستی تحفظ ریاستی فوج کے ذمہ کیا جائے اور اسلحہ و جنگ کا فیصلہ اور امن کا فیصلہ یہ صرف ریاست کرے۔ حکومت کے وزارتی بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسرائیل کے زیر قبضہ تمام لبنانی علاقوں کو آزاد کرایا جائے اور ان 5 سٹریٹیجک پوائنٹس جن کو اسرائیل نے اپنے قبضے میں لے رکھا ہے ان کو اسرائیل سے واپس لیا جائے۔ جبکہ اسرائیل کی فوج لبنانی علاقوں سے انخلا مکمل کرے۔ محمد رعد نے کہا کہ اسرائیل کی حالیہ جنگ کا مقصد اس کے خلاف حزب اللہ کی مزاحمت کو ختم کرنا ہے اور اس کی یہ کوشش ناکام ہوگئی ہے۔ نیز یہ بھی

gettyimages
Credit: Carlos Alvarez

سپین کی ملکہ لیٹیزیا) ر (اسپین کی فوٹوگرافر ایبی لیبووٹز) ایل (کو نمائش 'دی ٹائرنی آف کرونوس' کے دورے سے پہلے سلام کر رہی ہیں

شہزادہ خالد بن سلمان کی امریکی وزیر خارجہ اور وزیر دفاع سے ملاقاتیں

ملاقات میں سعودی عرب اور امریکا کے درمیان تاریخی تعلقات کا جائزہ لیا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے واشنگٹن میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات کی۔ یہ ڈونلڈ ٹرمپ کے بطور صدر منصب سنبھالنے کے بعد امریکا کا پہلا دورہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملاقات میں سعودی عرب اور امریکا کے درمیان تاریخی تعلقات کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ مشترکہ چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لیے دونوں دوست ممالک کے وژن پر تبادلہ خیال ہوا۔ ان میں بین الاقوامی امن و سلامتی اور مشترکہ دل چسپی کے متعدد امور شامل تھے۔ امریکی وزارت خارجہ کے مطابق دونوں شخصیات کے درمیان بحیرہ احمر کے امن، جہاز رانی کی آزادی اور دونوں ملکوں کے بیچ سیکورٹی شراکت داری کو مضبوط بنانے جیسے امور زیر بحث آئے۔ شہزادہ خالد اور روبیو کی بات چیت میں شام، لبنان اور غزہ میں امن پر تبادلہ خیال بھی ہوا۔ سعودی وزیر دفاع نے واشنگٹن کے سرکاری دورے میں امریکی قومی سلامتی کے مشیر مائیک والٹز سے بھی ملاقات کی۔ والٹز نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں لکھا کہ میں سعودی وزیر داخلہ اور اپنے پیارے دوست شہزادہ خالد بن سلمان کی وائٹ ہاس میں میزبانی پر بہت مسرور ہوں، یقیناً ٹرمپ انتظامیہ اور مملکت سعودی عرب امن، خوش حالی اور ترقی کے فروغ کے لیے متحد ہو کر کھڑی ہیں۔ دوسری جانب شہزادہ خالد بن سلمان نے ایکس پلیٹ فارم پر لکھا مجھے اپنے دوست اور امریکی قومی سلامتی کے مشیر مائیکل والٹز سے ملاقات کر کے خوشی ہوئی۔

شام میں قومی مکالمہ کانفرنس، احمد الشرع کا ریاست کی وحدت پر زور: شام نے خود کو خود سے آزاد کرایا ہے لہذا وہ اس لائق ہے کہ خود سے خود کی تعمیر کرے، خطاب

دمشق (این این آئی) شام کے عبوری صدر احمد الشرع نے کہا ہے کہ اس وقت ریاست کی تعمیر نو کا غیر معمولی تاریخی نادر موقع ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انھوں نے یہ بات قومی مکالمہ کانفرنس میں اپنے خطاب میں کہی۔ سیکڑوں شامی آج اس ایک روزہ کانفرنس میں شرکت کے لیے دمشق میں صدارتی محل پہنچ گئے۔ یہ عام افراد سرخ قالینوں پر چلے جو ماضی میں محض چند بڑی غیر ملکی شخصیات کے لیے مخصوص ہوتا تھا جو سابق صدر بشار الاسد سے ملاقات کے لیے شام کا دورہ کیا کرتے تھے۔ احمد الشرع نے اپنے خطاب میں کہا کہ شام نے خود کو خود سے آزاد کرایا ہے لہذا وہ اس لائق ہے کہ خود سے خود کی تعمیر کرے۔ الشرع نے مختلف مسلح گروپوں کو ایک عسکری قیادت کے تحت متحد ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔ کانفرنس کے شرکا چھ ورکنگ گروپوں میں تقسیم ہوگئے تاکہ عبوری نظام اور آئین، ریاستی اداروں کی تعمیر اور ذاتی آزادی، مستقبل میں شام کے لیے معاشی ماڈل اور ملک میں سول سوسائٹی کے کردار کو زیر بحث لایا جائے۔ احمد الشرع کے خطاب کے بعد کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی نے بین الاقوامی پابندیوں پر تنقید کی اور کہا کہ یہ شامی عوام کے ارادے پر دباؤ کے ذریعے کے طور پر استعمال کی جارہی ہیں۔

یو اے ای فوڈ بینک کے اقدامات سے دنیا بھر میں 28 ملین افراد مستفید؛ پانچ ہزار رضا کاروں اور شرکا نے ضرورت مندوں میں خوراک کی تقسیم میں حصہ لیا، رپورٹ

ابوظہبی (این این آئی) امارات فوڈ بینک کے سال 2024 کے سالانہ نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ گذشتہ سال دنیا میں تقریبا 28 اعشاریہ 9 ملین افراد نے بینک کی مہمات اور پروگراموں سے استفادہ کیا جو کہ سال 2023 کے مقابلے میں 55 فیصد زیادہ ہے، یہ نتائج مقررہ اہداف اور عمومی کارکردگی کے اشاریوں سے 100 فیصد زیادہ ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تقریبا 5,000 رضا کاروں اور شرکا نے فاضل خوراک کے انتظام کی سرگرمیوں کی حمایت اور ان پر عمل درآمد اور ضرورت مندوں میں خوراک کی تقسیم میں حصہ لیا، جبکہ مقامی اور بین الاقوامی فوڈ اور خیراتی اداروں کے عطیہ دہندگان کی تعداد 52 فی صد اضافے کے ساتھ 1,214 تک پہنچ گئی ہے۔ فوڈ بنک نے 157 آگاہی پروگرامات نافذ کیے گئے، جن میں تقریبا 534 افراد نے حصہ لیا۔ دریں اثنا بینک نے فوڈ سکیورٹی کے شعبے میں مثبت ماحولیاتی اثرات چھوڑنے میں اپنا حصہ ڈالا جس کی نمائندگی تقریبا 5,466 ٹن خوراک کو لینڈ فل سے ہٹا کر اس طرح ماحولیاتی آلودگی اور خوراک کے نتیجے میں اخراج کو کم کرنے اور 2027 تک خوراک کے ضیاع کو 30 فیصد تک کم کرکے ماحولیاتی پائیداری کو بڑھانے کے اپنے مقاصد میں سے ایک کی حمایت کی۔

سعودی حکومت دنیا میں سب سے زیادہ قابل بھروسہ حکومت قرار

امریکہ 47 فی صد کے ساتھ دوسرے، جرمنی تیسرے اور اور برطانیہ کا چوتھا نمبر ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) ایڈلمین ٹرسٹ رپورٹ برائے 2025 کے نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب دنیا کا سب سے قابل اعتماد ملک ہے، جس کا سرکاری شعبے میں 87 فیصد اسکور ہے اور مملکت نے بہت سے ترقی یافتہ ممالک کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ سعودی عرب دنیا کی سب سے قابل اعتماد حکومت ہے جس نے غیر تیل کے شعبوں کو مضبوط بنانے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے سے شروع کر کے غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور آمدنی کے ذرائع کو متنوع بنانے کے لیے انتھک محنت کی ہے۔ سالانہ رپورٹ جو کہ اعتماد کے حوالے سے سب سے نمایاں عالمی مطالعات میں سے ایک ہے میں حکومت پر عوام کے اعتماد کی حد کی پیائش کی گئی ہے، جبکہ اعتماد کی سطح میں مسلسل اضافے کی نشاندہی کرتی ہے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سعودی عرب پر اعتماد اپنی بلند سطح پر برقرار ہے۔ مملکت دنیا کے ممالک کے مقابلے میں 69 فیصد کے ساتھ دنیا کا سب سے زیادہ پرامید ملک ہے۔

دباؤ میں آکر امریکہ سے جوہری مذاکرات نہیں کریں گے، ایران

مولانا فضل الرحمان، JUI کے سربراہ، قطر میں حماس کے رہنماؤں کے ساتھ ملاقاتیں کر رہے ہیں

امریکہ کے ساتھ براہ راست مذاکرات کا کوئی امکان نہیں ہے، وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ تہران دبا اور دھمکیوں کے تحت اپنے جوہری پروگرام پر امریکہ کے ساتھ براہ راست مذاکرات نہیں کرے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ نے تہران میں اپنے روسی ہم منصب سرگئی لاوروف کے ساتھ ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ جب تک زیادہ سے زیادہ دباؤ جاری رہے گا امریکہ کے ساتھ براہ راست مذاکرات کا کوئی امکان نہیں ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ہم نے لاوروف کے ساتھ ایرانی جوہری پروگرام پر قریبی مشاورت کی ہے، کیونکہ ہماری ٹیمیں مسلسل رابطے میں ہیں اور ہم یہ رابطے جاری رکھیں گے۔ ہم نے مسٹر لاوروف کو تین یورپی ممالک کے ساتھ ہونے والی بات چیت کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ ایران اپنے جوہری پروگرام پر اپنے شراکت داروں روس اور چین کے ساتھ ہم آہنگی جاری رکھے گا۔ ہم نے ایرانی جوہری پروگرام کے معاملے پر بات چیت کی ہے۔ ہمارے ماہرین براہ راست رابطے میں ہیں اور ہم انہیں جاری رکھیں گے۔ جوہری پروگرام پر اپنے روسی اور چینی شراکت داروں کے ساتھ ہم آہنگی جاری رکھیں گے۔ جوہری مذاکرات کے بارے میں ایران کا موقف مکمل طور پر واضح ہے۔ ہم دبا، دھمکیوں یا پابندیوں کے تحت کسی بھی قسم کے مذاکرات میں شامل نہیں ہوں گے۔

gettyimages
Credit: Vatican Pool

ویٹیکن سٹی: اپوسٹولک پیلس میں سامعین کے دوران "ٹیبل فار پیس" میں حصہ لینے والے شرکا اور نوبل انعام یافتہ افراد سے ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ملکی ترقی اور استحکام کے لئے امن ناگزیر ہے: چیئرمین غلام مصطفی انصاری

بین الاقوامی سطح پر ایک پرامن معاشرہ تشکیل دینا وقت کی اہم ضرورت ہے نیشنل پیس کونسل ایک ایسا پلیٹ فارم ہے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) نیشنل پیس کونسل کے چیئرمین غلام مصطفےٰ انصاری نے کہا ہے کہ ملکی ترقی اور استحکام کے لئے امن ناگزیر ہے بین الاقوامی سطح پر ایک پرامن معاشرہ تشکیل دینا وقت کی اہم ضرورت ہے نیشنل پیس کونسل ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جس کے نظریات کو اپنا کر ہم امن اور بھائی چارے کے فروغ کے لئے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں ہم اب تک پاکستان میں بسنے والے دیگر مذاہب و مسالک کو آپس میں جوڑنے اور ایک پلیٹ فارم لانے کی جس طرح کوشش کر رہے ہیں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی معاشرتی ناہمواریوں میں ہم نے ایک بڑا کام کیا ہے اب تک تقریباً 400 ایسے خاندانوں میں صلح کروا کر بنیادی اور دیرینہ دشمنی کا مکمل خاتمہ کروا چکے ہیں جو اب ہنسی خوشی زندگی بسر کر رہے ہیں ہم نے پنجاب کے ساتھ ساتھ دیگر صوبوں میں بھی اسی طرح کی بہت ساری مثالیں قائم کی ہیں ہم نے کشمیر کاز پر انڈیا کی بزدلانہ کاروائیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے ہمارا اگلا ہدف بین الاقوامی سطح پر پاکستان کو امن اور سلامتی کا گہوارہ بنا کر پیش کرنا ہے جس کے لئے ہم نے باہمی منصوبہ بندی کی ہے آج کی نوٹیفکیشن تقریب کا مقصد اپنی ٹیم کو نہ صرف پنجاب بلکہ پورے پاکستان اور انٹرنیشنل سطح تک لے کر جانا ہے میں پنجاب بھر سے آئے ہوئے عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ نیشنل پیس کونسل کے پلیٹ فارم پر رہتے ہوئے ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے اور بین المذاہب ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے

ڈپٹی کمشنر عمران علی کے ساتھ صحافتی گروپ جے ایس گروپ کی تعارفی میٹنگ

صحافیوں نے ڈپٹی کمشنر کو شہر بھر کے مسائل کے متعلق آگاہ کیا جس کا ڈپٹی کمشنر نے حل کرنے کا وعدہ بھی کیا

قصور (مہر شان الٰہی سے) قصور میں نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر عمران علی کے ساتھ قصور کے سب سے بڑے صحافتی گروپ جے ایس گروپ کی تعارفی میٹنگ ہوئی جس میں گروپ کے لیڈران الیکٹرانک پرنٹ میڈیا کے صحافیوں نے ڈپٹی کمشنر کو شہر بھر کے مسائل کے متعلق آگاہ کیا جس کا ڈپٹی کمشنر نے حل کرنے کا وعدہ بھی کیا۔ قصور تفصیلات کے مطابق سابق ڈپٹی کمشنر اورنگزیب حیدر کی تبدیلی کے بعد نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کے ساتھ قصور کے سب سے بڑے صحافتی گروپ جے ایس گروپ کی تعارفی میٹنگ ہوئی تعارفی میٹنگ صدر حاجی شریف مہر اور مہر محمد جاوید چیئرمین پریس کلب کی سربراہی میں ہوئی جنرل سیکرٹری پریس کلب محمد عمران فیضی محمد شفیق سہجر یا صدر یونین آف جرنلسٹ سرپرست اعلیٰ الحاج اکرم ذکی چیئرمین یونین آف جرنلسٹ چوہدری محمد احمد کے علاوہ ملاقات میں شہروز زیب کمبوہ حبیب لیاقت نفیس قادری غلام مرتضیٰ چشتی وقاص زیب عثمان علی محمد طیب مہر اشرف ذیشان اشرف شفیق سالک اور دوسرے صحافیوں نے بھرپور شرکت کی پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے صحافیوں نے نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر کو قصور کے مسائل کے متعلق آگاہ کیا جبکہ ڈسٹرکٹ ہسپتال تجاوزات ستھرا پنجاب پروگرام ٹریٹمنٹ پلانٹ آوارہ کتوں منگل منڈیوں تفریحی پارک کے علاوہ قصور کے مختلف مسائل پر گفتگو کی گئی ڈپٹی کمشنر نے تمام مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی اور مل جل کر کام کرنے کی بھی یقین دہانی کروائی قصور کے مسائل اجاگر کرنے پر ڈپٹی کمشنر نے جے ایس گروپ کا شکریہ ادا کیا۔

جہلم اولڈ جی ٹی روڈ جادہ تا شاندار چوک حادثات روزانہ کا معمول بن گے

ایک سال میں شاندار چوک تا ٹریفک دفتر تقریباً 2 کلومیٹر سڑک پر سب سے زیادہ حادثات رونما ہوئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم اولڈ جی ٹی روڈ جادہ تا شاندار چوک حادثات روزانہ کا معمول بن گے گزشتہ ایک سال میں شاندار چوک تا ٹریفک دفتر تقریباً 2 کلو میٹر سڑک پر سب سے زیادہ حادثات رونما ہوئے شہریوں کا ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم اولڈ جی ٹی روڈ جادہ چوک سے شاندار چوک تقریباً دو کلو میٹر کی سڑک پر جگہ جگہ یو ٹرن قائم ہونے کیوجہ سے آئے روز حادثات رونما ہو رہے ہیں اس غفلت کی زمہ داری محکمہ پراونشل ہائی وے کے زمہ داران اور ٹھیکیدار کے زمہ ہے اس سے قبل جادہ تا شاندار چوک صرف دو مقامات پر یوٹرن تھے جسکی وجہ سے حادثات کا نام ونشان نہیں تھا محکمہ پراونشل ہائی وے کے سب انجینئر سب ڈویژنل آفیسر اور ایکسین کی سرپرستی کی وجہ سے جادہ تا شاندار چوک سڑک تعمیر کرنے والے ٹھیکیدار نے جان بوجھ کر دورویہ سڑک پر جگہ جگہ یوٹرن قائم کر دیے ہیں جسکی روزانہ کی بنیاد حادثات رونما ہو رہے ہیں شہریوں نے نمبر قومی اسمبلی بلال اظہر کیانی کمشنر راولپنڈی ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس سے مطالبہ کیا ہے اس منصوبے کی تحقیقات کروائی جائے

سپیریئر پبلک ھائی سکول سکندر چوک کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا شاندار انعقاد

طلبہ، اساتذہ، والدین سیاسی رہنما اور معزز مہمانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی

پاکپتن سکندر چوک (محمد عمران جنجوعہ) سکندر چوک سپیریئر پبلک ھائی سکول سکندر چوک کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا شاندار انعقاد سپیریئر پبلک ھائی اسکول سسٹم میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات شاندار انداز میں منعقد کی گئی، جس میں طلبہ، اساتذہ، والدین سیاسی رہنما اور معزز مہمانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا، جس کے بعد اسکول کے طلبہ نے ملی نغمے، تقاریر اور دیگر رنگا رنگ پروگرام پیش کیے۔ بہترین تعلیمی و غیر نصابی کارکردگی دکھانے والے طلبہ کو انعامات اور اسناد سے نوازا گیا اس موقع پر ماسٹر عابد صاحب نے طلبہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہی وہ ہتھیار ہے جو نوجوانوں کو ایک روشن مستقبل کی جانب گامزن کرتا ہے۔ اسکول کے پرنسپل ملک محمد اعجاز کھوکھر نے تقریب کے اختتام پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور طلبہ کی مزید کامیابیوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

ساہیوال جم خانہ میں پنجاب وائٹ اور پنجاب گرین کی ٹیموں میں والی بال کا نمائشی میچ کھیلا گیا

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی ہدایت پر ساہیوال جم خانہ میں پنجاب وائٹ اور پنجاب گرین کی ٹیموں میں والی بال کا نمائشی میچ کھیلا گیا جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ میچ کا مقصد عوام میں کھیلوں میں حصہ لینے کا شوق پیدا کرنا اور انہیں تفریح فراہم کرنا تھا۔ میچ دلچسپ مقابلے کے بعد پنجاب وائٹ کی ٹیم نے 1 کے مقابلے میں 2 گیمز سے جیت لیا۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید اور آر پی او محبوب رشید میچ کے مہمانان خصوصی تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود اور ڈی پی او رانا طاہر رحمان مہمانان اعزاز تھے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر مہر محمد عامر رشید، چیف آفیسر ضلع کونسل خداداد تارڑ اور اسسٹنٹ کمشنر رانا اورنگزیب بھی موجود تھے۔ میچ کے دوران جھومر پرفارمنس بھی ہوئی جسے شائقین نے بے حد سراہا۔

ڈپٹی کمشنر نے شورکوٹ میں 2 روزہ بوائز اینڈ گرلز اسپورٹس گالا کا افتتاح کردیا

طلباء و طالبات بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، ہینڈ بال، والی بال اور رسہ کشی جیسے کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے شورکوٹ میں 2 روزہ بوائز اینڈ گرلز اسپورٹس گالا کا افتتاح کر دیا۔ جس میں تحصیل بھر کے اسکولز اور کالجز کے طلباء و طالبات بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس، ہینڈ بال، والی بال اور رسہ کشی جیسے کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل کو کھیلوں کی طرف راغب کرنا ہماری ترجیح ہے، کیونکہ کھیل نہ صرف صحت کے لیے فائدہ مند ہیں بلکہ ان سے نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم اسپرٹ اور مقابلہ جات کا جذبہ بھی پیدا ہوتا ہے۔ جبکہ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد عمران کا کہنا تھا کہ ایسے پروگراموں سے نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں میں مشغولیت بڑھے گی اور وہ معاشرے کے مفید افراد بن سکیں گے۔ اسپورٹس گالا میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء و طالبات کی بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔ مقابلوں کے انعقاد کا مقصد نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ ان کی صلاحیتوں کو نکھارنا اور انہیں قومی و بین الاقوامی سطح پر نمایاں کرنا ہے۔ اس موقع پر مقامی انتظامیہ، اساتذہ اور والدین نے بھی شرکت کی اور کھیلوں کے فروغ کے لیے حکومتی کوششوں کو سراہا۔ اسپورٹس گالا کے اختتام پر کامیاب کھلاڑیوں کو انعامات اور سرٹیفکیٹس سے نوازا جائے گا۔ یہ تقریب نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ اور صحت مند سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ایک اہم قدم ہے۔

چیئرمین خالد جاوید کی صدارت پریس کلب میں اجلاس کا انعقاد

بھلوال پریس کلب (رجسٹرڈ) کے انتخابات عید الفطر کے بعد ہونگے

بھلوال (تحصیل رپورٹر) بھلوال پریس کلب (رجسٹرڈ) کا ایک اجلاس زیر صدارت چیئرمین خالد جاوید منعقد ہوا جس میں فیصلہ کیا گیا کہ بھلوال پریس کلب (رجسٹرڈ) کے انتخابات عید الفطر کے بعد ہونگے اس دوران نئے ممبران کو بھی ممبر شپ دی جائے گی۔ اجلاس میں عبوری عرصہ کیلئے ملک اظہر علی کو بطور صدر بھلوال پریس (رجسٹرڈ) کلب منتخب کیا گیا جس کی تمام ممبران نے متفقہ طور پر منظوری دی ہے۔ چیئرمین جاوید خالد نے اراکین کو بتایا کہ بھلوال پریس کلب (رجسٹرڈ) کو فعال بنانے کے لیے نئے عبوری صدر کی تقرری کی گئی ہے۔ سرپرست اعلیٰ خواجہ ادیب ناصر نے اجلاس کو بتایا کہ بھلوال پریس کلب میں نئے صحافی ممبران کو خوش آمدید کہا جائیگا۔

ماسٹر فیوچر سکول سسٹم میں سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

طلباء وطالبات کا مہمان خصوصی چودھری مشتاق احمد گجر اور چیئرمین سکول ہذا ماسٹر لیاقت علی کے ہمراہ گروپ فوٹو



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری) لین دین کے تنازعہ پر بااثر ملزمان کی دکان پر شدید فائرنگ، گھر اور دکان کے در و دیوار چھلنی، ایک راہگیر فائرنگ کی زد میں کر شدید زخمی، تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ اولکھ بھائیکے میں عمران اور سہیل کے درمیان پیسوں کے لین دین کا تنازعہ چل رہا تھا عمران جو کہ بیرون ملک مقیم ہے اس نے اپنے سسرالیوں سے تیس کروڑ روپیہ لینا تھا اسی رنجش پر سہیل، احمد وغیرہ نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ عمران کے بھائی اشرف اور افضل کی دکان پر دھاوا بول دیا اور فائرنگ کر کے جنرل سٹور کے در و دیوار چھلنی کر دیئے۔ ملزمان کی شدید فائرنگ سے دکان میں موجود فریزر اور دیگر اشیاء مکمل تباہ ہو گی ملزمان نے دستی ہتھیاروں کی مدد سے افضل کو شدید مضروب کیا جبکہ ایک راہگیر اویس ملزمان کی فائرنگ کی زد میں کر شدید زخمی ہو گیا وقوعہ کے بعد ملزمان اسلحہ لہراتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے، مقامی پولیس تھانہ نوشہرہ ورکاں نے مقدمہ درج کر کے کاروائی کا غاز کر دیا، متاثرین نے احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ ملزمان نے سر بازار دہشت گردی کا مظاہرہ کیا ہے اب مقدمہ کی پیروی پر سنگین نتائج کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ اہل علاقہ نے وزیر اعلی پنجاب، سی پی او گوجرانوالہ سمیت دیگر ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو فوری گرفتار کر کے ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے۔

پروفیسر رانا محمد ارشاد کی ریٹائرڈمنٹ پر ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

تقریب میں پرنسپل عبدالرحیم اشرف، پروفیسر محمد سعید، پروفیسر داؤد احمد خاں، پروفیسر غلام سرور، پروفیسر سعید گجر، پروفیسر خرم ورک و دیگر کی شرکت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج شیخوپورہ میں پروفیسر رانا محمد ارشاد کی ریٹائرڈمنٹ پر ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پرنسپل عبدالرحیم اشرف، پروفیسر محمد سعید، پروفیسر داؤد احمد خاں، پروفیسر غلام سرور، پروفیسر سعید گجر، پروفیسر خرم ورک، ڈاکٹر طارق کلیم، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز اعظمیٰ ادریس، سابق ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز پروفیسر جاوید ورک، رانا حسان حیدر، رانا محمد اکرم و دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر پروفیسر رانا محمد ارشاد کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور ان کی فروغ تعلیم کیلئے طویل خدمات کو سراہتے ہوئے شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا جبکہ پروفیسر رانا محمد ارشاد نے تقریب کے انعقاد پر کالج انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ فروغ تعلیم میری اولین ترجیح اور طلبہ کی کردار سازی میرا بنیادی عزم رہا ہے جس کیلئے ہمیشہ بھرپور کردار ادا کرنے کی ہر ممکن کوشش کی اور کالج کی تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ کی خاطر اپنا کردار ادا کیا میری ان کاوشوں کو سراہا جانا میرے لئے کسی اعزاز سے کم نہیں ان شاء اللہ کالج میں گزارے گئے وقت اور ساتھی اساتذہ کو کبھی نہیں بھولوں گا تمام احباب میرے کنبہ کی طرح ہیں جنہیں ہمیشہ یاد رکھوں گا۔

دین اسلام نے ہر لحاظ سے انسانی صحت کا لحاظ رکھا ہے: ڈاکٹر ثمر فاطمہ

رمضان المبارک میں ہم اسلام کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے سے نہ صرف ہم اَخلاقی ورُوحانی اور سیاسی ومعاشی زندگی میں عروج حاصل کر سکتے ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ماہر غذایت ڈاکٹر ثمر فاطمہ کا کہنا ہے کہ دین اسلام نے جو انسانی صحت کا لحاظ رکھا ہے۔ اس کی مثال دیگر مذاہب میں ملنا محال ہے۔ رمضان المبارک میں ہم اسلام کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے سے نہ صرف ہم اخلاقی و رُوحانی اور سیاسی و معاشی زندگی میں عروج حاصل کر سکتے ہیں بلکہ جسمانی سطح پر صحت و توانائی کی دولت سے بھی بہرہ ور ہو سکتے ہیں۔ دین اسلام نے انسانی جسم کو انسان کے پاس امانت بتایا ہے۔ اس کی حفاظت کرنا انسان کے اوپر لازمی قرار دیا ہے۔ دین اسلام نے انسان کو بھوک کی صورت میں کھانے کا کہا ہے، پیاس کی صورت میں پینے کا کہا ہے، تھکاوٹ کی صورت میں آرام کا کہا ہے، گندگی کی صورت میں صفائی کی تعلیم دی ہے، اور بیماری کی حالت میں علاج کی تعلیم دی ہے۔ اس حد تک کہ جسم کے حقوق بھی اسلام نے گنوائے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس کلب میں ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ماہر غذائیت ڈاکٹر ثمر فاطمہ کے ساتھ ان کی ٹیم بھی شامل تھی۔ صدر پریس کلب چودھری جاوید اسد اور سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چودھری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ماہر غذایت محترمہ ڈاکٹر ثمر فاطمہ کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کے لئے رحمتوں، برکتوں کا مہینہ ہی نہیں بلکہ ایک انعام ہے جس میں ہم "صحت ہے تو زندگی ہے" کو مدنظر رکھ کر ہم اپنی صحت کو برقرار رکھ سکتے ہیں اور بیماریوں پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ ذیابیطس، بلڈ پریشر، معدہ، جگر کی اصلاح کی جا سکتی ہے۔ سحری و افطاری میں بے ضابطگیاں کر کے وزن کو بڑھانے کی بجائے سحر و افطاری میں ہاتھ کو کنٹرول کر کے جسم کا اعتدال پر لایا جائے۔ ایسی خوراک استعمال کی جائے کہ پورا سال آپ بیماریوں سے محفوظ رہیں۔ ملٹی گرین آٹا، سالن دہی، ابلے ہوئے انڈے، ساگودانہ کی کھیریا جو کا دلیہ پانی میں بنا کر بادام، اخروٹ اور شہد شامل کر کے کھائیں۔

الممتاز ویلفیئر فاؤنڈیشن سمندری کی افتتاحی تقریب

خدمتِ خلق کے نئے سفر کا آغاز کرنے جا رہے ہیں، رانا اشرف رضا

سمندری (تحصیل رپورٹر) الممتاز ویلفیئر فاؤنڈیشن سمندری کی افتتاحی تقریب کا شاندار انعقاد کیا گیا، جس میں شہر کی سماجی، کاروباری اور سیاسی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی چیف آرگنائزر رانا اشرف رضا نے فاؤنڈیشن کے تحت مختلف فلاحی منصوبوں کا اعلان کیا، جن میں چھوٹے کاروباری حضرات کے لیے قرضِ حسنہ، مستحق افراد کے لیے رمضان دسترخوان اور اجتماعی شادیوں کے خصوصی کھانے کا پیکج شامل ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر حفصہ اشرف نے کہا کہ الممتاز ویلفیئر فاؤنڈیشن کا مقصد صرف ایک ادارہ قائم کرنا نہیں بلکہ خدمتِ خلق کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ فاؤنڈیشن معاشرے کے پسماندہ طبقے کی مدد کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے گی۔ افتتاحی تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر سمندری عثمان سکندر، سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی راؤ وقاص مجاہد خان، صدر انجمن تاجران میاں شبیر مہالی سمیت متعدد معززین اور شہریوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے رانا اشرف رضا اور ان کی ٹیم کو اس فلاحی اقدام پر مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ الممتاز ویلفیئر فاؤنڈیشن مستقبل میں بھی اپنی خدمات جاری رکھے گی۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

شہداء پولیس اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری

ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے شہداء کی فیملیز کو گولڈ جبکہ غازیوں کو سلور میڈل تقسیم کیے

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپرا سے) شہداء پولیس اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری۔ ڈی پی او آفس ساہیوال میں تقریب کا انعقاد، ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے شہداء کی فیملیز کو گولڈ جبکہ غازیوں کو سلور میڈل تقسیم کیے ساہیوال شہداء پولیس اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کے پیش نظر ڈی پی او آفس ساہیوال میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ساہیوال پولیس کے 25 شہداء کے ورثاء کو آئی جی پنجاب کی جانب سے بھیجے گئے خصوصی گولڈ میڈلز جبکہ 16 پولیس غازیوں کو سلور میڈل سے نوازا گیا، ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے شہداء پولیس کے ورثاء اور غازیوں سے ملاقات کی اور ان کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء پولیس اور غازی ہمارا فخر ہیں ان کی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے مزید کہا کہ شہداء کے ورثاء اور غازیوں کے لیے میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں ساہیوال پولیس اپنے جانبازوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی اور ان کی فلاح و بہبود کو اولین ترجیح دے گی

غریب عوام سرکاری ہسپتال میں ادویات کی عدم دستیابی سے دربدر

وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف ایک نظر عارف والا کے باسیوں کی ابتر صورتحال پر بھی ڈالیں

عارف والا (رانا ذیشان اسلم نمائندہ خصوصی) وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ ایک نظر میرے شہر عارف والا کے باسیوں کی ابتر صورتحال پر بھی ڈالیں غریب عوام سرکاری ہسپتال میں ادویات کی عدم دستیابی سے دربدر کے دھکے کھانے پر مجبور جبکہ ٹی ایچ کیو ہسپتال روڈز کے ساتھ لف ٹائل اس کمزور طبقہ کے لیے احساس محرومی کا منہ بولتا ثبوت ہے چیف ایگزیکٹیو مرکزی انجمن تاجران محمد حسین حسینی۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ناگہانی موت کے بعد جانے والی میت کے لواحقین سے پوسٹ مارٹم کیلئے 10 سے 12 ہزار روپے کا سامان تک باہر سے منگوایا جاتا ہے مقامی سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ اپنی مصروفیات سے تھوڑا وقت نکال کر ہسپتال کے مسائل کو کمی لانے میں پیوند کریں صدر سٹیزن ایکشن موومنٹ محمد ابرار شیخ ایڈووکیٹ۔ دوران ایکسیڈنٹ ہسپتال جانے والے زخمیوں کو فرسٹ ایڈ کا طبی سامان جس میں پاؤں ڈین ٹانکے لگانے والا دھاگہ تک باہر سے منگوایا جانا معمول کی بات ہے اگر بات کی جائے گائنی وارڈ کی تو ہسپتال میں نارمل و آپریشن سے ہونے والی ڈلیوری کی تعداد نہ ہونے کے برابر جنرل سیکرٹری صدر بازار حاجی چوہدری محمد رمضان سمیت تاجروں نے وزیر اعلی پنجاب سیکرٹری صحت پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر پاکپتن سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

گالم گلوچ سے منع کرنے پر جھگڑا، اوباشوں نے فائرنگ کر کے سابقہ کونسلر کو قتل کر دیا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) گالم گلوچ سے منع کرنے پر جھگڑا، اوباشوں نے فائرنگ کر کے سابقہ کونسلر کو قتل کر دیا، تین ملزمان گرفتار، 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں تھانہ سٹی کے علاقہ امین ٹریڈرز میں گالم گلوچ سے منع کرنے پر جھگڑے کے دوران اوباشوں نے فائرنگ کر کے سابقہ کونسلر جہانزیب عرف بلا ڈوگر کو شدید زخمی کر دیا، زخمی کو پہلے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں منتقل کیا گیا جہاں سے حالت نازک ہونے پر نشتر ریفر کیا گیا جو راستے میں ہی دم توڑ گیا، پولیس نے واقعہ کی اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر کار میں سوار ہو کر فرار ہونے والے تین ملزمان وسیم، روحان اور فیصل کو گرفتار کرلیا، پولیس نے مقتول کے بھائی عالمگیر کی مدعیت میں بجرم 302 کے تحت 4 نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا

نامعلوم چور رات کی تاریکی میں چھت پھاڑ کر 16 لاکھ روپے چرا لے گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے گوجرانوالہ روڈ پر واقع المعراج میڈیکل سٹور سے نامعلوم چور رات کی تاریکی میں چھت پھاڑ کر 16 لاکھ روپے چرا لے گئے۔ تاحال پولیس ملزمان کا سراغ نہ لگا سکی ہے۔ جس پر کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل خالد اختر اور صدر اظہر قیوم چیمہ نے سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ چوری میں ملوث ملزمان کا سراغ لگا کر انہیں فوری گرفتار کیا جائے

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ڈسکہ میں منعقدہ پروگرام میں سپلر آن لائن کمپنی کی طرف سے مستحق بچیوں میں گفٹ تقسیم کئے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ڈسکہ میں منعقدہ پروگرام میں سپلر آن لائن کمپنی کی طرف سے مستحق بچیوں میں گفٹ تقسیم کئے گئے مقررین نے کہا کہ سپلر کمپنی پاکستان میں آن لائن پیسے کمانے کا بہترین اور معتبر زریعہ ہے جو کہ گزشتہ پانچ سال سے مختلف شہروں میں لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کر رہا ہے سپلر کمپنی عمر جنس اور تعلیمی قابلیت سے بالا تر ہر شہری کو گھر بیٹھے اپنے پلیٹ فارم سے باعزت روزگار فراہم کر رہا ہے سپلر کمپنی مختلف شہروں میں سکولوں کے مستحق بچوں اور دیگر افراد میں خیراتی پروگرام کرتے رہتے ہیں

شہدائے پولیس کی ویلفیئر کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق شہدائے پولیس کی ویلفیئر کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد شہید کانسٹیبل گہلا خان، شہید کانسٹیبل اعجاز احمد کے گھر گئے۔ ڈی پی او نے شہید کے ورثاء سے ملاقات کی، خیریت دریافت کی اور تحائف دیے۔ ڈی پی او نے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے ورثاء سے تبادلہ خیال کیا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ ہم اپنے شہداء کو نہیں بھولے ہیں۔ شہداء کی قربانیوں سے ہی ملک قائم ہے۔ ملکی سلامتی کے لیے اپنی جانوں کی قربانیاں پیش کرنے والے ہمارے اصل ہیرو ہیں اور ہمارا فخر ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ شہداء کے ورثاء ہماری فیملی ہے اور شہدائے پولیس کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

شرقپور: دو اشتہاری مجرمان گرفتار کر لئے گئے

معاشرے کو ایسے جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنے کے لیے پولیس کی کاروائیاں جاری رہیں گی

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور پولیس کی بڑی کاروائی، خوف کی علامت سمجھے جانے والے دو اشتہاری مجرمان گرفتار کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ شرقپور پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے علاقے میں خوف و ہراس کی علامت سمجھے جانے والے دو خطرناک اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ کے مطابق گرفتار ملزمان عارف بلھڑ اور عاطف عرف ڈولو بلھڑ بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان، اور قتل جیسے سنگین مقدمات میں ریکارڈ یافتہ تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق، ان مجرمان نے چند ماہ قبل بھتہ نہ دینے پر نوجوان علی حیدر کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا، جس کے بعد سے پولیس کو ان کی تلاش تھی۔ جدید ٹیکنالوجی اور خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کی گئی کامیاب کاروائی کے نتیجے میں انہیں گرفتار کرلیا گیا۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ کا کہنا تھا کہ ان مجرمان کی گرفتاری علاقے میں امن و امان کے قیام کے لیے ایک اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے کو ایسے جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنے کے لیے پولیس کی کاروائیاں جاری رہیں گی۔

کاروانِ شعروادب کی قیادت اشرف شاکر کے سپرد، تاحیات چیئرمین منتخب

ادبی حلقوں کی اہم شخصیات کی جانب سے دلی مبارکباد، پھولوں کے گلدستے پیش کئے

سمندری (تحصیل رپورٹر) کاروان شعروادب سمندری کے بانی محمد اشرف شاکر کو متفقہ طور پر تاحیات چیئرمین منتخب کرلیا گیا۔ اس خوشی میں تنظیم کے ممبران اور شعری و ادبی حلقوں کی اہم شخصیات نے ان کے گھر جا کر انہیں مبارکباد پیش کی تقریب میں منیر حسین عادل، اشرف خان نیازی، پروفیسر چاند شکیل، بابا جی منشاء منصف، شبیر علی مرزا، ذیشان طارق، ارشد حمید ساگر، رمضان جاثیر، علی اکبر غوری، غلام مصطفیٰ امبر، ماجد علی احرار، علی مجتبیٰ ہاشم، دانش علی، اور روبان مرزا سمیت کئی دیگر احباب شریک ہوئے پروگرام میں شاعری اور ادبی گفتگو کے ساتھ ساتھ خوشگوار ماحول میں کئی امور پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ محفل کے روح رواں اشرف خان نیازی نے اپنی ذو معنوی گفتگو سے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ چیئرمین اشرف شاکر نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ادب کی خدمت کے لیے ہمیشہ پُرعزم رہیں گے۔ محفل کے اختتام پر پرتکلف ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔

پتوکی ماہ رمضان سے قبل یوٹیلیٹی سٹوروں پر کوکنگ آئل نایاب ہوگیا

کالج روڈ، ٹرنک بازار اور ہلہ روڈ پر قائم یوٹیلیٹی سٹوروں پر گزشتہ 4 ماہ سے کوکنگ آئلز کی فراہمی بند ہے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی ماہ رمضان سے قبل یوٹیلیٹی سٹوروں پر کوکنگ آئل نایاب ہوگیا۔ کالج روڈ، ٹرنک بازار اور ہلہ روڈ پر قائم یوٹیلیٹی سٹوروں پر گزشتہ 4 ماہ سے کوکنگ آئلز کی فراہمی بند ہے، حکام نوٹس لیں۔ تفصیل کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہ اور یوٹیلیٹی سٹور انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت کے باعث پتوکی میں قائم یوٹیلیٹی سٹوروں پر گزشتہ 4 ماہ سے مختلف کمپنیوں کے کوکنگ آئلز کی فراہمی بند ہے، جس باعث شہریوں کو خرید و فروخت کرنے میں دشواری کا سامنا ہے جبکہ مقامی سماجی شخصیات سبط حسن نقوی، حاجی محمد عباس، محمد زمان گولڈن، ملک احسن و دیگر کا کہنا ہے کہ ماہ رمضان کی آمد آمد ہے اور اس کے باوجود یوٹیلیٹی سٹوروں پر کوکنگ آئل سمیت دیگر اشیاء ضروریہ کی عدم دستیابی حکومتی گورننس کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے

پریس کلب چنیوٹ کے سالانہ انتخابات عمر سجاد سندھو 35 ووٹ لے کر صدر منتخب

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پریس کلب چنیوٹ کے سالانہ انتخابات عمر سجاد سندھو 35 ووٹ لے کر صدر منتخب، مدمقابل امیدوار ساجد علی شاہ نے 12 ووٹ حاصل کیے، جنرل سیکرٹری کے امیدوار فیصل جبار 29 ووٹ لے کر جنرل سیکرٹری منتخب، مدمقابل آصف انصاری نے 16 ووٹ حاصل کیے، سینئر نائب صدر میاں منور حسین، نائب صدر اورنگزیب خاکی، جوائنٹ سیکرٹری شیخ فاروق احمد، فنانس سیکرٹری چوہدری عبیداللہ انفارمیشن سیکرٹری عبدالرحمٰن سلیمی بلا مقابلہ کامیاب، الیکشن کمیشن کے فرائض چیئرمین شیخ جہانگیر چنیوٹی، زبیر احمد گلوتر، میاں سلیم ولی نے سر انجام دیئے، صدر ڈسٹرکٹ بار مہر مقصود ہرل، جنرل سیکرٹری بار امتیاز حسین تاج، صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فہد نعیم فخری، چیئرمین پرنٹ میڈیا پیرزادہ اقبال حسین صدر پرنٹ میڈیا عثمان حیدر، جماعت اسلامی کے سابق امیر چوہدری محمد اسلام سید نور الحسن شاہ، لیاقت علی مغل ایڈوکیٹ، سابق کونسلر و تاجر اصغر علی چٹ سماجی کارکن سید ساجد علی شاہ، شعور گروپ کی ٹیم مسلم لیگ، پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف تاجروں مذہبی رہنماؤں نے بھی پریس کلب چنیوٹ کے انتخابات کے عمل کو دیکھا اور ٹیمیں بیلٹ بکس چیک کیے۔

قیدیوں کو کھانا، صحت وصفائی اور جیل مینول کے مطابق سہولیات فراہم کرنا جیل حکام کی ذمہ داری ہے

جیل کے باروچی خانہ، ایمرائیڈری یونٹ، اور قیدیوں کو مختلف سکھائے جانے والے ہنر یونٹ کا معائنہ کروایا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) سیشن جج طارق خورشید خواجہ کا کہنا ہے کہ قیدیوں کو کھانا صحت وصفائی اور جیل مینول کے مطابق سہولیات فراہم کرنا جیل حکام کی ذمہ داری ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول جج علی رضا اور ڈپٹی پراسیکوٹر رانا سلطان کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ جیل ملک کامران حیدر اعوان نے ان کو بریفنگ دی۔ جیل کے باروچی خانہ، ایمرائیڈری یونٹ، اور قیدیوں کو مختلف سکھائے جانے والے ہنر یونٹ کا معائنہ کروایا اور اسکے متعلق آگاہ کیا۔ جج صاحبان نے قیدیوں سے ان کے مسائل معلوم کیے، جیل مینول کے مطابق کھانا چیک کیا اور صحت وصفائی کے حوالہ سے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ نثار سرور قریشی بھی موجود تھے۔

جہلم شہر سمیت ملک بھر میں رمضان کی آمد سے قبل گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں اضافہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ملک بھر میں رمضان کی آمد سے قبل گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں اضافہ شہریوں کے گھروں کے گھریلو بجٹ بری طرح متاثر، جہاں ہزاروں لاکھوں افراد گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے سے متاثر ہو رہے ہیں۔ وہیں پر رمضان المبارک کے قریب آتے ہی ان بنیادی اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کو دیگر ضروریات پر سمجھوتہ کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ رمضان کی آمد سے قبل گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں فی کلو چھ روپے تک کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ A- گریڈ گھی کی تھوک قیمت 595 سے 600 روپے فی کلو گرام تک پہنچ گئی ہے، جبکہ B- نچلے برانڈز گھی کی قیمت 540 روپے فی کلو گرام تک جا پہنچی ہیں۔ معمولی اچھے گریڈ کے گھی 550 روپے فی کلو گرام میں فروخت ہو رہے ہیں

جہلم ماہ رمضان کی آمد آمد شہر و گردو نواح میں بھکاری مافیا سرگرم

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ماہ رمضان کی آمد آمد شہر و گردو نواح میں بھکاری مافیا سرگرم، شہریوں کا جینا حرام، خواتین بھیک مافیا کا گینگ، پوش علاقوں میں گھروں میں وارداتیں بھی کرنے سے گریز نہیں کرتیں جہلم شہر کے مختلف چوک چوراہوں اور سڑکوں پر دوسرے صوبوں اور پنجاب کے دیگر پسماندہ علاقوں سے آ کر مرد خواتین اپنے کمسن بچوں کے ہمراہ بھیک مانگتے دکھائی دیتے ہیں، بھکاریوں نے شہریوں کا جینا حرام کر رکھا ہے

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد۔ کرائم چارٹ کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے انسداد جرائم کے حوالے سے اہم ہدایات جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی زیر صدارت کرائم میٹنگ میں تمام ایس ڈی پی اووز اور ایس ایچ اووز شریک ہوئے۔ ڈی پی او نے کرائم چارٹ کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے انسداد جرائم کے حوالے سے اہم ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک کے حوالے سے موثر سکیورٹی پلان تشکیل دیا جائے۔ اشتہاری مجرمان اور کریمنل گینگسٹرز کی گرفتاریوں کے حوالے سے کاروائی مزید بہتر کی جائے، ناقص کارکردگی پر محاسبہ ہو گا۔ منشیات فروشوں کے خلاف انفارمیشن نیٹ ورک کو مزید موثر بنا کر انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ سنگین نوعیت کے مقدمات بالخصوص عورتوں اور بچوں کے مقدمات کی میرٹ پر بروقت یکسوئی کو یقینی بنایا جائے۔ معاشرے کے ناسوروں کی گرفتاریوں کے اہداف کے تائج عملی طور پر مانگے جائیں گے اور فرض شناسی میں کسی قسم کا جواز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ڈی پی او نے واضح کیا کہ غیر قانونی حراست، ٹارچر سیل اور کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

پتوکی ویسٹ مینجمنٹ کی نااہلی کی وجہ سے شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی ویسٹ مینجمنٹ کی نااہلی کی وجہ سے شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل۔ تفصیل کے مطابق پتوکی شہر کے مختلف علاقے میگھ روڈ، منڈیانوالہ روڈ محلہ احمد نگر، محلہ ملک پورہ، ہلہ روڈ، محلہ رضا آباد، بستی باغوالی کچرا کنڈی کا منظر پیش کر رہے ہیں اس بارے شہریوں کا کہنا ہے کہ ویسٹ مینجمنٹ کے عملہ نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ستھرا پنجاب مہم کو بری طرح ناکام کر دیا ہے ویسٹ مینجمنٹ کا عملہ شہر کی مرکزی شاہرات پر محض دکھلاوے اور فوٹو سیشن کی حد تک موجود ہے جبکہ اندرون شہر سے کئی کئی روز کوڑا کرکٹ نہیں اٹھایا جا رہا ڈرین اور نالوں کی ڈی سلٹنگ بھی نہیں کی جا رہی جس کی وجہ سے گلیوں بازاروں میں جگہ جگہ گندا پانی کھڑا ہوا ہے۔

تھانہ میں اندراج کروائے بغیر مکان کرایہ پر دینے پر دو ملزمان گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تھانہ میں اندراج کروائے بغیر مکان کرایہ پر دینے پر دو ملزمان گرفتار پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ سوہاوہ کے فضل الٰہی نے اپنا مکان تھانہ میں اندراج کروائے بغیر ہی ساجد کو کرایہ پر دے دیا ہے پولیس نے چھاپہ مار کر دونوں ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے

رمضان المبارک صبر، محبت اور یکجہتی کا درس دیتا ہے: چوہدری ارسلان منیر کاہلوں

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) چوہدری ارسلان منیر کاہلوں ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ رمضان المبارک ہمیں صبر، قربانی، محبت اور یکجہتی کا درس دیتا ہے۔ یہ مقدس مہینہ ہمیں تقویٰ، پرہیزگاری اور دوسروں کی مدد کرنے کی ترغیب دیتا ہے تاکہ ہم ایک بہتر معاشرہ تشکیل دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک صرف بھوک اور پیاس برداشت کرنے کا نام نہیں بلکہ اپنے کردار کو سنوارنے، حقوق العباد کی ادائیگی اور مستحق افراد کی مدد کرنے کا بہترین موقع ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس بابرکت مہینے میں زیادہ سے زیادہ خیرات اور صدقات دیں، غریبوں اور ضرورت مندوں کی دل کھول کر مدد کریں اور اپنے اردگرد موجود افراد کا خاص خیال رکھیں۔ چوہدری ارسلان منیر کاہلوں ایڈووکیٹ نے حکومت سے بھی مطالبہ کیا کہ رمضان المبارک میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جائے تاکہ عام آدمی کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ ساتھ ہی انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس مقدس مہینے میں صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں، بھائی چارے کو فروغ دیں اور ایک دوسرے کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو رمضان المبارک کی برکتوں سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں اپنی زندگیاں اسلامی اصولوں کے مطابق گزارنے کی ہدایت دے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

بن زید النہیان نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ وزیراعظم نے ولی عہد کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا، دوطرفہ ملاقات کے بعد وفود کی سطح پر بھی بات چیت ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ دونوں ممالک اپنے بہترین سیاسی تعلقات کو باہمی طور پر فائدہ مند اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے بتایا کہ میرے حالیہ دورہ؟ ازبکستان کے دوران ازبکستان-افغانستان- پاکستان ریلوے لائن منصوبے پر بات چیت ہوئی، ازبکستان نے بھی اس منصوبے میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا ہے، اس منصوبے کی بدولت گوادر اور ابوظہبی پورٹس کو فائدہ ہوگا اور یہ منصوبہ اس خطے کے لئے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے ہر مشکل وقت میں ساتھ دینے پر متحدہ عرب امارات کا شکریہ ادا کیا، انہوں نے مختلف شعبوں میں پاکستان کے لیے متحدہ عرب امارات کی مسلسل اور مضبوط حمایت کو سراہا، پاکستان میں اپنے سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو کو وسعت دینے کے حوالے سے متحدہ عرب امارات کی گہری دلچسپی کی تعریف کی۔ ولی عہد شیخ خالد بن محمد بن زاید نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کی اقتصادی ترقی اور خوشحالی کے لیے متحدہ عرب امارات کی مسلسل حمایت کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے متحدہ عرب امارات اور پاکستان کے درمیان متعدد مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کے تبادلوں کا مشاہدہ بھی کیا، دونوں ممالک کے درمیان بینکنگ، کان کنی، ریلویز اور انفرااسٹرکچر کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے حوالے سے مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

پنجاب حکومت آزادی صحافت اور صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنے عزم پر قائم ہے اور اس حوالے سے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صحافی برادری کے لیے تاریخی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ پہلی مرتبہ پنجاب کے پریس کلبوں کو تاریخی گرانٹ جاری کی گئی ہے، جو صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے اہم قدم ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز کا ویژن ہے کہ ہر صحافی کے پاس اپنا گھر ہو، اور اسی ویژن کے تحت صحافیوں کو پلاٹس کی فراہمی کے عمل کو تیزی سے آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے امید ظاہر کی کہ پی ایف یو جے کی نئی قیادت اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائے گی اور صحافی برادری کے مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 3

برداری کی تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری بھی موجود ہیں۔ حنیف عباسی، معین وٹو، مصطفیٰ کمال، سردار یوسف، اورنگزیب کھچی، رانا مبشر، رضا حیات ہراج اور طارق فضل چوہدری نے بطور وفاقی وزیر حلف اٹھایا۔ انکے علاوہ علی پرویز ملک، شزا فاطمہ، جنید انور، خالد مگسی اور پیر عمران شاہ نے بھی بطور وفاقی وزیر حلف اٹھایا۔ طلال چوہدری، بیرسٹر عقیل ملک، ملک رشید، ارمغان سبحانی، کھیئل داس کوہستانی، عبدالرحمان کانجو، بلال اظہر کیانی اور مختار بھرت نے بطور وزیر مملکت حلف اٹھایا۔ انکے علاوہ شزرا منصب، عون چوہدری، وجیہہ قمر نے بھی بطور وزیر مملکت حلف اٹھالیا۔

بقیہ بقیہ جات 4

حکومت آزادی صحافت اور صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کوشاں ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں صحافی برادری کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب کے پریس کلبوں کو پہلی مرتبہ تاریخی گرانٹ جاری کی گئی، مریم نواز کا ویژن ہے ہر صحافی کے پاس اپنا گھر ہو، اسی ویژن کے تحت صحافیوں کو پلاٹس کی فراہمی پر تیزی سے کام ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

اسلامی لاہور کے امیر ضیاء الدین انصاری نے ایڈووکیٹ چودھری ذوالفقار علی کے وساطت سے درخواست عدالت عالیہ میں دائر کی، درخواست میں وفاقی حکومت، الیکشن کمیشن سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ پاکستان کے آئین کے مطابق لوکل گورنمنٹ کے انتخابات نہ کرانا احتساب اور لوکل سیل گورننس کی روح کو مجروح کرتا ہے، مقامی حکومتوں کے انتخابات کی عدم موجودگی مقامی ذمہ داری کے خاتمے کے باعث بنی ہے۔ مزید کہا گیا کہ بلدیاتی انتخابات کے عدم انعقاد کے باعث انتظامی افراتفری، وسائل کی غلط تقسیم اور رکی ہوئی ترقی جیسے نقصانات ہوئے ہیں، بلدیاتی انتخابات کے عدم انعقاد کے باعث جاگیرداروں کا عروج جبکہ کمزور طبقہ مزید کمزور ہو رہا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت فریقین کو پنجاب میں 90 دن کے اندر بلدیاتی انتخابات کرانے کی ہدایت کرے، آئینی فرائض سے غفلت برتنے پر فریقین پر جرمانے عائد کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 6

بغیر وہ حکومت بنا سکتے ہیں اور نہ ان کے بغیر ہم حکومت چلا سکتے ہیں۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ پاکستان معاشی بحران سے نکل آیا ہے، حکومت کی ایک سال کی کارکردگی ہر لحاظ سے بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں، جمہوریت ڈائیلاگ سے ہی آگے بڑھتی ہے، ڈیڈ لاک سے نہیں، حکومت کی پالیسیوں میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ مسلم لیگ ن کے رہنما کا کہنا ہے کہ حکومت نے معاملات کو ٹھنڈا کرنا اور سب کو ساتھ لے کر چلنا ہوتا ہے، اپوزیشن کا گرینڈ اتحاد ملک کی سیاست اور جمہوریت کے لیے بہتر ہو گا۔ رانا ثناء اللہ نے مزید کہا کہ کرکٹ بورڈ آزاد ادارہ ہے، جو چاہے کر سکتا ہے، کرکٹ بورڈ نے جو کیا ہے ذاتی رائے ہے، اس پر کابینہ اور پارلیمنٹ میں بحث ہونی چاہیے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ 50، 60 لاکھ روپے کے منٹور بنا دیے گئے ہیں، بیان دیتے ہیں، انہیں پتہ ہی نہیں کہ ان کا کام کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

کر دی گئی۔ پلاسٹک لائسنس رجسٹریشن کے لئے لاہور میں 25 فروری اور گوجرانوالہ میں 27 فروری کو ڈیسک فعال ہو رہے ہیں۔ سیالکوٹ میں آج (28 فروری) جبکہ ملتان اور بہاولپور میں 4 اور 5 مارچ کو پلاسٹک لائسنس رجسٹریشن ڈیسک فنکشنل کر دیے جائیں گے۔ پلاسٹک لائسنس رجسٹریشن ڈیسک ڈیرہ غازی خان اور فیصل آباد 7 اور 11 مارچ اسی طرح جھنگ اور راولپنڈی میں 12 اور 15 مارچ سے سنٹر فنکشنل ہونگے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر عوام کی سہولت کیلئے گرین پنجاب ایپ (GREEN PUNJAB APP) ٹال فری نمبر 1373 جاری کر دیا گیا۔ مزید معلومات اور رہنمائی 042-37897103-4 اور 0322-4474915 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ پلاسٹک لائسنس رجسٹریشن ڈیسک کیلئے ویب سائٹ epd.punjab.gov.pk پر بھی وزٹ کر سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ پنجاب کو ماحول دوست صوبے بنانے کے لئے پر عزم ہیں۔ ماحول کو پلاسٹک اور دیگر مضر صحت اشیاء سے پاک کرنا ناگزیر امر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

اور مدبرانہ جواب دیا، یہ جواب پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے غیر متزلزل عزم کا مظہر تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ آپریشن پاکستان کی مسلح افواج کی عملی مہارت اور تیاری کا ثبوت تھا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق اس آپریشن نے دشمن کی جارحیت کو موثر طریقے سے روکا، آپریشن نے پاک فوج کی آپریشنل برتری برقرار رکھتے ہوئے فوری مزاحمت کی صلاحیت کو اجاگر کیا۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور سروسز چیفس نے قومی سلامتی اور استحکام یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور سروسز چیفس نے اس موقع پر علاقائی امن کے فروغ کی کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کی مسلح افواج ہر قسم کے خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمہ وقت مستعد اور تیار ہیں، مسلح افواج قوم کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے پرعزم ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان کی مسلح افواج مادر وطن کے دفاع کے لیے ہر دم تیار ہیں، مسلح افواج خطے اور عالمی امن کے قیام میں فعال کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

میں 7 رکنی آئینی بنچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کی۔ سماعت کے آغاز پر سول سوسائٹی کے وکیل فیصل صدیقی نے دلائل دیتے ہوئے کہا ہے کہ کمانڈنگ افسرز نے ملزمان کی حوالگی کیلئے درخواستیں دیں، درخواستوں کا آغاز ہی ان الفاظ سے ہوا کہ ابتدائی تفتیش میں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کا جرم بنتا ہے، درخواست کے یہ الفاظ اعتراف ہیں کہ تفتیش مکمل نہیں ہوئی تھی، ملزمان کی حوالگی کیلئے انسداد دہشت گردی عدالت کی وجوہات مضحکہ خیز ہیں، انسداد دہشت گردی کی عدالت کے ایڈمنسٹریٹو جج نے ملزمان کی حوالگی کے احکامات دیئے، عدالت نے ملزمان کو تفتیش مکمل ہونے سے پہلے ہی قصوروار لکھ دیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ راولپنڈی اور لاہور کی عدالتوں کے حکم ناموں کے الفاظ بالکل ایک جیسے ہیں، جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ لگتا ہے انسداد دہشت گردی کی عدالتوں کے ججز کی انگریزی کے کافی مسائل ہیں۔ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ ملزمان کی حوالگی کا حکم عدالت دے سکتی ہے ایڈمنسٹریٹو جج نہیں، آرمی ایکٹ سیکشن (1) 59 کے تحت فوجی افسران کی قتل و دیگر جرائم میں سول عدالت سے کسٹڈی لی جا سکتی ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے وکیل سے کہا کہ میرے حساب سے تو(4)59 کا اطلاق بھی ان پر ہی ہوتا ہے جو آرمی ایکٹ کے تابع ہوں، آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت حوالگی تفتیش مکمل ہونے کے بعد ہی ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جن مقدمات میں حوالگی کی درخواستیں دی گئیں ان میں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعات نہیں تھیں، جسٹس محمد علی مظہر نے وکیل سے کہا کہ ایک ایف آئی آر میں آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعات بھی عائد تھیں جس پر وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ وہ ایف آئی آر مجھے ریکارڈ میں نظر نہیں آئی۔ بعدازاں سویلینز کے فوجی عدالتوں میں ملٹری ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیلوں کی سماعت میں مختصر وقفہ کر دیا گیا۔ وقفے کے بعد دوبارہ سماعت کا آغاز ہوا تو جسٹس حسن اظہر رضوی نے وکیل فیصل صدیقی سے کہا کہ حوالگی والی ایف آئی آر پڑھیں اس میں الزام فوجی تعصب کے باہر توڑ پھوڑ کا ہے۔ وکیل فیصل صدیقی نے کہا کہ عدالتیں اسی لیے ہوتی ہیں کہ قانون کا غلط استعمال روکا جا سکے، احمد فراز کو شاعری کرنے پر گرفتار کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 10

کیسے آگے لایا جائے اس پر مشاورت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی معیشت کو بہتر بنانے کیلئے تجاویز زیر غور ہیں، آنے والے بجٹ سے پہلے مشاورت کیلئے خیبر پختونخوا اور دیگر صوبوں کے دورے کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایئرلائنز (پی آئی اے) دوبارہ ری لانچ ہو رہی ہے، یورپ کے روٹس کھل گئے ہیں، یو کے روٹس کو بھی جلد کھولا جائے گا، پی آئی اے کی دوسری بار ری لانچنگ سے بہتر نتائج سامنے آئیں گے، امریکا سے آئے مشیروں سے ملاقات کی ہے، کرپٹو کرنسی کیلئے کرپٹو کونسل بنانے کا سوچ رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ مربوط طریقے سے کرپٹو کرنسی کی ڈیجیٹائزیشن اور دیگر امور پر مشاورت جاری ہے، 20 سے 22 ملین لوگ کرپٹو کرنسی سے وابستہ ہیں، کرپٹو کرنسی میں 20 سے 25 بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری کی گئی ہے، اگر اتنی بڑی رقم کی سرمایہ کاری ہو رہی ہے تو اس کو ریگولیٹ کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف کا ایک وفد تکنیکی مشن پر پاکستان آیا ہے، کلائمیٹ سے متعلق فنڈز کے معاملات یہ وفد دیکھے گا، 6 مہینوں کے ریویو کیلئے اگلے مہینے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ رہا ہے، امید ہے کہ یہ ریویو ٹھیک جائے گا۔ محمد اورنگزیب نے مزید بتایا کہ پاکستان آئی ایم ایف کی شرائط پر پورا اتر چکا ہوگا اور پاکستان میں بہتری آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

لیے انوار حسین کو پلیڈر مقرر کر دیا۔ عدالت نے بیماری کی بنیاد پر پرویز الٰہی کو حاضری سے استثنا دیا۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کے پلیڈر انوار حسین حاضری کے لیے پیش ہوئے جبکہ سابق پرنسپل محمد خان بھٹی آج پیش نہیں ہوئے۔ احتساب عدالت نے کیس دیگر ملزمان کی وجہ سے انتظار میں رکھ لیا۔

بقیہ بقیہ جات 12

پرسن مقرر کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جنرل منیجر پروجیکٹ اینڈ آپریشن پنجاب ماڈل بازار ملک صدام حسین کھوکھر کو صوبہ بھر کے تمام رمضان بازار کا فوکل پرسن مقرر کر دیا گیا۔ اس حوالے سے ملک صدام حسین کھوکھر نے کہا کہ رمضان المبارک میں عوام کو سستی اور معیاری اشیا کی فروخت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ، ماڈل بازاروں میں قائم رمضان بازار میں حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائیگا تا کہ عوام کو پورا مہینہ معیاری اشیا سرکاری نرخوں سے بارعایت مل سکے، بزرگ شہریوں کیلئے علیحدہ کاؤنٹرز قائم کر دیئے ہیں۔ شکایات سیل پر عملہ موجود ہوگا عوام اپنی شکایات کمپلین سیل درج کروائیں جن کا فوری حل کروایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 13

استعمال کے حوالے سے گورنر پنجاب، وزیراعلیٰ پنجاب، اور چیف سیکرٹری پنجاب کو قانونی مراسلہ ارسال کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق تحریک انصاف پنجاب کی چیف آرگنائزر عالیہ حمزہ نے مراسلہ ارسال کیا، مراسلہ اظہر صدیق ایڈووکیٹ کی وساطت سے ارسال کیا گیا۔ مراسلے کے متن کے مطابق سرکاری اشتہاروں کیلئے کتنا فنڈز خرچ ہوا، کیا صوبائی کابینہ سے منظوری لی گئی، سپریم کورٹ آف پاکستان کے 2 واضح احکامات کی خلاف ورزی کی گئی۔ اس میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ کے مطابق سرکاری فنڈز سیاستدانوں کی تشہیر کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا، اشتہاروں پر خرچ ہونے والے فنڈز سے عوام کو کیا فائدہ ملا، عوام کو کیا سہولیات ملیں، کیا عوامی مسائل حل ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 14

اسلام آباد ایئرپورٹ پر میتیں وصول کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افسوسناک واقعے پر لواحقین کے غم میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 5 فروری کو پیش آنے والے سانحے نے ملک کے کئی خاندانوں کو سوگ میں ڈال دیا ہے۔ حکومت متاثرین کے خاندانوں کے ساتھ ہر ممکن سطح پر کھڑی ہے۔ تمام ضروری انتظامات کیے ہیں کہ متوفین کے جسد خاکی ان کے عزیزوں تک پہنچائے جا سکیں۔ وزیر ہاؤسنگ نے کہا کہ باقی جاں بحق افراد کے جسد خاکی بھی جلد وطن واپس لائیں گے۔ اسی طرح لیبیا میں زندہ بچ جانے والے 37 پاکستانیوں کی واپسی کے لیے بھی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ یہ وقت سبق سکھاتا ہے کہ غیر قانونی ذرائع سے یورپ جانے کی کوشش کتنی خطرناک ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں سے اپیل ہے کہ وہ ایسے خطرناک راستے اختیار نہ کریں اور قانونی ذرائع ہی کے ذریعے بیرون ملک جانے کی کوشش کریں۔

بقیہ بقیہ جات 15

سے نئی پوسٹس شیئر کی ہیں۔ انہوں نے اپنے شوہر ہمایوں رضا خان اخوند وبیٹی کے ساتھ تصاویر شیئر کرتے ہوئے اللہ کا شکر ادا کیا ہے۔ خاتون سیاست دان نے طواف کے دوران بنائی گئی ایک ویڈیو بھی شیئر کی ہے جس سے متعلق انہوں نے بتایا ہے کہ اپنے لیڈر عمران خان کے لیے بھی عمرہ ادا کیا ہے۔ زرتاج گل وزیر نے اپنی اس ویڈیو کے کیپشن میں بانی؟ پی ٹی آئی کی رہائی کے لیے دعا بھی کی ہے۔ یاد رہے کہ رکن قومی اسمبلی زرتاج گل وزیر سابقہ حکومت میں بطور وزیرِ مملکت برائے موسمیاتی تبدیلی فرائض انجام دے چکی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

یو آئی ایف کے ترجمان اسلم غوری نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جے یو آئی نے بطور جماعت اپوزیشن جماعتوں کے اعلامئے پر دستخط نہیں کیے، ہم کسی کے بنائے ہوئے اتحاد میں شامل نہیں ہیں، ہمیں بلایا گیا تھا، ہم نے اپنا نقطہ نظر سامنے رکھا۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے میڈیا کے ساتھ بات میں بھی یہ ہی کہا ہے کہ جے یو آئی نے اپنا نقطہ نظر اپوزیشن جماعتوں کے اجلاس میں بیان کیا۔

بقیہ بقیہ جات 17

2025 کے لیے زکوۃ کا نصاب جاری کر دیا۔ وزارت تخفیف غربت وسماجی تحفظ کی جانب سے بینکوں کو مراسلہ بھیجا گیا ہے جس کے مطابق یکم رمضان کو اگر آپ کے اکاؤنٹ میں ایک لاکھ 79 ہزار 689 روپے یا اس سے زائد رقم ہوئی تو زکوۃ کٹوتی ہوگی، وزارت تخفیف غربت وسماجی تحفظ کے مطابق بچت اکاؤنٹ، نفع ونقصان اور اس طرح کے اکاؤنٹس پر زکوۃ لاگو ہوگی۔ کرنٹ اکاؤنٹس سے زکوۃ نہیں کاٹی جائے گی۔ بینکوں کو بھیجے گئے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ زکوۃ کی مد میں کٹوتی یکم یا 2 مارچ کو رمضان کی پہلی تاریخ کی مناسبت سے ہوگی۔ زکوۃ وعشر آرڈیننس 1980 کے مطابق یکم رمضان المبارک کو 1 لاکھ 79 ہزار 689 روپے سے کم بیلنس کے اکاؤنٹس زکوۃ کٹوتی سے مستثنیٰ ہوں گے اور ان سے زکوۃ منہا نہیں کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 18

خاندانوں کو فراہم کیا جائے گا، ہر مستحق خاندان کو 10 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے کے 10 لاکھ سے زائد مستحق خاندانوں کو امدادی پیکیج فراہم کیا جائے گا۔ رہنما پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ امدادی پیکیج 15 رمضان سے قبل بینکوں اور ایزی پیسہ پر مستحق خاندانوں کو فراہم کیا جائے گا، ٹرانسفر کے اضافی چارجز حکومت برداشت کرے گی تاکہ مستحق افراد کو پوری رقم ملے۔ بیرسٹر سیف نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ کی ہدایات ہیں کہ امدادی پیکیج مکمل شفافیت کے ساتھ مستحق افراد تک پہنچایا جائے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے یتیم اور دہشت گردی سے متاثرہ افراد کو ترجیحی بنیادوں پر پیکیج فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

بمباری اور متعلقہ بین الاقوامی معاہدوں اور قوانین کی بار بار خلاف ورزی کرنے اور اس کی سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی شدید مذمت کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ مملکت شام کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے، اور بین الاقوامی برادری پر زور دیتی ہے کہ وہ اسرائیل کے ان اقدامات کو روکنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرے جو خطے میں سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

کے لیے رقم کم ہونے پر 19 عمرہ زائرین کو آف لوڈ کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سعودی عرب، نائجیریا، صومالی لینڈ اور آذربائیجان کے ورک ویزوں کے مسافر بھی آف لوڈ کیے گئے ہیں۔ اسی طرح اٹلی کے رہائشی ویزے والے، قطر، رومانیہ کے ورک ویزوں کے مسافروں کو بھی آف لوڈ کیا گیا ہے۔ اسٹوڈنٹ ویزوں پر قبرص کے 4 مسافروں کو بھی نہیں جانے دیا گیا۔ نائجیریا، عراق، ساؤتھ افریقا، برطانیہ اور بحرین کے وزٹ ویزوں کے مسافروں کو بھی روک لیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تھائی لینڈ، مالدیپ، انڈونیشیا اور سری لنکا کے وزٹ ویزوں کے مسافر بھی آف لوڈ کیے گئے ہیں۔ امیگریشن کے ذرائع کے مطابق مالدیپ کے اسپیشل ویزے کا 1 اور بلیک لسٹ ہونے پر 3 مسافر آف لوڈ کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

ادارے یکم رمضان کو بند رہیں گے۔ یکم رمضان کو بینک ملازمین معمول کے مطابق ڈیوٹی پر حاضر ہوں گے تاہم عوامی لین دین نہیں ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 22

(پی ٹی آئی) کے رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کی نااہلی سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ جمشید دستی الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوئے۔ کی۔ الیکشن کمیشن نے پٹیشنرز کو درخواستوں کی کاپیاں جمشید دستی کو فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ الیکشن کمیشن نے جمشید دستی کو بھی 12 مارچ تک تمام درخواستوں پر جواب جمع کرانے کی ہدایت کی۔ کیس کی سماعت 12 مارچ تک ملتوی کر دی گئی۔ جمشید دستی کے خلاف اثاثہ جات میں غلط بیانی پر نااہلی کی درخواستیں دائر کی گئی ہیں۔ ممبر سندھ الیکشن کمیشن نثار درانی کی سربراہی میں تین رکنی الیکشن کمیشن نے کیس کی سماعت کی۔

بقیہ بقیہ جات 23

ملزمان میں چالان کی نقول تقسیم کی جانی تھیں، قبل ازیں عدالت نے تمام تھانوں کے تفتیشی افسران سے چالان کی مکمل کاپیاں طلب کی تھیں۔ سماعت میں 9 مئی کے 13 مقدمات کے چالان کی مکمل نقول جمع نہ ہو سکیں جس پر عدالت نے تفتیشی افسران کی سخت سرزنش کرتے ہوئے آئندہ تاریخ پر چالان کی نقول پیش کرنے کا حکم دیا۔ سماعت میں شیخ رشید احمد اور فیاض الحسن چوہان عدالت پیش ہوئے جبکہ دیگر ملزمان کی بڑی تعداد غیر حاضر رہی جن کی جانب سے حاضری معافی کی درخواستیں جمع کروائی گئیں، عدالت میں مرکزی ملزمان عمر ایوب، شبلی فراز، شیریں مزاری، علی محمد بھی پیش نہ ہوئے۔ واضح رہے کہ ان مقدمات میں جی ایچ کیو گیٹ ون، میٹرو بس سٹیشن جلانے سمیت صدر کی حساس عمارت جلانے کے کیسز بھی شامل ہیں۔ بعدازاں انسداد دہشتگردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے 9 مئی کے 13 مقدمات پر سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 24

بلومبرگ نیوز نے کینیڈین، برطانوی ادارے رائیٹرز کے ساتھ ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ جمہوریت میں یہ ضروری ہے کہ عوام کو آزاد اور خود مختار پریس کے ذریعے اپنی حکومت کے بارے میں خبروں تک رسائی حاصل ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ صدر تک رسائی حاصل کرنے والے خبر رساں اداروں کی تعداد کو محدود کرنے کے لیے ریاست کی طرف سے کی جانے والی کوئی بھی کارروائی جمہوریت کے اصول کے لیے خطرہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

کے اختتام پر حماس نے اس بات پر زور دیا ہے کہ وہ دوسرے مرحلے کے مذاکرات شروع کرنے کے لیے تیار ہے۔ حماس کے بیان کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حماس پر ایک بار پھر تنقید کے تیر برسائے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے زور دے کر کہا کہ غزہ معاہدے کے دوسرے مرحلے کا فیصلہ اسرائیل کریگا۔ ہم نے اس حوالے سے فیصلہ اپنے اتحادی پر چھوڑ دیا ہے۔ انہوں نے حماس کو شریر لوگوں کا ٹولہ بھی قرار دیا۔ انہوں نے وائٹ ہاؤس میں اپنی کابینہ کی پہلی میٹنگ کے دوران کہا کہ حماس سمجھتی ہے کہ وہ لاشیں بھیج کر ہم پر احسان کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حماس برے لوگوں کا ایک گروپ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

لیے گورنر ہاؤس بلا لیا۔ فیصل آباد کے عثمان چنیوٹی نے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے ملاقات کی شدید خواہش کی تھی۔ ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ ''امید کی گھنٹی'' دیگر صوبوں کے لیے ایک قابل تقلید مثال ہے۔ گورنر انیشیٹیوز کے تحت 50 ہزار نوجوان آئی ٹی تعلیم حاصل کر کے ملک کا نام روشن کریں گے۔ گورنر سندھ نے نوجوان کو گورنر ہاؤس کراچی آنے کی دعوت دیدی اور آئی ٹی کے اگلے سیشن میں داخلے کی پیشکش بھی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 27

گیٹ پھلانگ کر ہوٹل ایریا میں داخل ہوئے اور اندر داخل ہونے والوں نے ہوٹل کا بڑا گیٹ کھولا جس سے تمام لوگ اندر داخل ہو گئے۔ اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں نے لابی میں کانفرنس کرنے کا اعلان کر دیا۔ محمود خان اچکزئی، شاہد خاقان عباسی، اسد عمر اور سلمان اکرم راجہ لابی میں پہنچ گئے۔ جماعت اسلامی کے لیاقت بلوچ بھی لابی میں موجود تھے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے ہوٹل لابی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہم آئین پاکستان اور قانون کی بالادستی کے لیے کھڑے ہیں۔ عمر ایوب کا کہنا ہے کہ ملک اس وقت ترقی نہیں کر رہا، اس حکومت کے پاس عوام کا مینڈیٹ نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

رہی ہیں، چیف جسٹس سے ملاقات ہوئی تھی ان کے سامنے ساری صورت حال رکھی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ماتحت عدالتیں لمبی تاریخیں دے رہی ہیں، چیف جسٹس سے درخواست کی تھی بانی پی ٹی آئی کے بنیادی حقوق سلب کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے چیف جسٹس کے سامنے اپنے تمام اسیران کے مسائل رکھے تھے، اپوزیشن نے آئین اور قانون کی حکمرانی کے بارے میں بات کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

ہلال کمیٹی کا اجلاس آج (جمعہ) کو ہوگا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق ماہ رمضان المبارک 1446 ہجری کا چاند دیکھنے کیلئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 29 شعبان المعظم 1446 ہجری بتاریخ 28 فروری کو پشاور میں ہوگا۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد اجلاس کی صدارت کریں گے۔ ترجمان کے مطابق زونل رویت ہلال کمیٹیاں اپنے متعلقہ مقامات پر اجلاس کریں گی، زونل کمیٹی اسلام آباد کا اجلاس وزارت مذہبی امور میں ہوگا، چاند نظر آنے یا نہ آنے کا حتمی اعلان چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 30

کی۔ دونوں ممالک نے قومی وعلاقائی سطح پر دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے خطرات کا جائزہ لیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور جاپان نے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا، پاکستانی وفد نے انسداد دہشتگردی سے متعلق حالیہ پالیسی اقدامات اور عملی پیشرفت پر بریفنگ دی۔ دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان اور جاپان نے انسداد دہشتگردی کے شعبے میں مزید دوطرفہ تعاون بڑھانے پر غور کیا۔ دونوں ممالک نے استعداد کار بڑھانے اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی حل تلاش کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

مہم شروع کر دی۔ ترجمان کے مطابق موٹروے پر 150 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار پر نہ صرف جرمانہ ہوگا بلکہ ڈرائیور پر مقدمہ اور گاڑی بھی بند ہوگی۔ موٹروے ترجمان نے واضح کیا کہ موٹروے پر کار کی حد رفتار 120 کلومیٹر فی گھنٹہ جبکہ پبلک سروس گاڑیوں کی 110 کلومیٹر فی گھنٹہ مقرر ہے، تمام ڈرائیورز کو انتباہ جاری کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 32

پارلیمانی سال مکمل ہو گیا، قومی اسمبلی کے 13 سیشنز کے دوران مجموعی طور پر 93 نشستیں منعقد ہوئیں، ایوان کی کاروائی 247 گھنٹے 23 منٹ تک چلتی رہی، 26 ویں آئینی ترمیم سمیت 47 قوانین، 26 قراردادیں منظور کی گئیں۔ اس دوران نواز شریف اور حمزہ شہباز کی سب سے کم حاضری رہی، صرف 5 دن شریک ہوئے، وزیراعظم شہباز شریف 11، اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی حاضری کی تناسب سب سے زیادہ رہا، حکومت قانون سازی اور اپوزیشن احتجاج میں مصروف رہی، سیاسی مسائل عوامی مسائل پر حاوی رہے۔ پہلے پارلیمانی سال کے دوران انتخابات کے باوجود قومی اسمبلی کا ایوان نامکمل رہا، پارلیمنٹ سے منظور قانون سازی میں عوامی مفاد کا تاثر کم جبکہ سیاسی مفادات کے حصول کی کاوشیں دیکھنے میں زیادہ نظر آئیں۔ قومی اسمبلی میں سیاسی انتشار رہا، اپوزیشن سراپا احتجاج رہی، حکومت نے پوری رات قانون سازی کا ریکارڈ قائم کر ڈالا، قومی اسمبلی میں آئینی ترمیم کے منظوری کے دوران اقلیت کو اکثریت میں بدلتے دیکھا گیا، پریکٹس اینڈ پروسیجر اور الیکشن ایکٹ میں ایک کے بعد ایک قانون سے سیاسی ماحول کو گرمائے رکھا۔ دستاویز کے مطابق پارلیمانی سال کے دوران قومی اسمبلی میں 91 بل پیش کیے گئے حکومت کی جانب سے 30 جبکہ اراکین اسمبلی کی جانب سے 61 قوانین ایوان میں متعارف کرائے گئے جبکہ قومی اسمبلی میں حکومت اور پرائیوٹ ممبر کی جانب سے پیش بلوں میں سے 47 پر قانون سازی ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 33

ٹاسک فورس ڈاکٹر فرقد عالمگیر، سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود، کمشنر فیصل آباد ڈویژن مریم خان اور ڈی سی ندیم ناصر موجود تھے۔ فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی انتظامیہ اور صدر چیمبر آف کامرس بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے برٹش ڈاکٹرز کے وفد سے بچوں کی کامیاب کارڈیک سرجری پر اظہار تشکر کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کامیاب کارڈیک سرجری کے بعد زیر علاج بچوں کی عیادت کی اور ان کے والدین سے بھی ملاقات کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ آئندہ ایک سال میں دل میں سوراخ والے بچوں کی سرجری 3 سے بڑھا کر 6 ہزار کر دی جائے گی۔ ایف آئی سی میں کارڈیک ڈاکٹرز کی تعداد بڑھا دی گئی ہے اور مزید اضافہ کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خود بچوں کی کارڈیک سرجری بارے فیڈ بیک لیتی رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

صوبوں کی بات نہ سنے تو اس سے بڑے خطرات لاحق ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ مجلس عمل اور پی ڈی ایم کا اتحاد دیکھا مگر سب کیساتھ فعال کردار ادا کیا، آئین، جمہوریت اور عوام کے ووٹ کے تقدس کی بات کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ماضی کی غلطیوں کو نہیں دہرانا چاہیے، تمام جمہوری قوتوں کو قومی ایجنڈے پر اتفاق کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کو ہر صورت برقرار رکھا جائے، عدالتوں کی آزادی کے لیے جدوجہد کرنی چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 35

بعد 10 ہزار 05 سو روپے مل رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مینارٹی کارڈز اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ میں ایک مضبوط قدم ثابت ہوں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہمیشہ یہ کہتی ہیں کہ اقلیتیں میرے سر کا تاج ہیں، اور ان کے اقدامات سے اقلیتی برادری میں احساس محرومی کا خاتمہ ہو رہا ہے۔ اس موقع پر ممبر صوبائی اسمبلی آغا علی حیدر خان نے کہا کہ مسلم لیگ ن ہمیشہ اپنے وعدوں پر قائم رہی ہے اور اقلیتی برادری کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے ہمیشہ اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مخالفین ہمیشہ سستی سیاست کا شکار رہے ہیں، جبکہ ہماری حکومت عوام کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کر رہی ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو نے اس موقع پر بتایا کہ ضلع کی تینوں تحصیلوں میں مینارٹی کارڈز کی تقسیم کے لیے خصوصی کاؤنٹرز قائم کیے گئے ہیں۔ پی ایس ای آر کے تحت مستحق خاندانوں کی رجسٹریشن کا عمل بھی جاری ہے۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے ضلعی انتظامیہ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی برادری کو اپنے جھنڈے کے رنگ کی طرح ساتھ کھڑا کرنا ہماری قومی ذمہ داری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

دوران 1250 تھیلے آٹا جبکہ 1730 کلو چینی فروخت ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام تک سستی اشیا خورونوش کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، آٹے کے تھیلوں کی قیمت میں ریلیف وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈسٹری کے تعاون سے متعدد اشیاء سہولت سٹالز پر مارکیٹ ریٹ سے بھی کم قیمت پر دستیاب ہیں، چینی اور آٹا تھیلوں کے سٹاک کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روانڈا میں زراعت، آئی ٹی، معدنیات اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں جبکہ فاضل پیداوار کو بغیر اضافی اخراجات کے دوسرے افریقی ملکوں کو بھی برآمد کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روانڈا میں کافی تعداد میں پاکستانی بھی موجود ہیں جو پاکستانی سرمایہ کاروں کی راہنمائی کا فریضہ سرانجام دے سکتے ہیں۔ انہوں نے روانڈا کو سرمایہ کار دوست ملک قرار دیا اور کہا کہ افریقہ میں خام مال کی بہتات ہے اس لئے خاص طور پر فیصل آباد کے ٹیکسٹائل برآمد کنندگان کو وہاں اپنے یونٹ قائم کرنے چاہئیں۔ ڈیوٹیوں کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے اس کو ڈبل ٹیکسیشن کا مسئلہ قرار دیا اور کہا کہ اس سلسلہ میں گفت و شنید کا سلسلہ جاری ہے اور توقع ہے اس سلسلہ میں آئندہ چند ماہ کے دوران اس حوالے سے حتمی فیصلہ کر لیا جائے گا۔ انہوں نے کنفکشنری پر ڈیوٹی کم کرنے کا بھی یقین دلایا تا کہ اس کی برآمدات کو بڑھایا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 38

اکبری گیٹ ہاشم رضا نے کیمروں اور ہیومن انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ ملزم سے رقم برآمد کر کے شہری کے سپرد کر دی گئی، شہری نے اکبری گیٹ پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے فوری رسپانس اور ملزم کی گرفتاری پر ایس پی سٹی ڈویژن قاضی علی رضا اور ایس ایچ او اکبری گیٹ ہاشم رضا کو انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 39

اقلیتی افراد کو مائنارٹی کارڈ دیئے فیصل آباد کے 7000 اقلیتی بھائیوں میں بھی بہت جلد مائنارٹی کارڈ تقسیم کرنے جا رہے ہیں لوگوں کی زندگی میں آسانی لانا حکومت پنجاب کا مشن ہے دنیا کو پاکستان سے امن، محبت اور بھائی چارے کا پیغام دیا جا رہا ہے سینٹری ورکرز کو اپ لفٹ کرنے کا کام خوش آئند ہے تقریب میں کم آمدن مسیحی کمیونٹی کیلئے پائیدار ترقی کے اہداف پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا fenny hum نمائندہ کینیڈین ہائی کمیشن پروفیسر ڈاکٹر روف اعظم وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی، سابق ایم پی اے ڈاکٹر نجمہ افضل و دیگر مقررین کا بھی خطاب بانی خوشحالی فیلوشپ پروگرام میری جیمز گل نے اہداف سے شرکا کو آگاہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 40

بتایا کہ وہ لاسی گوٹھ میں قائم نجی اسکول کے بچے کو کال کر کے عبدالسبحان کو اسکول سے یونیفارم کا ناپ دلانے کے بہانے لے گیا تھا۔ مجھ سے غلطی ہوئی ہے اور میں نے غلط کام کیا ہے۔ اس حوالے سے ایس ایچ او سہراب گوٹھ سہیل خاخیلی نے بتایا کہ بچے کے اغوا کا مقدمہ 19 فروری کو درج کیا گیا تھا۔ گرفتار ملزم عامر بچے کا پڑوسی ہے اور دونوں گھرانوں میں بہت میل جول تھا۔ بچہ ان کے گھر بھی جایا کرتا تھا جبکہ وہ بچے کو اسکول بھی چھوڑنے جاتا تھا۔ ملزم عامر کے یہاں کوئی اولاد نہیں تھی جس کی وجہ سے دونوں میاں بیوی بچے کو بہت چاہتے تھے۔ ملزم عامر لاسی گوٹھ سے گھر چھوڑ کر سرجانی لیاری گلشن نور منتقل ہو گیا تھا اور بچے کی محبت میں بہانے سے اسکول آ کر اسے اپنے ہمراہ لے گیا تاہم ملزم نے اقرار کیا ہے کہ اس سے غلطی ہوئی ہے۔ انویسٹی گیشن پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

خاندان سے تھا۔ ذرائع کے مطابق گلگت میں بسین تھانے کے قریب سکول کی بچیاں سڑک کراس کر رہی تھیں کہ تیز رفتار گاڑی کی زد میں آ گئیں، زخمی بچیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں تین زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

گئی، رضا آباد کے رہائشی الیس کی اہلیہ (ث) گھر سے خریداری کیلئے بازار گئی واپس نہ آئی، بلوچنی کے علاقہ 61۔ر ب کے رہائشی اصغر علی کی بیٹی (م) کو بازار جاتے ہوئے ملزمان سفیان وغیرہ نے اغواء کر لیا۔ منصور آباد کے رہائشی محمد سعید نے بتایا کہ اسکا بیٹا زین علی ڈیوٹی پر گیا واپس نہ آیا جبکہ 612 گ۔ب کے رہائشی توقیر کا بھائی جاوید اقبال کام کاج کے سلسلہ میں سٹیٹ بینک کے سامنے ہزارہ ہوٹل پر گیا جہاں نامعلوم نے اغواء کر لیا پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

سے 2 کلوگرام آئس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

نے جانچ پڑتال کی تو امیدوار جعلی نکلا۔ جعلی امیدوار خضر کے پاس اصل امیدوار کی رول نمبر سلپ اور شناختی کارڈ موجود تھا جو اس کے ظاہری حلیے سے مختلف نکلا۔ سپروائزری کمیٹی کے اجمل، مطلوب، خضر اور زاہد نے اصل امیدوار احسن کو بھی موقع پر طلب کر کے گرفتار کر لیا۔ امیدوار نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ اس نے خضر کو کانسٹیبل بھرتی میں دوڑ کے لیے 50 ہزار روپے دیے۔ دونوں ملزمان کو گرفتار کر کے تھانہ ریلویز پولیس مغلپورہ ورکشاپس میں مقدمہ درج کر لیا گیا، مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

کے مطابق ملزم کو سعودی عرب سے گرفتار کر کے اسلام آباد ایئرپورٹ منتقل کر دیا گیا، گرفتار ملزم کے پی پولیس کو مطلوب تھا۔ ایف آئی اے نے بتایا کہ ملزم کے خلاف سال 2018 میں قتل، اقدام قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج تھا، ملزم کے خلاف تھانہ کھل، لوہر دیر میں مقدمہ درج تھا، ملزم قتل کر کے بیرون ملک فرار ہو گیا تھا، ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے ملزم کی گرفتاری کے لئے ریڈ نوٹس جاری کیا تھا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کو بعدازاں ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد نے کے پی پولیس حکام کے حوالے کر دیا، ملزمان کی حوالگی انٹرپول اسلام آباد کی انٹرپول ریاض کے ساتھ قریبی رابطہ کاری کی وجہ سے ممکن ہوئی، جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ این سی بی انٹرپول 24/7 پوری دنیا کے ساتھ رابطے میں ہے، ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قرآن وسنت کے نفاذ سے ہی امن، استحکام ہوگا، سارے نظام جھوٹ اور منافقت پر مبنی ہیں جس سے ہم افراتفری اور انتشار کا شکار ہو چکے ہیں، اللہ کے رسول ﷺ، صحابہؓ اور اہل بیتؓ نے جو نظام عملی طور پر پیش کیا وہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سودی نظام کا مکمل طور پر خاتمہ اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا سبب بن سکتا ہے۔ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا اور اس کی بنیاد کلمہ طیبہ پر رکھی گئی ہے، وقت کا تقاضا ہے کہ جب ملک میں تمام نظام ناکام ہو گئے ہیں تو یہاں شریعت محمدی ﷺ کو نظام نافذ کیا جائے ان شاء اللہ جب ملک میں نظام مصطفیٰ ﷺ نافذ ہوگا ملک بحرانوں سے نکل کر ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہو جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 47

خواتین جو پسماندہ پس منظر سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس تقریب میں صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ دیگر معزز مہمانوں میں کینیڈین ہائی کمیشن کی نمائندہ فینی ہم، پروفیسر ڈاکٹر روف اعظم، وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی، سابق ایم پی اے ڈاکٹر نجمہ افضل اور دیگر اہم شخصیات بھی شامل تھیں۔ خوشحالی فیلوشپ پروگرام کی بانی، میری جیمز گل نے شرکاء سے خطاب کیا اور پروگرام کے مقاصد کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کس طرح اس پروگرام نے صفائی کے ورکرز کے خاندانوں کی نوجوان خواتین کو تعلیمی مواقع فراہم کیے اور انہیں ذاتی ترقی کے لیے ایک پلیٹ فارم دیا۔ انہوں نے صفائی کے ورکرز، خصوصاً خواتین، کے معاشرتی کردار کو تسلیم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے خطاب میں پنجاب حکومت کی جانب سے اقلیتی کمیونٹی کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے کی جانے والی کوششوں کا ذکر کیا اور کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں اقلیتی کمیونٹیز کی ترقی کے لیے کئی اہم اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

اور عوامی خوشحالی کی خاطر کردار کرنے کی بجائے قومی وسائل کی بندر بانٹ میں مصروف ہیں اور عوام کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، دھاندلی کے نتیجہ میں بننے والی حکومت سے ہرگز توقع نہیں کہ یہ ملک کے مسائل کم کرے گی۔ بانی پی ٹی آئی جمہوری جدوجہد میں تنہا نہیں حقیقی آزادی کی جنگ میں پوری قوم ان کیساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

جائے۔ ریلوے ملازمین کی تنخواہوں اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن کی بروقت ادائیگی کی جائے۔ ورکشاپس کے ملازمین کو ڈیلی پنشن الاؤنس کی ادا کیا جائے۔ ریلوے کے ٹیکنیکل شعبہ جات کے تمام ملازمین کو ٹیکنیکل الاؤنس کی یکساں ادائیگیاں کی جائیں۔ پی۔ ایم پیکج کے تحت یتیم بچے، بچیوں کی بھرتی پہ پابندی اور انویلڈ ملازمین کے بچوں کی بھرتی پر پابندیوں کے فیصلہ کو واپس لیا جائے۔ ڈاؤن سائزنگ اور خالی آسامیوں کے خاتمہ کی پالیسی کا خاتمہ کیا جائے۔ سالہا سال سے ٹی۔ اے کی عدم ادائیگی اور ورکشاپس میں اوور ٹائم کی بندش کا خاتمہ کیا جائے۔ ریٹائرڈ ملازمین، بیواؤں کے واجبات کی بلا تاخیر کی ادائیگیاں کی جائیں۔ ریلوے کی مستقل آسامیوں پہ ریگولر بھرتیاں کی جائیں اور کنٹریکٹ بھرتیوں کی پالیسی کو فوری ختم کیا جائے۔ ٹی۔ ایل۔ اے آسامیوں کا خاتمہ نامنظور نیز ٹی۔ ایل۔ اے کی منظوری کی سابقہ پالیسی بحال کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ریلوے کی سی بی اے یونینز سمیت تمام رجسٹرڈ ٹریڈ یونینز پر مشتمل ریل مزدور اتحاد کی جانب سے مشترکہ پریس کانفرنس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پریس کانفرنس میں ریلوے ملازمین کی تمام رجسٹرڈ نمائندہ یونینز جن میں پاکستان ریلوے ایمپلائز پریم یونین (سی بی اے) اوپن لائن، ریلوے ورکرز یونین (سی بی اے) ورکشاپس اسٹیبلیشمنٹ ریلوے انقلابی یونین، ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن، ریلوے لیبر یونین، ریلوے سپارس یونین کے عہدیداران میاں خالد محمود، متحرم تحی خان، رانا معصوم علی، محمد سرفراز خان، سلامت خان، چوہدری عنایت علی گجر، علی مردان خان، اکبر کھوکھر، ریلوے انقلابی یونین ظفر ملک، ورکرز یونین ضیغم عباس ریلوے سپارس اوپن یونین، عبدالقیوم، میاں محمد خالد محمود سمیت دیگر ذمہ داران موجود تھے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور دیگر قائدین نے مزید کہا کہ ریل کے ناخداؤں کو شاید یہ غلط فہمی ہوگئی ہے کہ ریل کا مزدور لاوارث ہے وقت کے ناخداؤں اور ارباب اختیار کو یاد دلانا چاہتے ہیں کہ ان ناکاروں انجنوں کھٹارا کوچوں سو سالہا قدیم ٹریک اور فرسودہ ٹریک اور سگنلنگ سسٹم سے اگر گاڑی چل رہی ہے تو اس کا کریڈٹ صرف ریلوے کے ان محنت کشوں کو جاتا ہے اگر ریل کے محنت کشوں نے ٹرین چلانے کے قوانین پہ سو فیصد عمل درآمد شروع کر دیا یعنی صرف ورک ٹو رول پہ ٹرین چلانے کا فیصلہ کر لیا تو ریل کا پہیہ رواں دواں رکھنا مشکل ہو جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 50

، خانیوال سردار مظہر حسین نے سیشن کی صدارت کی اور شرکاء کو یقین دہانی کرائی کہ خواجہ سرا کمیونٹی کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ووٹر رجسٹریشن اور شناختی کارڈ کے حصول میں درپیش مشکلات کو دور کرنے کے لیے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ سیشن کے دوران الیکشن آفیسر، خانیوال، ملک عبدالرحمٰن نے شرکا کو ووٹر رجسٹریشن کے عمل سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے بتایا کہ خواجہ سرا کمیونٹی کے افراد کو شناختی کارڈ اور ووٹر لسٹ میں شامل ہونے کے لیے درکار دستاویزات اور عمل کو آسان بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سیشن میں خواجہ سرا کمیونٹی کی نمائندہ سونیا بطور فوکل پرسن بھی موجود تھیں۔ انہوں نے کمیونٹی کے مسائل کو اجاگر کیا اور کہا کہ اکثر خواجہ سرا افراد کو شناختی کارڈ اور ووٹر لسٹ میں ہونے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت کو خواجہ سرا کمیونٹی کے لیے خصوصی اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ وہ بھی معاشرے کے دیگر افراد کی طرح اپنے ووٹ کا حق استعمال کر سکیں۔ پودا پاکستان کی نمائندہ میڈم بسم اللہ ارم نے بھی شرکاء سے تفصیلی بات کی اور کہا کہ خواجہ سرا کمیونٹی کو حقوق کے لئے متحد ہونے کی اشد ضرورت ہے اس سلسلے میں سب سے اہم حق شناختی کارڈ کا حصول ہے۔ کیونکہ شناختی کارڈ ہی کی بدولت مختلف حقوق ریاست پاکستان سے طلب کیے جا سکتے ہیں۔ جناب زرینہ (محکمہ پولیس) نے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ خاندانی مسائل کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔ ہم موجود ہیں خواجہ سرا کمیونٹی کو کوئی مشکل نہیں ہوگی۔ مزید محمد فیصل نمائندہ سپارک (این جی او) نے شرکاء کو بتایا کہ مختلف اقسام کی سکلز سے ہی اس کمیونٹی کو معاشرے کا بامقصد شہری بنایا جا سکتا ہے اور اس مقصد کے لیے صنعت زار کی سہولت سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر نے یقین دہانی کرائی کہ خواجہ سرا کمیونٹی کے افراد کو شناختی کارڈ یا ووٹر رجسٹریشن سے متعلق کسی بھی مسئلے کی صورت میں دفتر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، خانیوال ہر ممکن رہنمائی اور معاونت فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواجہ سرا کمیونٹی کو معاشرے کا اہم حصہ سمجھا جاتا ہے اور ان کے حقوق کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ اس آگاہی سیشن کا مقصد خواجہ سرا کمیونٹی کو بااختیار بنانا اور انہیں ووٹ کے ذریعے اپنی آواز بلند کرنے کا موقع فراہم کرنا تھا۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر، خانیوال کی جانب سے یہ اقدام خواجہ سرا کمیونٹی کے حقوق کے تحفظ اور انہیں معاشرے میں برابری کی شمولیت کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

کہا گیا کہ یہ کمپنیاں ایرانی کمپنی پیشتازان کاوش کھوستر بشرہ کی جانب سے کام کر رہی تھیں۔ یہ اس سے قبل امریکی محکمہ خزانہ کی پابندیوں کی فہرست میں شامل تھی۔ اس کی ایک ذیلی کمپنی زرین سپہر موبین بھی پابندی کی زد میں آئی۔ یہ کمپنیاں ڈرونز کی تیاری کے لیے ضروری پرزے خریدتی تھیں۔ امریکی محکمہ خزانہ کے بیان کے مطابق مذکورہ دو ایرانی کمپنیاں ایران کے ڈرون اور بیلسٹک میزائل پروگرام کی بڑی سپلائرز ہیں۔ پابندی کی زد میں آنے والی کمپنیاں ڈرون کے ضروری پرزہ جات کی خریداری اور منتقلی کرتی ہیں۔ بیان میں اشارہ کیا گیا کہ یہ پابندیاں امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے تہران کے خلاف شروع کی گئی زیادہ سے زیادہ دباؤ کی مہم کے دائرہ کار میں آتی ہیں۔ پابندیوں کا مقصد ان ایرانی کمپنیوں کی اپنی سپلائی چین کو دوبارہ بنانے اور غیر ملکی سپلائرز سے ضروری اجزا کو محفوظ بنانے کی کوششوں کو ناکام بنانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ہیڈ کانسٹیبل شہروز خان، ممتاز حسین، شہباز منصور، کانسٹیبل علی عمران، محمد جمیل، امانت علی، اختر رسول، لیڈی نائب قاصد سمیرا رفیق اور کک عثمان کے اہل خانہ میں چیک تقسیم کیے گئے۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ لاہور پولیس ملازمین کے واجبات کی بروقت ادائیگی یقینی بنا رہی ہے۔ سی سی پی او لاہور نے کہا کہ لاہور پولیس کرائم فائٹنگ کے ساتھ ساتھ ایک ویلفیئر اوریئنٹڈ ادارہ بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے والے ملازمین ہمارا رول ماڈل ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ پولیس ملازمین کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود ہماری ذمہ داری ہے۔ ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور نے کہا کہ سی سی پی او لاہور کی ہدایت پر پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ میں ویلفیئر فنڈز کی تقسیم کا عمل جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس نے ملازمین کے بہترین علاج معالجہ اور بچوں کی کوالٹی ایجوکیشن سمیت ویلفیئر کیلئے مثالی اقدامات اٹھائے ہیں۔ ڈی آئی جی (ایڈمن) لاہور نے کہا کہ شہدائے پولیس کے اہل خانہ کی رہائش گاہوں، بچوں کی شادی اور ملازمت سمیت ویلفیئر کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ عمران کشور نے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ اور غازیوں سمیت پولیس ملازمین کی ویلفیئر ہماری اولین ترجیح ہے۔ واجبات کی بروقت فراہمی پر پولیس ملازمین کے اہل خانہ نے لاہور پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 53

مقدمہ درج کر لیا ہے، زیر حراست ملزم نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اس کی بیوی نے خودکشی کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

ہوئے آپریشنز کے حوالے سے کہا کہ پچھلے ماہ کے دوران درجنوں افراد جو 50 سے زائد ہیں ہلاک کر دیے گئے ہیں۔ اب مغربی کنارا بھی ایک میدان جنگ بن رہا ہے۔ لازارینی نے اس امر کا اظہار سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی تازہ پوسٹ میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان ہلاک کیے گئے افراد میں فلسطینی بچے بھی شامل ہیں۔ انروا کے سربراہ نے اس قتل وغارت گری کے سلسلے میں کہا کہ یہ لازماً بند ہونی چاہیے۔ لازارینی نے کہا کہ مغربی کنارے میں پبلک انفراسٹرکچر کی تباہی بھی جاری ہے۔ اسرائیلی فوج کے بلڈوزر سڑکیں تک تباہ کر رہے ہیں۔ تاکہ مقامی لوگوں کو اسرائیلی فوج تک پہنچنے کے راستے ہی بند ہو جائیں۔ ہر طرف خوف، غم اور بے یقینی کی فضا غالب ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

مطابق سرگودھا کے قصبہ فروکہ میں نجی کالج کے 16 سالہ طالب علم طلحہ کو گلا کاٹ کر قتل کر دیا گیا جس کی نعش سجوکہ روڈ سیم کنارے سے برآمد کر کے پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دی گئی جسے آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا اور پولیس تھانہ ترکھانوالہ نے مقتول کے چچا کی مدعیت میں زیر دفعہ 302 ت پ مقدمہ قتل درج کر لیا اور ملزمان کی تلاش جاری تھی کہ تین مسلح موٹر سائیکل سواروں کے پولیس ناکہ سے فرار کے تعاقب پر پولیس مقابلہ میں جھاڑیوں میں چھپے ملزمان کی فائرنگ سے ان کا اپنا مسلح ساتھی مارا گیا جس کی شناخت 16 سالہ طالب علم طلحہ کے قتل میں ملوث ملزم دانیال عامر کے نام سے ہوئی جس کے قبضہ سے اسلحہ برآمد کر کے نعش کو پوسٹمارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس تھانہ ترکھانوالہ نے پولیس مقابلہ کا زیر دفعہ 302/324/353/186/34 اور 13/20/65 ت پ مقدمہ درج کر لیا اور اپنے ہی ساتھی کو قتل کر کے فرار ہونے والے ملزمان کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

قسم کے شر و فساد کے گرد و غبار سے بچائے، عوام کے بنیادی مسائل اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرتی برائیوں کیخلاف اپنے فرائض احسن طریق اور ایمانداری سے سرانجام دے، بہترین معاشرے کی تشکیل اور ترقی میں صحافی ایک کلیدی کردار ادا کرتا ہے، ریاست کے چوتھے ستون کا درجہ حاصل کر کے صحافت واقعی ایک معزز اور بہترین پیشے کے طور پر خود کو منوا چکا ہے، معاشرے کی صحیح ترجمانی اور بہترین تربیت صحافت ہی کے ذریعے ممکن ہے اور صحافت سب پیشوں سے الگ اور خاص مقام رکھتا ہے، انہوں نے کہا کہ صحافی بھائی مشکل حالات میں بہترین کام کر رہے ہیں اور لوگوں کے مسائل مثبت انداز میں پیش کر رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ صحافیوں کے مسائل کے حل میں حکومت ہر ممکن تعاون کر رہی ہے تا کہ معاشی طور پر کمزور اور اخلاقی طور پر مضبوط صحافتی برادری کو ان کے پاؤں پر کھڑا کیا جا سکے، تجمل حسین ناز نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ مثبت انداز میں رپورٹنگ کی ہے اور معاشرے اور حکومتی اقدامات کو ہمیشہ تعمیری سوچ سے بیان کیا ہے، کسی شریف شہری کی پگڑی نہیں اچھالی بلکہ ہمیشہ معاشرے کی بہتری کیلئے اپنے قلم کا استعمال کیا۔

بقیہ بقیہ جات 57

تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کیا۔ اشتہاری بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان جیسے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ تھے۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ کے مطابق ملزمان نے بھتہ نہ دینے پر نوجوان علی حیدر کو چند ماہ قبل فائر مار کر قتل کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے سے ایسے ناسوروں کے خاتمے کے لیے سخت کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 59

کرنے کیلئے تیار ہے۔ پوری کشمیری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ستائیس فروری کو پاک فوج نے ہندوستان کا طیارا مارا گرا کر دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا تھا اور پاک فضائیہ نے اپنی روایت برقرار رکھتے ہوئے ایک مرتبہ پھر پیشہ وارانہ مہارت اور بہادر سے اپنی پہچان قائم کی۔ پاک فوج کے فوری اقدامات اور حیران کن ردعمل نے حملہ آور کا غرور خاک میں ملا دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے جذبہ خیر سگالی کے تحت ہندوستانی پائلٹ کو واپس کر دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردوں کی کوئی قومیت نہیں یہ فقط معاشرے کے ناسور ہیں جن سے معاشرے کو ہر حال میں پاک کرنا ہوگا جس کیلئے سکیورٹی فورسز دن رات برسرپیکار ہیں اور دہشت گردوں کو چن چن کر ان کے انجام تک پہنچایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

جہاں خشک دودھ سے جعلی دودھ تیار کیا جا رہا تھا۔ کارروائیوں کے بعد مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، جن کی تلاش جاری ہے۔ اس کے علاوہ فوڈ اتھارٹی حکام نے بتایا ہے کہ انہوں نے چیچہ وطنی کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے بعد غیر معیاری تیل اور مضر صحت گوشت تلف کر کے جرمانے عائد کیے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

وسعت دی کہ ان کی فاؤنڈیشن کے 400 سے زائد مراکز کام کر رہے ہیں وہ 25 جنوری 2013 کو گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہوئے اور 8 جولائی 2016 کو 87 برس کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 62

رابطہ کیا تو انہوں نے سولر سسٹم نصب کرنے کیلئے 11 لاکھ 57 ہزار روپے میں ایگریمنٹ ہوا تو اس کے مذکورہ رقم ملزمان کو دے دی۔ بعدازاں حسب معاہدہ ملزمان نے سولر سسٹم لگوایا اور نہ ہی رقم واپس کی۔ رقم کا مطالبہ کرنے پر لیت ولعل کے بعد انکاری ہو گئے، پولیس نے زیر دفعہ 406 ت پ کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

بنا دیا ہے مہنگائی میں کمی کے حکومتی دعوے کسی مذاق سے کم نہیں اگر ملک میں مہنگائی کم ہو رہی ہے تو اس کے اثرات عوام تک کیوں نہیں پہنچ رہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اعداد و شمار کے ہیر پھیر کو اپنی کارکردگی کے طور پر دکھا رہی ہے جس سے حکمرانوں کی گرتی عوامی ساکھ قطعی بحال نہیں ہو سکتی۔

بقیہ بقیہ جات 64

کی منظوری سے کل متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ نہیں لیا۔ موجودہ حکومت آزاد آوازوں کو دبانے اور ریاست کے بنیادی ستونوں کو منہدم کرنے کے لئے منظم طریقے سے کام کر رہی ہے۔ ترامیم، آزاد میڈیا کو خاموش کرنے اور اظہار رائے کی آزادی کو محدود کرنے کے مقصد سے، پاکستان کے آئینی تحفظات کو 1973 آئین کو کنٹرول کرنے کی ایک وسیع مہم کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ترامیم کی طرح عدلیہ کو نشانہ بنانے والی آئینی ترمیم بھی اس برادری یا سول سوسائٹی کے ساتھ مشاورت کے بغیر منظوری کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 65

نے سید لخت حسنین کے بھائی سید مختار الہی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

ثمرین سمیت دیگر ضلعی افسران بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹالز پر اشیا خورونوش کی قیمتوں و معیار کا جائزہ لیا، ڈی سی نے متعلقہ افسران کو صفائی ستھرائی سمیت تمام دیگر سہولیات کو بہتر رکھنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رمضان بازاروں میں چینی 130 روپے فی کلوگرام فراہم کی جا رہی ہے، چکن 20 سے 22 روپے فی کلوگرام تک سستا دیگر اشیا خوردنی، سبزیاں و پھل بھی کم نرخوں پر دستیاب ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان سہولت بازاروں میں سٹالز پر کم قیمت پر اشیا ضروریہ دستیاب ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر قائم کیے جانے والے رمضان سہولت بازاروں سے عوام کو ریلیف ملے گا۔

بقیہ بقیہ جات 67

، باثر افراد نے گھر اور ہسپتال قائم کر لیے، جو پنجاب حکومت کیلئے واگزار کروانا ایک چیلنج بن گیا۔ رپورٹ کے مطابق ننکانہ صاحب کی تحصیل سانگلہ ہل میں سرکاری جگہوں پر بااثر تگڑے مافیا کا عرصہ دراز سے قبضہ برقرار ہے۔ فیصل آباد روڈ پر واقع گورنمنٹ بوائز ہائی سکول نزد گندا نالہ کی 21 کینال 16 مرلے اراضی میں سے 14 کینال 14 مرلے جگہ پر شہر کے بااثر تگڑے مافیا نے قبضہ کر کے اپنا گھر اور دوکانیں تعمیر کر لیں ہیں اور دوکانوں کو کرائے پر دے کر ماہانہ لاکھوں روپیہ اکٹھا کر رہے ہیں جبکہ سکول کی اراضی 21 کینال 16 مرلے کی بجائے 7 کینال 2 مرلے پر سکڑ کر رہ گیا ہے۔ دوسری طرف مافیا نے قبرستانوں کو بھی معاف نہ کیا پرانی کچہری کے قریب لاوارث قبرستان اور مرکزی عیدگاہ کے قبرستان پر بھی عرصہ دراز سے بااثر افراد نے قبضہ کر کے اپنے گھر اور ہسپتال تعمیر کر لیے ہیں، مافیا کو سرکاری افسران اور مقامی سیاستدانوں کی پشت پناہی حاصل ہے۔ بااثر مافیا ہر آنے والے مقامی اور ضلعی آفیسر کی اچھی خاصی خاطر تواضع کر کے انہیں اپنی مٹھی میں کر لیا جاتا ہے، جس کے باعث ان جگہوں کو مافیا سے واگزار کروانا پنجاب حکومت کیلئے ایک چیلنج نظر آ رہا ہے۔ شہر کے سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز اور وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ ان سرکاری جگہوں کو قبضہ مافیا سے واگزار کروایا جائے تاکہ پنجاب حکومت کا خواب صاف ستھرا پنجاب کے نعرے کو عملی جامہ پہنایا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 68

۔ پولیس نے لڑکی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کر دی۔ پولیس نے بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 69

سورسز کے بارے میں تفتیش جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

پہاڑوں پر برفباری ہوئی۔ محکمہ موسمیات نے اسلام آباد، مری اور جی بی میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری کی پیش گوئی کر دی، خان پور ہزارہ اور گردونواح میں دوسرے روز بھی وقفے وقفے کیساتھ بارش ہوئی، لاہور میں بادل برسنے کا امکان پیدا ہو گیا۔

بقیہ بقیہ جات 71

مخدوم احمد محمود، ارکان پنجاب اسمبلی سردار ممتاز علی چانگ، ملک واصف مظہر راں، جام ریکس نبیل، رانا اقبال سراج قاضی احمد سعید، میاں کامران عبداللہ مڑل، سید عامر شاہ، حبیب الرحمان چانگ، انعام باری، نرگس فیض ملک، نیلم جبار اور شازیہ عابد شامل ہیں۔ صدر آصف علی زرداری نے پارٹی رہنماؤں سے ملاقات کی اور یقین دہانی کرائی کہ ارکان پنجاب اسمبلی کے مسائل سے متعلق وزیراعظم سے بات کروں گا جبکہ پارلیمانی وفد آئندہ بجٹ آنے تک مسائل حل ہونے کا انتظار کریں۔

بقیہ بقیہ جات 72

میٹر نے وزیر اعظم شہباز شریف کا استقبال کیا تھا۔ تاشقند پہنچنے کے بعد وزیر اعظم پاکستان نے یادگار آزادی کا دورہ کیا، پھول رکھے، عظیم تاریخی شخصیات کو خراج عقیدت پیش کیا اور ازبک عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 73

کی مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کے بعد میزبان صدر شوکت میرضیایوف کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان مضبوط روابط قائم ہیں، دونوں ملکوں کے تعلقات کی طویل تاریخ ہے، دونوں ممالک تعلقات درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ازبکستان پاکستان کا قابل اعتماد شراکت دار ہے، سرمایہ کاری اور تجارت میں اضافہ دونوں ممالک کے مفاد میں ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ممالک کی خوشحالی اور ترقی ہمارا مشترکہ عزم ہے، صدر شوکت میرضیایوف عملی اقدام پر یقین رکھتے ہیں، انہوں نے ازبکستان کو ترقی کی نئی بلندیوں پر پہنچایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ میں پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے پرعزم ہوں، انتھک محنت اور پختہ عزم سے ہی ترقی کا سفر طے کیا جا سکتا ہے۔

تبدیلی کمپنی ایڈریس

میں شاہد اقبال اپنی کمپنی شاہد ندیم اینڈ برادرز لائسنس نمبر 12085 کیٹگری C-4 کا ایڈریس 88/8 بلاک V سٹیلائٹ ٹاؤن جھنگ سے تبدیل کر کے موجودہ/مستقل پتہ 12X/7 بلاک بہاری کالونی سٹیلائٹ ٹاؤن جھنگ کر رہا ہوں لہذا تمام کاغذات میری کمپنی کا نیا ایڈریس تبدیل کر کے نیا ایڈریس/موجودہ پتہ لکھا جائے اور اسی ایڈریس کو آئندہ خط وکتابت کے لیے استعمال کیا جائے

المشتہر: شاہد اقبال، (فرم کا نام) شاہد ندیم اینڈ برادرز موبائل نمبر 6696766-0300

تلاش گمشدگی



میرا شوہر حمیر سلیم 5 جنوری 2025ء کاروباری سلسلے میں فیصل آباد آیا تھا اور تاحال لاپتہ ہے بابت گمشدگی تھانہ پیپلز کالونی میں ایف آئی آر بھی درج ہے برائے مہربانی اگر کسی کو میرے شوہر کے متعلق علم ہو یا کسی بھی ادارے کے پاس میرے شوہر بارے معلومات ہو تو درج ذیل نمبر پر اطلاع دیں۔

المشتہر
سونیا حمیر زوجہ حمیر سلیم
سکنہ مکان نمبر 588 سٹریٹ نمبر
بی محلہ اعظم بستی محمود آباد کراچی
رابطہ نمبر 0341-1251403

اقلیتی بچوں کے لیے ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام جلد شروع کیا جائے گا، رمیش سنگھ

پروگرام کا مقصد بچوں کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا، رواں سال 50 ہزار اقلیتی افراد کو مینارٹی کارڈ جاری کیے جائینگے

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا سینٹر فار لاء اینڈ جسٹس کی خوشحالی فیلوشپ پروگرام کی گریجویشن کی تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) سینٹر فار لاء اینڈ جسٹس (سی ایل جے) نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں خوشحالی فیلوشپ پروگرام کی گریجویشن تقریب کا انعقاد کیا، جو جڑانوالہ کے صفائی کے ورکرز کے خاندانوں کی نوجوان لڑکیوں اور خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے وقف تھا۔ یہ مؤثر پروگرام "صفائی کے ورکرز ہیں سپر ہیروز" کے تحت منعقد کیا گیا تھا۔ اس پروگرام کا مقصد اقلیتی کمیونٹی کی تعلیمی اور سماجی ترقی کی حمایت کرنا تھا، خصوصاً وہ خواتین جو پسماندہ پس منظر سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس تقریب میں صوبائی وزیر اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ دیگر معزز مہمانوں میں کینیڈین ہائی کمیشن کی نمائندہ فیبی ہم، پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم، وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی، سابق ایم پی اے ڈاکٹر نجمہ افضل اور دیگر اہم شخصیات بھی شامل تھیں۔ خوشحالی فیلوشپ پروگرام کی بانی، میری جیمز گل نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر47)

ریل مزدور اتحاد نے پاکستان ریلوے میں تاریخ ساز جدوجہد کا آغاز کر دیا ہے، ضیاء الدین انصاری

خیبر تا کراچی اور کوئٹہ تک چاروں صوبوں میں ریلوے کے محنت کش متحد اور منظم ہیں، حکومت عوام کی سستی سواری ریلوے کی نجکاری کا غیر دانشمندانہ فیصلہ فی الفور واپس لے

مزدور اتحاد کا بنیادی مقصد پاکستان ریلوے کے تمام محنت کشوں کو ایک پلیٹ فارم پہ منظم اور متحد کر کے پاکستان ریلوے کی نجکاری کے خاتمہ کی جدوجہد کرنا ہے، پریس کانفرنس سے خطاب

لاہور (خبرنگار) مرکزی چیئرمین ریلوے پریم یونین پاکستان ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، مرکزی صدر ریل مزدور اتحاد پاکستان شیخ محمد انوار نے کہا ہے کہ ریل مزدور اتحاد نے پاکستان ریلوے میں تاریخ ساز جدوجہد کا آغاز کر دیا ہے۔ خیبر تا کراچی اور کوئٹہ تک چاروں صوبوں میں ریلوے کے محنت کش متحد اور منظم ہیں۔ حکومت عوام کی سستی سواری ریلوے کی نجکاری کا غیر دانشمندانہ فیصلہ فی الفور واپس لے۔ ریل کے محنت کش حقوق کے حصول کیلئے بے روزگار ہو کر بھوکا مرنے کی بجائے لڑ مرنے کو ترجیح دیں گے۔ ریل مزدور اتحاد کے مطالبات پہ ہمدردانہ غور نہ کیا گیا مزدور دشمن کاروائیاں جاری رہیں تو پھر ریل کے پہیے کو رواں دواں رکھنا ممکن نہیں رہے گا۔ ہمارے حکومت سے مطالبات ہیں کہ ریلوے کی مجوزہ نجکاری کا خاتمے کے فیصلے کو واپس لیا جائے۔ نئی پنشن اصلاحات کا خاتمہ کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

ریل مزدور اتحا
ریل کی نجکاری نامنظور

لاہور: مرکزی چیئرمین ریلوے پریم یونین پاکستان ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ ریلوے کی نجکاری کیخلاف سی بی اے یونینز سمیت تمام رجسٹرڈ ٹریڈ یونینز پر مشتمل ریل مزدور اتحاد کی جانب سے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

حکمرانوں کے نمائشی منصوبوں سے عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا' محمد حسین

اقتدار پر قابض حکمرانوں کی ساری توجہ عوام کو ریلیف دینے کی بجائے مخالفین کی کردار کشی پر مرکوز ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ حکمرانوں کے نمائشی منصوبوں سے عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا، سرکاری ہسپتالوں میں مریض نوحہ کناں ہیں، مہنگائی میں کمی کے حکومتی دعوے صرف میڈیا بیانات ہیں، اقتدار پر قابض حکمرانوں کی ساری توجہ عوام کو ریلیف دینے کی بجائے مخالفین کی کردار کشی پر مرکوز ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی کے قائدین ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں جو ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے بڑے بڑے دعوے کر کے عوام کو بیوقوف بنانے کی کوششیں کر چکے ہیں اب ایک بار پھر اقتدار پر مسلط ہو کر یہ ملکی سلامتی و ترقی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر48)

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بارڈ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کی جانب سے خواجہ سرا کمیونٹی کیساتھ آگاہی سیشن کا انعقاد

سیشن کا بنیادی مقصد کمیونٹی کو ووٹ کی اہمیت، رجسٹریشن کے مسائل کو حل کرنا تھا

خانیوال (خبرنگار) خانیوال میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کی جانب سے خواجہ سرا کمیونٹی کے ساتھ ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد خواجہ سرا کمیونٹی کو ووٹ کی اہمیت سے آگاہ کرنا اور ان کے ووٹر رجسٹریشن کے مسائل کو حل کرنا تھا۔ اس سیشن میں خواجہ سرا کمیونٹی کے نمائندوں نے شرکت کی اور اپنے مسائل کو تفصیل سے بیان کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کی جانب سے خواجہ سرا کمیونٹی کے ساتھ آگاہی سیشن کا انعقاد کے موقع پر گروپ فوٹو

سرگودھا: 16 سالہ لڑکی گن پوائنٹ پر اغواء، 3 روز تک زیادتی

لڑکی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں 16 سالہ لڑکی کو اسکول سے چھٹی کے بعد گن پوائنٹ پر اغواء کر لیا گیا اور 3 روز تک زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ 21 فروری کو اغواء ہونے والی لڑکی 24 فروری کو ملزمان کے چنگل سے فرار ہو کر گھر پہنچی۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے زیادتی کے دوران لڑکی کو تشدد کا نشانہ بھی بنایا، میڈیکل میں لڑکی سے زیادتی ثابت ہو گئی ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر68)

قرآن وسنت کے نفاذ سے ہی امن، استحکام ہوگا' قاری اعظم حسین

اللہ کے رسول ﷺ، صحابہؓ اور اہل بیتؓ نے جو نظام عملی طور پر پیش کیا وہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر46)

لودھراں' شوہر کے ہاتھوں بیوی کا مبینہ قتل،، مقدمہ درج

بیوی نے زمین بیچ کر 14 لاکھ شوہر کو دیے تھے، پیسے واپس مانگنے پر شوہر نے تشدد کیا' پولیس

لودھراں (این این آئی) لودھراں کے علاقے کمال پور جتیال میں شوہر نے بیوی کو مبینہ طور پر قتل کر دیا، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق بیوی نے زمین بیچ کر 14 لاکھ شوہر کو دیے تھے، پیسے واپس مانگنے پر شوہر نے تشدد کیا۔ خاتون کے ورثاء نے الزام لگایا ہے کہ ملزم نے تشدد کے بعد اپنی بیوی کو زہریلی چیز پلا کر قتل کیا ہے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ انہوں ملزم کو گرفتار کر کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر53)

سی سی پی او کی ہدایت پر پولیس ملازمین کے خاندانوں میں گروپ انشورنس کے چیک تقسیم

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں پولیس ملازمین کے خاندانوں میں گروپ انشورنس کے چیک تقسیم کیے گئے۔ ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور نے ریٹائرڈ اور دوران سروس وفات پانے والے پولیس ملازمین کے 18 خاندانوں میں گروپ انشورنس کی مد میں 37 لاکھ 13 ہزار روپے سے زائد مالیت کے چیک تقسیم کیے۔ گروپ انشورنس کے چیک وصول کرنے والوں میں ایس آئی اعجاز احمد، اے ایس آئی عابد حسین، طارق حسین، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر52)

سرگودھا،16 سالہ مقتول طالب علم کو آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں گلا کاٹ کر قتل ہونے والے مقتول 16 سالہ کالج طالب علم کو آہوں اور سسکیوں میں سپرد خاک کر دیا گیا جس کے قتل کا مقدمہ پولیس نے درج کر لیا جس میں ملوث ملزم پولیس مقابلہ میں مارا گیا جس کے قبضہ سے اسلحہ برآمد کر کے نعش پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر کے پولیس اس کے قاتل ساتھیوں کی تلاش میں مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر55)

مثبت صحافت ایک صاف اور شفاف آئینے کے مترادف ہے، ملک محمد افضل

بہترین معاشرے کی تشکیل اور ترقی میں صحافی ایک کلیدی کردار ادا کرتا ہے، صحافیوں سے گفتگو

ننکانہ صاحب (این این آئی) مقامی گورنمنٹ علامہ اقبال ماڈل ہائی سکول کے پرنسپل ملک محمد افضل نے یونین آف جرنلسٹس کے نومنتخب صدر شبیر حسین ناز کو مبارکباد دی اور گلدستہ پیش کیا، اس موقعہ پر سینئر صحافی عابد بشیر ڈار، افضال افضل ملک، عنابیہ افضال ملک اور شہباز مرزا بھی موجود تھے، ملک محمد افضل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مثبت صحافت ایک صاف اور شفاف آئینے کے مترادف ہے، اچھے صحافی کی ذمہ داری ہے کہ اسے معاشرتی برائیوں، اپنے ذاتی مفاد یا لالچ جیسے بدنما داغ اور ہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر56)

نارووال: نواحی گاؤں میں خواتین فیلڈ ہسپتال میں طبی معائنہ کے لئے بیٹھی ہیں

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب کی تینوں تحصیلوں میں رمضان سہولت بازار فعال

ننکانہ صاحب (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب کی تینوں تحصیلوں میں رمضان سہولت بازار فعال کر دیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر را نے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ننکانہ سٹی میں قائم کیے جانے والے رمضان سہولت بازار کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر66)

فیصل آباد، منشیات فروش گرفتار 10.8 کلوگرام چرس برآمد

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے منشیات فروش کو گرفتار کر کے 10.8 کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ آرگنائزڈ کرائم یونٹ اقبال ٹاؤن نے کارروائی کر کے منشیات فروش وسیم مسیح کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 10 کلو 800 گرام چرس برآمد کر لی گئی۔ تھانہ سمن آباد میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ملزم سے بیک ٹریک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر69)

فیصل آباد میں نوسر بازوں نے سولر سسٹم لگوانے کا جھانسہ دیکر سادہ لوح شہری سے ساڑھے گیارہ لاکھ روپے ہتھیا لئے

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد نوسربازوں نے سولر سسٹم لگوانے کا جھانسہ دیکر سادہ لوح شہری سے ساڑھے گیارہ لاکھ روپے ہتھیا لئے ڈی ٹائپ کالونی پولیس نے امانت میں خیانت کا مظاہرہ کرنے والے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق نیو عاصم ٹاؤن کے رہائشی لیاقت علی نے پولیس رپورٹ میں بتایا کہ اس نے گھر میں سولر سسٹم نصب کروانے کیلئے ملزمان اسلم وغیرہ سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر62)

قدرتی وسائل سے مالا مال ملک کو حکمرانوں نے بھکاری بنا دیا' جے یو آئی

جھوٹے حکومتی دعوؤں سے عوام بہل نہیں سکتے، غریب پاکستانیوں کو عملی ریلیف کی اشد ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قدرتی وسائل سے مالا مال ملک کو حکمرانوں نے بھکاری بنا دیا، پاکستان ایک زرعی ملک ہے مگر ملک میں اشیائے خورد ونوش کے نرخ آسمان سے باتیں کر رہے ہیں، جھوٹے حکومتی دعوؤں سے عوام بہل نہیں سکتے غریب پاکستانیوں کو عملی ریلیف کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نا اہل حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں نے قدرتی وسائل سے مالا مال وطن عزیز کے باسیوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول مشکل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر63)

کوئٹہ' منشیات اسمگلنگ کیخلاف کارروائیاں، 3 ملزمان گرفتار

منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے200 کلو چرس اور 2 کلو آئس برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 200 کلو چرس اور 2 کلو آئس برآمد کر لی اور 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ اے این ایف کے ترجمان کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے چکلاک بائی پاس پر باداموں کی 8 بوریوں میں چھپائی گئی 200 کلوگرام چرس برآمد کر لی گئی، کارروائی میں ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان اے این ایف نے بتایا کہ ایک اور کارروائی میں ایئرپورٹ روڈ کے قریب 2 ملزمان سے 2 کلوگرام آئس برآمد کر لی گئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر57)

مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کے چیئرمین کے بھائی سید مختار النبی انتقال کر گئے

مرحوم کی نماز جنازہ وٹفورڈ میں ادا کی گئی، علمائے کرام، عزیز واقارب، دوست احباب کی شرکت

لاہور (این این آئی) فلاحی ادارہ مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کے چیئرمین سید لخت حسنین کے بڑے بھائی سید مختار النبی لندن میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ وٹفورڈ میں ادا کی گئی جس کے بعد انہیں وٹفورڈ کے مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں علمائے اکرام، عزیز واقارب سمیت دوست احباب نے شرکت کی۔ لاہور لندن بزنس چیمبر کے بانی چیئرمین آصف سلیم مٹھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر65)


پاکستانی کرکٹ ٹیم کی سرجری کسی ماہر محب وطن سرجن سے کروائیں
سلیکٹرو؟ خدا کا خوف کرو پاکستان ٹیلنٹ کو ضائع ہونے سے بچاؤ
برگر سفارشی کرکٹ ٹیم مردہ باد سلیکٹرز مردہ باد
ہار جیت کھیل کا حصہ ہوتی ہیں غیرت نام کی بھی کوئی چیز ہوتی ہے
کرکٹ بورڈ کا احتساب کرو کرکٹ ٹیم کا نہیں

لاہور: وکلاء و سول سوسائٹی کے اراکین چیمپیئنز ٹرافی میں قومی کرکٹ ٹیم کی ناقص کارکردگی کیخلاف احتجاج کررہے ہیں

اقتدار کی طاقت میں لوگ اندھے ہو جاتے ہیں، لیاقت بلوچ

بنیادی حقوق چھین لئے جائیں تو لوگ دوسرا راستہ اختیار کرتے ہیں، وفاق صوبوں کی بات نہ سنے تو اس سے بڑے خطرات لاحق ہوتے ہیں

ہمیں ماضی کی غلطیوں کو دہرانے کی بجائے قومی ایجنڈے پر اتفاق کرنا چاہیے، اپوزیشن جماعتوں کی قومی کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ اقتدار کی طاقت میں لوگ اندھے اور بہرے ہو جاتے ہیں، ہر قسم کی رکاوٹیں لگا دی جاتی ہیں۔ اسلام آباد میں اپوزیشن جماعتوں کی کانفرنس سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ فیڈریشن کو خطرات لاحق ہیں، شدید ترین الفاظ میں آزادی اظہار رائے پر رکاوٹ بننے کی مذمت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی حقوق چھین لئے جائیں تو لوگ دوسرا راستہ اختیار کرتے ہیں، وفاق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر34)

فیصل آباد کے ٹیکسٹائل برآمد کنندگان کو روانڈا میں اپنے یونٹ قائم کرنے چاہئیں، ہائی کمشنر

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں جمہوریہ روانڈا کی ہائی کمشنر محترمہ ہیریمانا فاتو نے کہا ہے کہ چھوٹا افریقی ملک ہونے کے باوجود ہائی گروتھ، امن وامان، سیکورٹی اور پالیسیوں کے تسلسل کی وجہ سے یہ سرمایہ کاری کیلئے بہترین ملک ہے جس کے ذریعے مشرقی افریقہ کی بڑی اور مشترکہ مارکیٹ تک رسائی بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔ آج فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر37)

رائے ونڈ: اسسٹنٹ کمشنر ذوہیب ممتاز رمضان بازار میں اجناس کی قیمت و معیار چیک کررہے ہیں

اکبری منڈی کے علاقے میں ہونے والی 23 لاکھ کی ڈکیتی کا ڈراپ سین

پولیس نے ملزم کو ٹریس کر کے فیاض نامی شہری سے لوٹی ہوئی رقم برآمد کرلی

لاہور (این این آئی) اکبری منڈی کے علاقے میں ہونے والی 23 لاکھ کی ڈکیتی کا ڈراپ سین ہو گیا، پولیس نے ملزم کو ٹریس کر کے شہری کی لوٹی ہوئی رقم برآمد کر لی۔ ملزم نے اسلحہ کے زور پر فیاض نامی شہری سے 23 لاکھ روپے لوٹ لیے تھے، رقم چھیننے کی اطلاع پر ایس پی سٹی ڈویژن نے نوٹس لیا۔ ایس پی سٹی ڈویژن قاضی علی رضا نے ملزم کی گرفتاری کا حکم دیا تھا جس پر ایس ایچ او (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر38)

اسکول یونیفارم کا ناپ دلانے کے بہانے اغوا کیا گیا کمسن لڑکا بازیاب

ملزم بچے کا پڑوسی ہے اور اس کے گھر آنا جانا تھا، پولیس، ملزم کو گرفتار کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایک ہفتے قبل اسکول سے یونیفارم کا ناپ دلانے کے بہانے اغوا کیے گئے کمسن لڑکے کو بازیاب کروا کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ سہراب گوٹھ انویسٹی گیشن پولیس کے مطابق لاسی گوٹھ اسکیم 33 میں قائم نجی اسکول سے 7 روز قبل اغوا کیے گئے 5 سالہ عبدالسبحان کو بازیاب کر کے ملزم عامر کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم نے اپنے ویڈیو بیان میں اعتراف جرم کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر40)

گلگت' تیز رفتار کار کی ٹکر سے 3 طالبات جاں بحق، ایک زخمی

زخمی بچیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں تین زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسیں

گلگت (این این آئی) تیز رفتار کار کی ٹکر سے 3 طالبات جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق گلگت میں بسین تھانے کے قریب سکول کی بچیاں سڑک کراس کر رہی تھیں کہ تیز رفتار گاڑی کی زد میں آ گئیں، زخمی بچیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں تین زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حادثے کے بعد مشتعل افراد نے گاڑی کو آگ لگا دی، بچیوں کا تعلق ایک ہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر41)

پنجاب حکومت رواں برس 50 ہزار اقلیتی افراد کو مائنارٹی کارڈ دیگی، صوبائی وزیر اقلیتی امور

مکوآنہ (این این آئی) خوشحالی فیلوشپ پروگرام برائے مائنارٹیز کے زیر اہتمام گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں تقریب صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا کم آمدن مسیحی کمیونٹی کی پائیدار ترقی کے اہداف پر خطاب کیا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اقلیتی برادری کی زندگی میں آسانی کیلئے اقدامات کر رہی ہیں اقلیتی بچوں کیلئے بہت جلد ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام شروع کیا جارہا ہے ڈیجیٹل ای لرننگ پروگرام کے ذریعے باعزت روزگار کے مواقع میسر ہونگے پنجاب حکومت رواں برس 50 ہزار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر39)

فیصل آباد اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 4 خواتین اور 2 نوجوانوں کو اغواء کرلیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 4 خواتین اور 2 نوجوانوں کو اغواء کر لیا۔ پولیس نے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق غلام محمد آباد کے علاقہ جٹاں والا چوک کے رہائشی محمود نے بتایا کہ اسکی بیٹی (ع) گھر سے سہیلی کو ملنے گئی، رضا آباد کے علاقہ کھوکھر ٹاؤن کی رہائشی شمع بی بی نے بتایا کہ اسکی بیٹی (س) گھر سے دوا لینے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر42)

لاہور: نجف سے عراقی علماء کرام کا جامعہ نعیمیہ کے دورے کے موقع پر چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب نعیمی کے ساتھ گروپ فوٹو

لاہور: پاکستان میں ڈنمارک کے سفیر کو پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس آمد پر ڈائریکٹر انٹرنیشنل آفس ڈاکٹر سعدیہ پھولوں کا گلدستہ پیش کررہی ہیں

صوبائی وزیر نے 2650 اقلیتی خاندانوں کو مینارٹی کارڈز تقسیم کئے

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی ضلع ننکانہ صاحب میں تقسیم مینارٹی کارڈز تقریب میں شرکت

ننکانہ صاحب (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب میں اقلیتی برادری کو مینارٹی کارڈز کی تقسیم کے لیے ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے خصوصی شرکت کی جبکہ ممبر صوبائی اسمبلی آغا علی حیدر خان، ضلعی افسران، علمائے کرام، سکھ، ہندو اور مسیحی برادری کے افراد کی بڑی تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ویژن اقلیتی برادری کے حقوق کا مکمل تحفظ ہے۔ اس پروگرام کے تحت ننکانہ صاحب کے 2650 اقلیتی خاندانوں کو مینارٹی کارڈز فراہم کیے جا رہے ہیں، جس سے مستحق گھرانوں کو ہر تین ماہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر35)

مختلف اضلاع میں دس کلو آٹے کے تھیلے پر 20 سے 85 روپے ریلیف

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں آٹے اور چینی کے نرخوں میں واضح ریلیف جاری ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں آٹے اور چینی کے نرخوں میں واضح ریلیف جاری ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی شعیب خان جدون کے مطابق لاہور، گوجرانوالہ، گجرات اور راولپنڈی کے اضلاع میں 10 کلو آٹا تھیلوں پر 25 سے 75 روپے تک ریلیف فراہم کیا جارہا ہے، فیصل آباد، سرگودھا اور ساہیوال ڈویژن کے اضلاع میں 20 سے 80 روپے تک فی 10 کلو تھیلا رعایت دی جارہی ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان کے اضلاع میں 30 سے 85 روپے 10 کلو تھیلے میں ریلیف دیا جارہا ہے۔ حکومتی ریلیف بازاروں میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر36)

لاہور: گورنمنٹ گریجویٹ کالج وحدت روڈ میں سالانہ سپورٹس ڈے کے موقع پر طالبات کا پرنسپل کے ہمراہ گروپ فوٹو

برطانیہ سے بھیجے گئے پارسل سے ایک کلو سے زائد ویڈ برآمد، 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ میں بادام کی 8 بوریوں میں چھپائی گئی 200 کلو چرس برآمد کرلی گئی، اے این ایف

لاہور (این این آئی) لاہور میں برطانیہ سے بھیجے گئے پارسل سے 1.1 کلو ویڈ برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق مختلف شہروں میں منشیات کے خلاف کارروائیوں میں ایک کروڑ 71 لاکھ روپے مالیت کی 205 کلو سے زائد منشیات برآمد کی گئیں جبکہ 6 منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا۔ کارخانو مارکیٹ حیات آباد پشاور میں خاتون کے قبضے سے 2.4 کلو چرس برآمد ہوئی۔ لاہور میں کوریئر آفس میں برطانیہ سے بھیجے گئے پارسل سے 1.1 کلو ویڈ برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ چکلاک بائی پاس روڈ کوئٹہ کے قریب باداموں کی 8 بوریوں میں چھپائی گئی 200 کلوگرام چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ کے قریب 2 ملزمان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر43)

ریلویز پولیس بھرتی' امتحان میں شامل ہونے والا امیدوار جعلساز سمیت گرفتار

ملزم اصل امیدوار کی جگہ کانسٹیبل کے فزیکل امتحان (دوڑ) میں شریک ہونے کے لیے ٹیسٹ سینٹر پہنچا تھا

لاہور (این این آئی) ریلویز پولیس ٹریننگ اسکول والٹن میں بھرتی کے لیے فزیکل امتحان میں شامل ہونے والے جعلساز کو اصل امیدوار سمیت گرفتار کر لیا۔ ترجمان ریلویز پولیس کے مطابق ملزم خضر اصل امیدوار احسن اقبال کی جگہ کانسٹیبل کے فزیکل امتحان (دوڑ) میں شریک ہونے کے لیے ٹیسٹ سینٹر پہنچا، دوڑ مکمل ہونے کے بعد ڈی آئی جی آپریشنز عبدالرب چوہدری کی نگرانی میں کمیٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر44)

قتل کے مقدمے میں مطلوب خطرناک اشتہاری ملزم سعودی عرب سے گرفتار

ملزم کو سعودی عرب سے گرفتار کر کے اسلام آباد ایئرپورٹ منتقل کر دیا گیا، کے پی پولیس کو مطلوب تھا

اسلام آباد (این این آئی) 7 سال سے قتل کے مقدمے میں مطلوب خطرناک اشتہاری ملزم سعودی عرب سے گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ایف آئی اے کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 7 سال سے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم سعودی عرب سے گرفتار کیا، گرفتار ملزم کی شناخت بسم اللہ کے نام سے ہوئی۔ بیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر45)

خوف و ہراس کی علامت سمجھے جانے والے دو خطرناک اشتہاری گرفتار

مجرمان اشتہاری عارف بلہڑں عاطف عرف ڈولو بلہڑ کو گرفتار کیا گیا' ڈی پی او بلال ظفر شیخ

شرقپور شریف (این این آئی) علاقہ میں خوف وہراس کی علامت سمجھے جانے والے دو خطرناک اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کے مطابق تھانہ شرقپور پولیس نے مجرمان اشتہاری عارف بلہڑ اور عاطف عرف ڈولو بلہڑ کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر58)

پنجاب' 15 سو لیٹر دودھ، غیر معیاری آئل، مضرِ صحت گوشت تلف

کارروائیوں کے بعد مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب

سرگودھا (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے صوبے کے مختلف اضلاع میں کارروائیوں کے بعد 15 سو لیٹر ملاوٹی دودھ، غیر معیاری آئل اور مضرِ صحت گوشت تلف کر دیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی نے سرگودھا کے قصبے بچیاں کلاں اور جلپانہ میں کارروائیاں کیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر60)

27 فروری کو پاک فوج نے بھارتی طیارا مار گرا کر دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا تھا، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے کہا ہے کہ 27 فروری کا تاریخ ساز دن ہمیشہ یاد رکھا جائیگا۔ 27 فروری کو پاک فوج نے ہندوستان کے طیارا مار گرا کر دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا تھا۔ آپریشن "سوئفٹ ریٹارٹ" کو چھ سال مکمل ہو گئے بھارتی طیارے گرانے کے چھ سال مکمل ہونے پر پاک فوج کی اس کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ پاک فوج دشمن کی جارحیت کا مقابلہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر59)

عبدالستار ایدھی کا 96 واں یوم پیدائش (آج) 28 فروری کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ سماجی رہنماء عبدالستار ایدھی کا 96 واں یوم پیدائش (آج) 28 فروری کو منایا جائے گا وہ اٹھائیس فروری 1928ء کو بھارت میں پیدا ہوئے تھے عبدالستار ایدھی کے یوم پیدائش کے سلسلہ میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں ان کی گرانقدر خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا جائیگا۔ انسانی خدمت کے کام کو انہوں نے اتنی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر61)

لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی اور ڈائریکٹر جنرل نیشنل کمیشن دستاویزات کا تبادلہ کررہے ہیں

پیکا ترمیمی ایکٹ کے تحت مقدمات حکومتی فسطائیت ہے، جاوید قصوری

ترامیم، آزاد میڈیا کو خاموش کرنے اور اظہار رائے کی آزادی کو محدود کرنے کے مترادف ہے' امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

آزادی اظہار رائے پر قدغن قبول نہیں، پیکا ایکٹ، آئین پاکستان میں دی گئی شخصی آزادی سے متصادم ہے: بیان

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا کہ پیکا ترمیمی ایکٹ کے تحت مقدمات حکومتی فسطائیت ہے، آزادی اظہار رائے پر قدغن قبول نہیں، پیکا ایکٹ، آئین پاکستان میں دی گئی شخصی آزادی سے متصادم ہے حکمران حد سے تجاوز کرتے ہوئے اپنے لئے خود ہی مسائل پیدا کر رہے ہیں، جماعت اسلامی صحافی برادری کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بدقسمتی کی بات ہے کہ حکومت نے مذکورہ بل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر64)

لاہور: صوبائی دارالحکومت میں بارش کے دوران مال روڈ پر ٹریفک رواں دواں ہے

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور